رجسٹرڈ بی سی نمبر 12 | قیمت 10 روپے
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیرالاشاعت روزنامہ | A.B.C Certified | MEMBER OF APNS
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | جمعہ 26 ربیع الثانی 1448ھ | 09 اکتوبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 87

آئی ایم ایف سے اسٹاف لیول معاہدہ، 1.21 ارب ڈالر کی منظوری کی راہ ہموار

فیول اسکیم مستحقین تک محدود ہو

آئی ایم ایف کا وسیع پیمانے پر

فیول اسکیم فوری ختم کرنے کا مطالبہ

پاکستان کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدے کے بعد اب پاکستان کو 1.21 ارب ڈالر مل جائیں گے، آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ 1.21 ارب ڈالر فراہم کرنے کی منظوری دے گا

ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری کے بعد پاکستان کو موجودہ ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی پروگرام کے تحت ایک ارب ڈالر، ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی کے تحت تقریباً 21 کروڑ ڈالر جاری کئے جائیں گے، عالمی مالیاتی ادارہ

اسلام آباد (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کے ساتھ اقتصادی جائزہ مذاکرات کا اعلامیہ جاری (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر) اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان اقتصادی جائزہ مذاکرات کامیابی سے مکمل (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

پی ٹی آئی کا لانگ مارچ: مولانا فضل الرحمٰن متحرک ہوگئے

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

اپوزیشن اتحاد کی حکومت سے مذاکرات سے متعلق اجلاس بلانے کی تردید

حکومت یا مولانا فضل الرحمان کی جانب سے مذاکرات پر کوئی رابطہ نہیں ہوا، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن رہنماؤں نے حکومت سے مذاکرات سے متعلق کوئی اجلاس بلانے کی تردید کردی۔ نجی ٹی وی سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

اپوزیشن قائدین کا مذاکرات کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات مشروط کرنے پر اتفاق، ذرائع

محمود خان اچکزئی کا علامہ ناصر عباس سے رابطہ، آل پارٹیز کانفرنس پر مشاورت، مذاکرات سے متعلق حکمت عملی پر گفتگو

میرا مولانا فضل الرحمان سے کوئی رابطہ نہیں ہوا، بیرسٹر گوہر نے جمعیت علما اسلام کے سربراہ سے رابطے کی تردید کردی

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن قائدین نے مذاکرات کو بانی پاکستان تحریک انصاف سے ملاقات سے مشروط کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ سے سینیٹ میں قائد حزب اختلاف علامہ ناصر عباس سے ٹیلیفونک (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی سے مذاکرات کا عندیہ، مولانا فضل الرحمان کا وزیراعظم سے جلد رابطے کا امکان

حکومت کی مذاکراتی ٹیم نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کردی

محمود خان اچکزئی کا علامہ راجا ناصر عباس سے ٹیلی فون پر رابطہ، مذاکرات سمیت آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے مشاورت کی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا فضل الرحمٰن نے پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات کا عندیہ دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا فضل الرحمان نے پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کا عندیہ دے دیا ہے۔ قبل (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

اسحاق ڈار سے بحرین کے وزیر خارجہ کی ملاقات

دونوں رہنماؤں کا دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے جمعرات کو یہاں وزارت خارجہ (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی خواتین کو سرٹیفکیٹس دینے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

نوجوانوں کو ریاست کے ساتھ دوبارہ جوڑنا اصل چیلنج ہے، عملی اقدامات ناگزیر ہیں — نوجوان تشدد کے بجائے ترقی کا راستہ اختیار کریں، ہر ممکن تعاون کرینگے: وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومت کا مقصد صرف نوجوانوں کو تربیت دے کر سرٹیفکیٹ دینا نہیں بلکہ انہیں اپنے پیروں پر کھڑا کرنا ہے، ہنر سیکھنے والے نوجوانوں کو سازگار ماحول، بلاسود قرضے، کاروباری معاونت اور مسلسل رہنمائی فراہم کرینگے

بلوچستان کی بچیوں کو تشدد کی طرف لے جانے، انہیں خودکش جیکٹس پہنانے اور ریاست مخالف سرگرمیوں کے لیے استعمال کرنے کی کوششیں معاشرے کی روایات سے مطابقت نہیں رکھتی ہیں، میر سرفراز بگٹی کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان موجود خلیج کو تعلیم، ہنرمندی، روزگار، میرٹ اور بامعنی مکالمے کے ذریعے ختم کیا جائے گا۔ حکومت نوجوانوں کو غیر قانونی سرگرمیوں کے بجائے قانونی معیشت کا حصہ بننے کے لیے مواقع، وسائل اور رہنمائی فراہم کر رہی ہے حکومت کا مقصد صرف نوجوانوں کو تربیت دے کر سرٹیفکیٹ دینا نہیں بلکہ انہیں اپنے پیروں پر کھڑا کرنا ہے، حکومت بلوچستان ہنر سیکھنے والے نوجوانوں کو سازگار ماحول، بلاسود قرضے، کاروباری معاونت اور مسلسل رہنمائی فراہم کرے گی تاکہ وہ اپنے علاقوں میں یا ملک کے کسی بھی حصے میں باعزت کاروبار شروع کرسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ کوئٹہ میں محکمہ صنعت و تجارت حکومت بلوچستان اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان کے فنڈ ز ریلیینس، انٹیگریشن اینڈ سوشیو اکنامک ایمپاورمنٹ پروگرام کے تحت ضلع کیچ، گوادر، پنجگور اور خاران سے تعلق رکھنے والے فنی و پیشہ ورانہ تعلیم کے تربیت یافتہ گریجویٹس میں اسناد تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے تقریب میں تربیت مکمل کرنے والی خواتین اور طالبات میں اسناد بھی تقسیم کیں۔ اس (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

ملک میں بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کردی گئی، نوٹیفکیشن جاری

اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کردی گئی۔ نیپرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی اگست کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت ایک ماہ کیلئے مہنگی کی گئی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین سے اضافہ اکتوبر کے بلوں میں وصول ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا (بقیہ نمبر 45 صفحہ 6 پر)

پاکستان اور بحرین کا تجارت سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

آزاد تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے کے عزم کا اظہار، اسحٰق ڈار کا فلسطینی عوام اور ان کے ناقابل تنسیخ حقوق کے لیے اپنی اصولی حمایت کا اعادہ

ممالک کی توجہ اپنے مضبوط تعلقات کو مزید عملی نتائج میں تبدیل کرنے اور مستقبل میں تعاون کے مزید مواقع تلاش کرنے پر ہے، بحرینی وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بحرین نے تجارت و سرمایہ کاری، صنعتی تعاون، زراعت و غذائی تحفظ، ہنرمندی، اعلیٰ تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، لاجسٹکس اور بحری امور سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کرتے ہوئے خلیج تعاون کونسل اور پاکستان کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے کے عزم کا بھی اظہار کیا ہے جبکہ نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار نے فلسطینی عوام اور ان کے ناقابل تنسیخ حقوق کے لیے اپنی اصولی حمایت کا اعادہ اور غیر قانونی بستیوں کی مسلسل توسیع اور القدس الشریف کی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششوں (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

پاکستان نے حوثیوں کے خلاف پاک فضائیہ کے استعمال کی خبر کو جھوٹ قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے جاری کردہ فیکٹ چیک کے مطابق حوثیوں کے خلاف پاک فضائیہ کے استعمال سے متعلق نیویارک (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر)

190 ملین پاؤنڈ کیس، بشریٰ بی بی کی ضمانت کا کیس وفاقی آئینی عدالت میں سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے بشریٰ بی بی کی ضمانت سے متعلق کیس سماعت کے لیے مقرر کردیا۔ تفصیلات کے مطابق جسٹس امین الدین خان اور جسٹس (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

دنیا کے امن کیلئے پاکستان کردار قابل ستائش ہے، انتونیو گوتریس

پاکستان اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اپنا بھرپور کردار جاری رکھے گا

پاکستان کی اقوام متحدہ کے امن مشنز میں شرکت ہمیشہ نمایاں رہی ہے، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ

افغانستان میں اس وقت 25 دہشتگرد تنظیمیں کام کررہی ہیں، جو دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چودھری نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران عالمی و علاقائی صورتحال اور امن مشنز کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان دہشتگردی کے خلاف عالمی جنگ لڑ رہا ہے، افغانستان میں اس وقت 25 دہشتگرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں، جو دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

گورنر راج یا ایمرجنسی، خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت کے حوالے سے اہم فیصلے کرلئے گئے

گورنر خیبر پختونخوا سمیت چیف سیکریٹری اور آئی جی کو اہم ہدایات دے دی گئیں، ذرائع کے انکشافات

اسپیکر کی قیادت میں رانا ثنا اللہ اور طارق فضل نے صورتحال کی سنگینی سے آگاہ کیا، وفاق جلد اہم فیصلوں پر عمل درآمد شروع کردے گا

اسلام آباد (آن لائن) گورنر راج یا ایمرجنسی، خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت کے حوالے سے اہم فیصلے کرلئے گئے۔ گورنر خیبر پختونخوا سمیت چیف سیکریٹری اور آئی جی کو اہم ہدایات دے دی گئیں۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا کی موجودہ صورتحال کے معاملے پر حکومت کی حتمی مشاورت فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہوگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق صدر اور وزیراعظم کے درمیان مسلسل مشاورت کا عمل جاری ہے جبکہ دونوں (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر خالد مگسی کی ملاقات

وزارت سائنس و ٹیکنالوجی اور بلوچستان سے متعلق امور پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی کی ملاقات جس میں وزارت سائنس و ٹیکنالوجی اور بلوچستان سے متعلق امور پر گفتگو کی گئی۔

بھارت پاکستان میں دہشت گردی کیلئے طالبان کی مدد کررہا ہے، جواد اجمل

نیویارک (این این آئی) پاکستان مستقل مشن کے قونصلر محمد جواد اجمل نے کہا ہے کہ انسانی ہمدردی کی امداد کی آڑ میں بھارت طالبان حکومت کو پاکستان کے خلاف دہشت گرد حملوں کیلئے مادی اور لاجسٹک معاونت فراہم کر رہا ہے۔ پاکستان مستقل مشن کے قونصلر محمد جواد اجمل نے یہ بات بھارتی نمائندے کے ریمارکس پر ردعمل میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت افغانستان (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف "ڈیجیٹل نیشن پاکستان" اقدام کے نفاذ سے متعلق پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

استعمال شدہ گاڑیوں سے متعلق امور کو نئی آٹو پالیسی میں شامل کرنے کا فیصلہ

ریگولیشنز میں نرمی کے بعد استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافہ ہوا ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے استعمال شدہ گاڑیوں سے متعلق امور کو نئی آٹو پالیسی میں شامل کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ریگولیشنز میں نرمی کے بعد استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیراعظم کی زیر صدارت استعمال (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر)

بھارتی فوج اور گودی میڈیا کا پاکستان مخالف گمراہ کن پروپیگنڈا بھارت میں بھی ناکام

اسلام آباد/نئی دہلی (این این آئی) مودی کی ایما پر سیاست زدہ بھارتی فوج اور گودی میڈیا کا پاکستان مخالف گمراہ کن پروپیگنڈا بھارت میں بھی ناکام ہوگیا۔ بھارتی تجزیہ کاروں نے مودی کے فالس فلیگ آپریشن میں پاک فوج کے اہلکار کو شہید کرنے کے گمراہ کن دعویٰ مسترد کردیا، سینئر بھارتی صحافی اور دی پرنپل انڈیا کے ایڈیٹر نے ڈرامہ کو اجاگر کرتے ہوئے بھارتی ڈرامے کو بے نقاب کرتے (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری سے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی آئینی عدالت، وزیراعلیٰ کے پی کو نااہل قرار دینے کی درخواست سماعت کے لیے مقرر

شیر افضل مروت نے سہیل آفریدی کو وزیراعلیٰ بنانے کا اقدام چیلنج کیا ہواہے، رپورٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو نااہل قرار دینے کی درخواست سماعت کے لیے مقرر کردی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے کیس 15 اکتوبر کو سماعت کے لیے مقرر کیا ہے، چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں بینچ سماعت کرے گا۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی کے سابق رہنما ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر)

شمالی وزیرستان میں آپریشن، فتنہ الخوارج کے 4 کمانڈرز سمیت 9 دہشتگرد ہلاک

فتنہ الخوارج کے ہلاک اہم دہشت گرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل

فورسز کی موثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) سیکورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیوں کے دوران چار فتنہ الخوارج کے چار کمانڈرز سمیت نو دہشتگرد مارے گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرکے فتنہ الخوارج کے 4 اہم دہشتگرد کمانڈرز سمیت 9 خوارج جہنم واصل کردیئے۔ سیکورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے (بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر)

دباؤ میں آکر پی ٹی آئی کو ریلیف نہیں دیں گے، پوا پریشر گروپ بھول جائیں کہ گن پوائنٹ پر اپنے مطالبات منوائیں گے، خواجہ آصف

مذاکرات کی ٹیبل پر بیٹھ کر واپس گھر جائیں، خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کی حمایت اور فنانسنگ بند کریں

اگر یہ بلیک میلنگ کریں گے تو مستقبل میں بانی کیلئے کوئی ریلیف نظر نہیں آرہا، وزیر دفاع کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ دباؤ میں آکر پی ٹی آئی کو ریلیف نہیں دیں گے، اگر یہ بلیک میلنگ کریں گے تو مستقبل میں بانی کے لیے کوئی ریلیف نظر نہیں آرہا۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ یہ پی ٹی آئی کی خوش فہمی ہے کہ لانگ مارچ کرکے حکومت کو بلیک میل کرسکے گی، مذاکرات کی ٹیبل پر بیٹھ کر واپس گھر جائیں، خیبر (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی "رائز بلوچستان" کی تقریب میں صوبائی وزیر میر ضیاء لانگو کو شیلڈ دے رہے ہیں

پشاور ہائیکورٹ، لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کا استعمال، وزیراعلیٰ کے پی سے جواب طلب

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی جانب سے پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں ہیلی کاپٹر اور سرکاری وسائل استعمال کرنے کے خلاف دائر (بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر)

مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن حملے کی تحقیقات کیلئے قائم تحقیقاتی کمیشن کی سماعت

شہدا معاوضہ پیکیج میں اضافے کی سمری ارسال کرنے سے متعلق تحقیقاتی کمیشن کو آگاہ کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) زیارت میں مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر ہونے والے دہشت گردی کے حملے کی تحقیقات کے لیے قائم تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا نے کھلی عدالت میں سماعت کی۔ سماعت کے دوران مانگی ڈیم دہشت گرد حملے سے متعلق متعدد گواہ (بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر)

صدر مملکت جرمن سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

آصف علی زرداری کا پاکستان اور جرمنی کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور جرمنی کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بالخصوص تجارت و سرمایہ کاری، ترقیاتی تعاون، دفاع، ہنرمند افرادی قوت کی آمد ورفت اور کاروباری (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر)

آئی ایم ایف معاہدہ پاکستان کے معاشی استحکام اور ساکھ میں بہتری کا اعتراف ہے، خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف اور پاکستان کے درمیان توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) کے چوتھے اور ریزیلینس (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر)

کوہاٹ میں رات گئے زوردار دھماکا، پرزے گرنے سے گھر تباہ، مسجد کو نقصان

پرزے گرنے سے کئی گھروں کو بھی نقصان پہنچا، دھماکے کی نوعیت کا تعین نہیں ہوسکا

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) کوہاٹ کے گاں سپین بانڈہ کی حدود میں رات ڈھائی بجے زوردار دھماکے کی آواز سنی گئی، جس کی شدت اور آواز دور دور تک محسوس کی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ دھماکے کے بعد قریبی گھروں میں کچھ پرزے بھی گرے، دھماکے کے نتیجے میں مقامی (بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر)

دنیا کی تاریخ میں ڈیزل اتنا مہنگا کبھی نہیں ہوا، عوام کی تکلیف کا احساس ہے، وزیر پٹرولیم

پیٹرول کی جو قیمت بنتی ہے عوام کو شفاف انداز میں بتاتے ہیں، علی پرویز ملک کی قائمہ کمیٹی میں گفتگو

پیٹرولیم لیوی کے اہداف بجٹ میں مختص ہیں، ملٹی لیٹرل پارٹنر کے بغیر لیوی کے ہدف میں تبدیلی نہیں کرسکتے، ہم، بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ دنیا کی تاریخ میں ڈیزل اتنا مہنگا کبھی نہیں ہوا، عوام کی تکلیف کا احساس ہے۔ جمعرات کو مصطفیٰ محمود کی صدارت میں قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کا اجلاس ہوا، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے شرکت کی اور صورتحال پر (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر)

صدر مملکت آصف علی زرداری سے بحرینی وزیر خارجہ کی ملاقات — استحکام کے فروغ کیلئے تمام فریقین کیساتھ تعمیری روابط کے عزم کا اظہار

دونوں رہنماؤں کے درمیان خصوصی ملاقات ہوئی جس کے بعد وفود کی سطح پر مذاکرات ہوئے

پاکستان مضبوط دوطرفہ سیاسی تعلقات کو مزید گہرے تجارتی اور سرمایہ کاری روابط میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور بحرین کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور سکیورٹی تعاون مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان بحرین کے ساتھ اپنے تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، پاکستان اعتماد سازی، اختلافات کو کم کرنے اور خطے میں دیرپا امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے لئے تمام فریقین کے ساتھ تعمیری روابط کے عزم پر قائم ہے۔ ایوان (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر)

پاک فوج کا گلگت بلتستان میں اہم اقدام، استور سے سکردو تک 66 کلومیٹر روڈ ٹریک مکمل

نئے روڈ ٹریک کی تکمیل سے دونوں علاقوں کے درمیان طویل سفر کم ہوکر محض چند گھنٹوں کا رہ گیا ہے، رپورٹ

گلگت (این این آئی) پاک فوج نے گلگت بلتستان میں ایک اور اہم تعمیراتی منصوبہ مکمل کرتے ہوئے استور سے سکردو تک 66 کلومیٹر طویل دشوار گزار روڈ ٹریک کم عرصے میں تعمیر کرلیا۔ نئے روڈ ٹریک کی تکمیل سے دونوں علاقوں کے درمیان طویل سفر کم ہوکر محض چند (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

کرک میں پولیس پر فائرنگ سے ایس ایچ او گن مین سمیت شہید

کرک (این این آئی) کرک میں پولیس پر فائرنگ سے ایس ایچ او بانڈہ داؤد شاہ داؤد خان اور گن مین شہید ہوگیا۔ ڈی پی او کرک عمران خان کے مطابق تھانہ بانڈہ داؤد شاہ (بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر)

ایتھوپیا، روانڈا اور تاجکستان کے سفیروں کی وزیر دفاع سے ملاقات

ملاقات میں دفاع اور ہوابازی کے شعبوں میں تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر اور حسین اوبا، پاکستان میں روانڈا کی ہائی کمشنر ہریریمانا فاتو اور جمہوریہ تاجکستان کے سفیر برائے غیر معمولی و مکمل اختیارات یوسف شریف زودہ نے اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ان کے دفتر میں الگ (بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر)

این ایچ اے کو مانسہرہ سے ناران 123 کلومیٹر ماڈل شاہراہ کی فیزیبلٹی تیار کرنے کی ہدایت

گورونانک ایکسپریس وے پر عالمی سرمایہ کاری کے لئے سکھ برادری کو مدعو کیا جائے، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو مانسہرہ سے ناران تک 123 کلومیٹر شاہراہ کو ماڈل منصوبے کے طور پر تیار کرنے کے لیے فیزیبلٹی پیش کرنے کی ہدایت کردی ہے، یہ تین لین کا موٹروے کا مجوزہ منصوبہ نہ صرف (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر)

دہشتگردی کیخلاف جنگ پوری قوم کی جنگ ہے — ملکی دفاع اور شہریوں کی جانوں سے بڑھ کر کوئی چیز مقدم نہیں، بلال اظہر کیانی

خیبر پختونخوا حکومت اور پی ٹی آئی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شریک نہیں ہونا چاہتیں، وفاقی وزیر مملکت برائے خزانہ

صوبہ میں بزدل حکومت ہے جو دہشت گردی کے خلاف جنگ نہیں لڑنا چاہتی، قوم کو دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑنی بھی ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی جنگ ہے، ملک کے دفاع اور شہریوں کی جانوں سے بڑھ کر کوئی چیز مقدم نہیں، خیبر پختونخوا حکومت اور پی ٹی آئی دہشت گردی کے (بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم سے بحرینی وزیر خارجہ کی ملاقات — تجارت، سرمایہ کاری، توانائی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ

دونوں ممالک کے تعلقات مشترکہ اقدار، باہمی اعتماد اور عوامی روابط پر قائم ہیں، وزیراعظم کی دوطرفہ دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کی تعریف

ملاقات خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہوئی جو پاکستان اور بحرین کے درمیان قریبی اور دیرینہ برادرانہ تعلقات کی عکاسی کرتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو سراہتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور افرادی قوت کی استعداد کار میں اضافے سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے پاکستان (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر)

ملک کے دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی صورتحال، مجموعی ذخیرہ 85 لاکھ 72 ہزار ایکڑ فٹ

تربیلا، منگلا اور چشمہ سمیت بڑے آبی ذخائر میں پانی کی سطح اور ذخیرے کی تفصیلات بھی جاری

اسلام آباد (آن لائن) ملک کے بڑے دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج کی تازہ صورتحال کے مطابق تربیلا، منگلا اور چشمہ ریزروائرز میں قابل استعمال پانی کا مجموعی ذخیرہ 85 لاکھ 72 ہزار ایکڑ فٹ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ترجمان واپڈا کے (بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر)

(ن) لیگ و پی پی میں قانون سازی پر ڈیڈلاک ختم، انتخابی اصلاحات کمیٹی کے قیام پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے درمیان قانون سازی میں تعاون کے معاملے پر ڈیڈلاک ختم ہوگیا، دونوں جماعتوں کے درمیان پارلیمانی کمیٹی برائے انتخابی اصلاحات کے قیام پر اتفاق ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق انتخابی اصلاحات کمیٹی کی چیئرمین شپ پیپلز پارٹی کو دینے پر اتفاق کیا گیا ہے جبکہ کمیٹی میں پارلیمان میں موجود تمام سیاسی (بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی آئینی عدالت نے ای او بی آئی کی اپیل منظور کرلی، تحریری حکم جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے ای او بی آئی کی اپیل منظور کرلی ہے، اس سے متعلق تحریری حکم بھی جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ، وفاقی محتسب اور صدر پاکستان کے احکامات کالعدم قرار دے دیے۔ عدالت نے قرار دیا ہے کہ وفاقی محتسب پنشن (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

ڈیجیٹل نیشن پروگرام: وفاقی وزارتوں کو ڈیٹا ڈیجیٹائزیشن مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

قومی مرکزی ڈیٹا سینٹر حکومتی خدمات اور شہری سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرے گا، وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وفاقی وزارتوں کو ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام کے تحت متعلقہ اعداد و شمار کی ڈیجیٹائزیشن اور قومی سطح پر مختلف شعبوں اور ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہمی کا عمل مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قومی (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

GOVERNMENT OF PAKISTAN

Ministry of Federal Education & Professional Training

CENTRE OF EXCELLENCE FOR AUTISM SPECTRUM DISORDER COMPANY

URAAN PAKISTAN

VACANCY ANNOUNCEMENT

Applications are invited from eligible Pakistani nationals for appointment against the following positions at the Centre of Excellence for Autism Spectrum Disorder, Islamabad, under the Ministry of Federal Education & Professional Training. All appointments shall be made on contract basis, subject to the terms and conditions prescribed/approved by the Competent Authority. Applications shall be submitted online through the ETC/HEC portal.

Sr. No.	Name of Post	Pay Scale	No. of Posts	Required Qualification / Experience & Other Credentials	Age Limit
1.	Executive Director	PPS-10	01	Minimum Master's degree with 16 years of education in Public Administration, Business Administration, Management Sciences, Education/Educational Leadership, Special Education, Social Sciences, Public Health, Rehabilitation Sciences or another closely relevant discipline from an HEC-recognized university/ institution. A PhD or higher professional qualification, and/or recognized training in autism, disability inclusion, special education, institutional governance, public sector management or health/rehabilitation management will be an added advantage. Minimum 15 years of relevant post-qualification professional experience, including at least 05 years in a senior management/leadership position in an educational institution, special education/autism centre, health or rehabilitation institution, disability services organization, social-sector institution, public-sector/autonomous body or other comparable organization. The candidate should have demonstrated experience in strategic planning, institutional governance, human resource management, financial and administrative management, programme/project management, stakeholder coordination and implementation of institutional policies.	Minimum 35 years
2.	Psychologist	PPS-7	Number of positions against each post shall be determined by the Competent Authority at a later stage, based on operational requirements and approved staffing needs of the Company.	MS/MPhil (18 years of education) in Clinical Psychology, Applied Psychology, Developmental Psychology, or another relevant discipline from a recognized university/institution. Additional professional training/certification in Autism Spectrum Disorder (ASD), developmental assessment, Applied Behavior Analysis (ABA), or behavioral intervention will be an advantage. 02 years of relevant professional experience in conducting autism evaluations/assessments using standardized diagnostic and assessment tools, including ADOS-2, ADI-R and other recognized autism diagnostic/assessment instruments. Experience of working with children with autism and other neurodevelopmental disorders in a special education institution, autism center, child development/ rehabilitation center, hospital or multidisciplinary clinical setting will be preferred.	Minimum 25 years
3.	Aquatic Physiotherapist	PPS-7		Bachelor's degree with 16 years of education in Physiotherapy / Doctor of Physical Therapy (DPT) from a recognized institution. A postgraduate qualification or recognized training in aquatic physiotherapy, hydrotherapy, pediatric physiotherapy, neurodevelopmental rehabilitation or related practice will be an advantage. The post holder should hold valid professional registration/licensing with the relevant statutory professional body in Pakistan. Minimum 02 year of professional experience in physiotherapy. Experience in pediatric, neurodevelopmental, rehabilitation or disability services will be preferred. Practical experience in hydrotherapy or aquatic physiotherapy will be an advantage.	Minimum 30 years
4.	Art Teacher	PPS-7		Bachelor's degree with 16 years of education in Fine Arts, Visual Arts, Art Education, Studio Art, Applied Arts or another closely related arts discipline from an HEC-recognized institution. Certification or training in Art Therapy, autism-responsive arts education, sensory-based creative practice or inclusive arts education will be an advantage. Minimum 2 years of relevant professional experience in teaching visual arts, art education or creative arts program. Experience of working with autistic pupils, individuals with intellectual/developmental disorders or other special educational needs will be preferred. Experience in adapted, sensory-based or inclusive art activities will be an advantage.	Minimum 30 years
5.	Culinary Specialist	PPS-7		Diploma/Certificate in Culinary Arts, Professional Cookery, Hospitality Management, Food Production, or a related field from a recognized institution. A higher qualification in Culinary Arts, Hospitality, Food & Nutrition, or a related discipline will be an advantage. Training/certification in food safety and hygiene is essential. 02 years of relevant professional experience in culinary arts, food production, hospitality, catering, or culinary training. Experience in teaching or training students with autism, intellectual/developmental disabilities, or other special educational needs will be preferred. Experience in vocational training, supported employment, or skills-based instruction will be an advantage.	Minimum 30 years
6.	Gym / Physical Education Teacher	PPS-7		Bachelor's degree with 16 years of education in Physical Education, Sports Sciences, Exercise Sciences, Physical Activity, Education or a related discipline from a recognized institution. 02 year of relevant teaching or professional experience in physical education, sports or adapted physical activity. Experience working with children with autism, intellectual/developmental disabilities or other special educational needs will be preferred. Training in adapted physical education, inclusive sports or disability sports will be an advantage.	Minimum 25 years
7.	Horticulture Specialist	PPS-7		Masters/Bachelor's degree with 16 years of education in Horticulture, Agriculture, Agricultural Sciences, Botany, Plant Sciences or a related discipline from a recognized institution. Minimum 02 year of relevant professional experience in horticulture, agriculture, gardening, nursery management or a related field. Experience working with children with autism, intellectual/developmental disabilities or other special educational needs will be preferred. Experience in therapeutic, educational or vocational horticulture will be an advantage.	Minimum 30 years
8.	Lifeguard	PPS-7		Higher Secondary School Certificate (HSSC) / Intermediate or equivalent. The post holder must hold a current recognized Lifeguard / Pool Lifeguard certification from an appropriately recognized training provider. Valid certification in **First Aid and CPR/AED** is essential. Minimum 2 year of experience as a lifeguard or in a supervised aquatic facility. Experience in a hydrotherapy pool, pediatric pool, rehabilitation facility or special education setting will be preferred. Experience working with children with disabilities or additional support needs will be an advantage.	Minimum 22 years
9.	Outreach Curator & Lead	PPS-7		Bachelor's degree with 16 years of education in Fine Arts, Visual Arts, Museum Studies, Heritage Studies, Mass Communication, Public Relations, Marketing, Business Administration, Hospitality Management, Social Sciences or another relevant discipline from a recognized institution. A qualification or training in autism, disability inclusion, special education, community engagement or supported employment will be an advantage. Minimum 02 year of relevant professional experience in exhibitions, galleries, museums, visitor services, public relations, community engagement, retail operations, events management or a related field. Experience of working with children/persons with disabilities, autism or other developmental needs will be an advantage. Experience in donor/stakeholder coordination, exhibition management or public-facing institutional program will be preferred.	Minimum 30 years
10.	Outreach Café Assistant	PPS-5		Intermediate / Higher Secondary School Certificate (HSSC) or equivalent. A certificate or diploma in Culinary Arts, Hospitality, Food & Beverage Services, Food Safety, Hotel Management, Catering or a related field will be preferred. Minimum 1 year of relevant experience in café, catering, hospitality, food service, kitchen operations, retail or a related environment. Experience working in a structured café, restaurant, institutional kitchen or hospitality setting will be preferred. Experience of working with persons with disabilities, autism or other developmental needs will be an advantage.	Minimum 25 years
11.	Resource Centre & Library Coordinator	PPS-7		Bachelor's degree with 16 years of education in Library and Information Science, Education, Special Education, English, Information Management or a related discipline from a recognized institution. A qualification in Library and Information Science would be preferred. Minimum 2 year of relevant experience in a school library, resource center, educational setting or information service. Experience working with children with autism, intellectual/developmental disabilities or other special educational needs will be preferred. Experience in accessible learning resources, assistive technology or adapted educational materials will be an advantage.	Minimum 25 years
12.	Structured Sports Specialist	PPS-7	Number of positions against each post shall be determined by the Competent Authority at a later stage, based on operational requirements and approved staffing needs of the Company.	Bachelor's degree with 16 years of education in Physical Education, Sports Sciences, Exercise Sciences, Sports Management or Education with a specialization in Physical Education, from an HEC-recognized institution. Training or certification in adapted physical activity, disability sport, inclusive sports coaching or relevant sports disciplines will be an advantage. A valid First Aid certification is an essential requirement. Minimum 2 years of relevant professional experience in sports coaching, physical education or organized sports. Experience working with autistic pupils, individuals with intellectual/developmental disorders will be preferred. Experience in disability or adapted sports programs will be an advantage.	Minimum 25 years
13.	Vocational Job Coach	PPS-7		Bachelor's degree with 16 years of education from an HEC-recognized institution in Vocational Education, Vocational Rehabilitation, Career Counselling, Human Resource Management, Business Administration, Hospitality Management, Special Education, Psychology, Rehabilitation Sciences, Social Sciences, Education or another relevant discipline. Formal training or certification in autism/developmental disabilities, supported employment, job coaching, vocational rehabilitation, transition planning, Applied Behavior Analysis (ABA), or person-centered employment support is required or should be completed during the probationary period. Minimum 2 years of relevant professional experience in vocational training, supported employment, job coaching, vocational rehabilitation, transition services, special education or workplace support. Direct experience with autistic individuals with intellectual/developmental disorders will be preferred. Experience in café/hospitality, retail, workshops, product development, community-based employment or employer liaison will be an advantage.	Minimum 30 years
14.	Music Teacher	PPS-7		Bachelor's degree with 16 years of education in Music, Music Education, Performing Arts, Education or a related discipline from a recognized institution. Minimum 2 years of relevant teaching or professional experience in music education or music facilitation. Experience working with children with autism, intellectual/developmental disabilities or other special educational needs will be preferred. Experience in adapted, therapeutic or inclusive music activities will be an advantage.	Minimum 25 years
15.	Safeguarding & Welfare Officer	PPS-7		Bachelor's/Master's degree in Social Work, Psychology, Sociology, Special Education, Education, Child Development, or a related discipline from an HEC-recognized institution. Formal training/certification in child safeguarding and protection is mandatory. Where the appointee does not possess the required certification at the time of appointment, it must be completed during the probationary period. Valid First Aid certification is mandatory. Where not held at the time of appointment, it must be obtained during the probationary period. Confirmation in post shall be subject to successful completion of both the required safeguarding and First Aid certifications. 02 year of relevant experience in safeguarding, child protection, child welfare, social work, education, disability services, or related field. Experience working with children with disabilities and/or developmental disorders will be preferred.	Minimum 25 years
16.	Speech & Language Therapist	PPS-7		BS/BS (Hons)/MPhil/MS in Speech & Language Pathology, Speech Therapy or equivalent from an HEC-recognized university/institution. Relevant professional registration/licensing, where applicable. Minimum 02 year relevant post-qualification clinical experience. Experience in autism, developmental communication disorders, complex communication needs and AAC shall be preferred.	Minimum 30 years
17.	Occupational Therapist	PPS-7		BS in Occupational Therapy from an HEC-recognized university/institution, with valid professional registration, where applicable. Minimum 02 year relevant post-qualification professional experience. Experience with children with autism/developmental disabilities, sensory regulation and functional skills shall be preferred. Training in sensory integration, developmental disabilities or pediatric occupational therapy shall be an advantage.	Minimum 30 years
18.	Behavior Support Therapist	PPS-7		BS/BS (Hons) in Psychology, Applied Behavior Analysis, Special Education or a closely related discipline from an HEC-recognized university/institution. Minimum 02 year relevant post-qualification experience working with children with autism/developmental disabilities. Practical experience in behavior assessment, data collection and behavior intervention planning is essential. Training/certification in ABA, PBS, FBA or equivalent shall be preferred.	Minimum 30 years
19.	Lead Special Education Teacher	PPS-7		BS/MPhil/MS in Special Education from an HEC-recognized university/institution; OR BS in Psychology or another Social Sciences discipline with B.Ed/M.Ed. Minimum 02 year relevant post-qualification experience in special education, preferably involving children with autism/developmental disabilities. Experience in IEP development, classroom management, differentiated instruction and multidisciplinary working is essential. Supervisory/leadership experience shall be preferred.	Minimum 30 years
20.	Para-Educator	PPS-6		Minimum Intermediate/A-Level, preferably Bachelor's degree. Diploma/certificate in Special Education, Early Childhood Education, Autism or related field shall be preferred. Minimum 01 year relevant experience; fresh candidates may also be considered. Experience of working with children with disabilities/autism shall be an advantage.	Minimum 22 years
21.	Allied Health Assistant	PPS-6		Minimum Bachelor's degree, preferably in Allied Health Sciences, Psychology, Special Education, Rehabilitation Sciences or related field; OR F.Sc./FA with a two-year diploma in Health Sciences, Therapy Assistance or Rehabilitation. Minimum 01 year relevant experience; fresh candidates may also be considered. Experience of working with children with disabilities shall be preferred.	Minimum 22 years
22.	Attendant	BPS-05		Matriculation. Experience of working with children, persons with disabilities, schools or care settings shall be an advantage. Basic training in childcare, disability support, first aid or personal care shall be preferred.	Minimum 22 years

IMPORTANT INSTRUCTIONS:

1. Recruitment shall be made purely on merit.
2. Candidates shall apply ONLINE ONLY through the ETC/HEC online application portal (www.etc.hec.gov.pk). No hard-copy application shall be accepted unless specifically required by ETC/HEC.
3. Only shortlisted eligible candidates shall be called for test and/or interview, as applicable. No TA/DA shall be admissible for test/interview.
4. The cutoff date for determining eligibility of candidates in terms of age, qualification and experience shall be the closing date for receiving applications. Only post-qualification experience relevant to the advertised post shall be considered.
5. Serving Government / Semi-Government / Autonomous Body employees shall apply through proper channel and shall produce NOC at the time prescribed by the recruiting authority.
6. All appointments against the advertised positions of the Centre of Excellence for Autism Spectrum Disorder shall be made on contract basis, subject to the terms and conditions prescribed/approved by the Competent Authority.
7. The selected candidates shall be liable to serve at the Centre of Excellence for Autism Spectrum Disorder, Islamabad, or any associated facility/unit established under the Centre, according to organizational requirements.
8. The last date for submission of online applications shall be fifteen (15) days from the date of publication of this advertisement.
9. Candidates shall follow the instructions, fee/payment mechanism, document-upload requirements and test-related directions displayed on the ETC/HEC portal. Applicants are advised to regularly visit the ETC/HEC portal and the Ministry of Federal Education & Professional Training website for roll-number slips, test schedule, results, interview notices and other announcements.
10. **The Competent Authority reserves the right to increase/decrease the number of posts, withhold appointment against any advertised post, or cancel the recruitment process at any stage without assigning any reason.**

HOW TO APPLY

i. Interested candidates can apply online by registering themselves on http://etc.hec.gov.pk. The registration process must be completed by pressing the "SUBMIT" button for the online application before 4:00 PM on the registration closing date given on the portal.
ii. During the online registration process, all required information must be entered correctly with due diligence. A mobile number ported from the original mobile company must not be provided.
iii. Applications received by hand or through courier/email shall not be accepted/entertained.
iv. Candidates should make sure before appearing in the examination/test that they are eligible in all respects for the post applied for.
v. In case of any difficulty during online registration, please visit http://onlinehelp.hec.gov.pk, visit HEC Secretariat, or contact HEC regional offices for guidance.
vi. Candidates must check personal details, including name, CNIC number and cell number, before submitting the application. Candidates will not be allowed to sit in the test if there is any difference between CNIC and application data.
vii. Candidates who have registered or applied using the CNIC of their parents, siblings, relatives or any other individual shall not be permitted to sit in the test.
viii. Only SUBMITTED applications will be considered. Applications in SAVE or INCOMPLETE mode will not be entertained.
ix. A fee of Rs. 1,200/- shall be paid through the 1Link/1Bill Invoice Payment Service using the generated consumer number. After depositing the fee through 1Link/1Bill Invoice, candidates shall click on 'Verify Online Payment' on the ETC Dashboard. The test fee is non-refundable and non-transferable.
x. Email/SMS will be sent to registered applicants for examination date, time and venue. Candidates are required to provide a valid email/mobile number while filling in their online application forms. SMS shall not be sent to mobile numbers converted/ported from one network to another.
xi. Candidates must get queries/complaints resolved before closure of the web registration portal. Queries/complaints handling beyond the registration deadline may not be entertained by the system due to logistics/security reasons.

Abdul Kabir Khan Khalil
Admin Officer
Center of Excellence for Autism Spectrum Disorder Company
Ministry of Federal Education & Professional Training
Islamabad

PID(I) 3300/26

روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
MEMBER OF APNS

یمنی فوج کا حوثی باغیوں کیخلاف آپریشن کے دوران 1 ہزار 860 جنگجوؤں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

حوثیوں کے خلاف کارروائیاں فجر یمن آپریشن کے تحت مختلف محاذوں پر کی گئی ہیں، حالیہ لڑائی آبنائے باب المندب کے اطراف میں جاری ہے، ترجمان یمنی فوج

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر ملاقات کر رہے ہیں

آبنائے ہرمز سے متعلق بڑی پیش رفت، ایران اور عمان کا محفوظ بحری راستوں پر اتفاق

منصوبے میں بحری ٹریفک کے انتظام اور متعلقہ معلومات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے کے طریقہ کار پر بھی کام شامل ہے

تہران (این این آئی) ایران اور عمان نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کیلئے مخصوص محفوظ بحری راستوں کے جغرافیائی نقاط پر اتفاق کرلیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بتایا کہ دونوں ممالک نے آبنائے ہرمز میں داخل ہونے اور وہاں سے نکلنے والے بحری جہازوں کیلئے مقررہ محفوظ راستوں کے جغرافیائی کوآرڈینیٹس طے کرلیے ہیں۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق ایران اور عمان اس (بقیہ نمبر 7 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو رائز بلوچستان کی تقریب میں پھول پیش کیے جا رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو رائز بلوچستان کی تقریب میں صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی کو شیلڈ دے رہے ہیں

امریکا، سروگیسی سے پیدا ہوئے بچوں پر بدترین تشدد، گرفتار جوڑے پر سنگین الزامات

جرم ثابت ہونے پر شوان کو 17 سال 4 ماہ، ژانگ کو 11 سال 8 ماہ اور آیالی کو 12 سال قید کی سزا ہو سکتی ہے، رپورٹ

کیلیفورنیا (این این آئی) امریکی ریاست کیلیفورنیا میں سروگیسی کے ذریعے پیدا ہونے والے بچوں پر مبینہ تشدد کے الزام میں ایک جوڑے پر متعدد مقدمات درج کر لیے گئے، دونوں ملزمان نے عدالت میں الزامات مسترد کرتے ہوئے صحت جرم سے انکار کردیا ہے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق لاس اینجلس میں واقع حویلی نما گھر میں بچوں کی پرورش کرنے والے 66 سالہ گوجون شوان اور 39 سالہ سلویا ژانگ پر الزام ہے کہ ان کی زیر کفالت 16 بچوں میں سے 15 کو بار بار جسمانی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ استغاثہ نے عالیشان گھر کو خوفناک اذیت گاہ قرار دیا ہے۔ حکام کے مطابق تحقیقات کا آغاز مئی 2025 میں اس وقت ہوا جب 2 ماہ کا ایک بچہ سر (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

مودی کی قیادت ہجوم کے ہاتھوں تشدد دہشتگردی کی ایک منفرد شکل اور نیا معمول بن گیا

ہجوم کے تشدد کے زیادہ تر واقعات میں مسلمانوں، عیسائیوں اور دلتوں کو بڑی تعداد میں نشانہ بنایا گیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں نریندر مودی کی قیادت میں بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت کے پہلے 2 ادوار میں ہجوم کے ہاتھوں تشدد دہشت گردی کی ایک منفرد شکل اور نیا معمول بن گیا ہے۔ بھارتی اسلامک اسکالر، مصنف، سینئر صحافی، انسانی حقوق کے کارکن اور مسلم رہنما ڈاکٹر ظفر الاسلام خان کی نئی کتاب Mob Lynchings in India: A Record, 2014-2024 میں انکشاف کیا گیا کہ بھارت میں 10 سال کے دوران ہجوم کے ہاتھوں قتل کے 1743 واقعات ریکارڈ کیے گئے۔ دہلی اقلیتی کمیشن کے سابق چیئرمین ڈاکٹر ظفر الاسلام خان کے مطابق ہجوم کے تشدد کے زیادہ تر واقعات نفرت پر مبنی جرائم ہیں جن میں مسلمانوں، عیسائیوں اور دلتوں (بقیہ نمبر 35 صفحہ 6 پر)

امریکا کو جنگ میں 81 طیاروں کے نقصان کا اعتراف کرنا پڑا، رپورٹ

آپ تمام لوگوں کو ہمیشہ بے وقوف نہیں بنا سکتے، ایرانی وزارت خارجہ کا کانگریشنل ریسرچ سروس کی رپورٹ پر ردعمل

کوریئر کمپنی کی غفلت، جدید امریکی ایف 35 لڑاکا طیارے کے پرزے چین کے ہاتھ لگ گئے

یہ پرزے امریکی اسلحہ برآمدی قوانین کے دائرے میں آتے ہیں، انہیں بعض ممالک سے گزارنے کی اجازت نہیں، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) بین الاقوامی کوریئر کمپنی ملازم کی معمولی غفلت امریکا کو مہنگی پڑ گئی۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ریڈار سے پوشیدہ رہنے والے جدید امریکی ایف 35 لڑاکا طیارے کے پرزے چین کے ہاتھ لگ گئے جس میں کاک پٹ کے اوپر کا حصہ اور ہتھیاروں کے خانے کے دروازے شامل تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پرزوں کو ممکنہ مرمت یا تلفی کیلئے مئی کے اواخر میں امریکا واپس بھیجا جا رہا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ پرزے امریکی اسلحہ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 6 پر)

برطانیہ اور جرمنی کا روسی تخریب کاری کیخلاف سیکیورٹی معاہدے کا فیصلہ

لندن (این این آئی) برطانیہ اور جرمنی نے روسی تخریب کاری کے خلاف سیکیورٹی معاہدے کا فیصلہ کرلیا۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق برطانیہ اور جرمنی روسی جاسوسی اور سائبر حملوں کیخلاف دفاعی معاہدہ کرنے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 6 پر)

برطانوی پوسٹل سروس رائل میل کا 2500 ملازمتیں ختم کرنے کا عندیہ

افرادی قوت میں کمی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے کی جا رہی ہے، رائل میل کا بیان

لندن (این این آئی) برطانوی پوسٹل سروس رائل میل کی طرف سے اگلے سال کے اختتام تک 2500 سے زائد ملازمتیں ختم کرنے کا عندیہ دے دیا ہے۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق رائل میل نے 2027 کے آخر تک 2 ہزار 500 ہیڈ آفس اور دیگر معاون کرداروں کو کم کرنے کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے جو افرادی قوت میں تقریباً 2 فیصد کمی کے مترادف ہوگا یہ امر قابل ذکر ہے کہ فرنٹ لائن پوسٹل ورکرز، پوسٹیز اور ڈرائیورز مجوزہ تنظیم نو کا حصہ نہیں ہیں۔ رائل میل کی طرف سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ افرادی قوت میں کمی کارکردگی کو (بقیہ نمبر 12 صفحہ 6 پر)

سری لنکا کی سابق خاتون اول شرانتی راجاپاکسے کو جیل بھیج دیا گیا

کولمبو (این این آئی) سری لنکا کی سابق خاتون اول شرانتی راجاپاکسے کو مبینہ بدعنوانی کی تحقیقات کے دوران جیل بھیج دیا گیا۔ حکام نے ان پر خاتون اول کی حیثیت سے اپنے دور میں عطیہ کے فنڈز کا غلط استعمال کرنے کا الزام لگایا۔ سری لنکا کے سابق صدر مہندا راجاپاکسے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 6 پر)

سعودی کابینہ کا یمن کی آئینی حکومت کیلئے مکمل تعاون کا اعادہ

ریاض (این این آئی) سعودی کابینہ کے اجلاس میں یمن کی آئینی حکومت کے لیے مکمل تعاون کا اعادہ کیا گیا ہے۔ سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کی زیر صدارت سعودی کابینہ کے اجلاس میں یمن میں آئینی حکومت اور صدارتی قیادت کونسل کے لیے مکمل حمایت (بقیہ نمبر 33 صفحہ 6 پر)

روس نے سائبیریا میں طاعون سے دوسری موت کی خبروں کو جعلی قرار دیدیا

لوگ قابل اعتماد معلومات کیلئے ملک کے صحت کے نگراں ادارے پر انحصار کریں، ماسکو

ماسکو (این این آئی) روس نے سائبیریا میں طاعون سے دوسری موت کی خبروں کو جعلی قرار دے دیا ہے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ماسکو نے طاعون کی وباء سے دوسری موت کی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے لوگوں پر زور دیا کہ وہ قابل اعتماد معلومات کے لیے ملک کے صحت کے نگراں ادارے پر انحصار کریں۔ گزشتہ ہفتے سائبیریا میں طاعون پر تحقیق کرنے والی ایک لیبارٹری کی ایک کارکن کی موت نے عالمی سطح پر تشویش پیدا کردی ہے۔ روسی میڈیا کی رپورٹس میں کہا گیا کہ وباء پھیلنے کے خدشات کے پیش نظر سیکڑوں افراد کو قرنطینہ میں رکھا گیا ہے اور (بقیہ نمبر 32 صفحہ 6 پر)

برطانیہ کی رائل نیوی کا اہلکار جاسوسی کے الزام میں گرفتار

یہ معاملہ رائل ایئر فورس کے فیئر فورڈ ایئر بیس پر حالیہ واقعے سے متعلق نہیں، لندن کاؤنٹر ٹیررازم پولیس

لندن (این این آئی) برطانیہ کی رائل نیوی کے اہلکار کو جاسوسی کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا۔ برطانوی پولیس کے مطابق گرفتار 24 سالہ اہلکار ڈیڈی ینگ پر جاسوسی کے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 6 پر)

شام کا سعودی عرب کی درخواست پر یمن میں فوج بھیجنے پر غور

شام اس وقت بنیادی طور پر اپنی داخلی ترجیحات، بحالی اور تعمیر نو پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے، شامی سفارت کار

واشنگٹن/لندن (این این آئی) امریکی نیوز رپورٹ کے مطابق شام سعودی عرب کی درخواست پر یمن میں ممکنہ فوجی تعاون کے مختلف آپشنز پر غور کر رہا ہے۔ برطانوی خبر ایجنسی اور امریکی ویب سائٹ ایگزیوس نے رپورٹ کیا کہ شام سعودی عرب کو فوجی معاونت فراہم کرنے کے امکانات کا جائزہ لے رہا ہے، زیر غور تجاویز میں دفاعی تعاون سے لے کر حوثیوں کے خلاف برسرپیکار یمنی فورسز کی مدد کے لیے شامی اہلکاروں کی ممکنہ تعیناتی تک مختلف آپشنز شامل ہیں۔ ایک امریکی اہلکار کے مطابق سعودی عرب نے دمشق سے حوثیوں کے خلاف جنگ میں تعاون کی درخواست (بقیہ نمبر 13 صفحہ 6 پر)

ایران جنگ بندی کیلئے ہمیں کچھ بھی دینے کو تیار ہے، امریکی صدر

ایران کے ساتھ معاہدہ کرنا میری ترجیح نہیں، جنگ جلد ختم ہو جائے گی، ٹرمپ کا حامیوں سے خطاب

ٹیکساس (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات میں اسٹیو وٹکوف بہت اچھا کام کر رہے ہیں، ایران کے ساتھ معاہدہ کرنا میری ترجیح نہیں ہے۔ ٹرمپ نے ٹیکساس کے شہر سان انتونیو میں اپنے حامیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسٹیو وٹکوف ایران کے ساتھ معاہدے پر کام کر رہے ہیں اور بہت اچھا کر رہے ہیں، میرا خیال ہے کہ یہ معاہدہ واقعی وہ چیز نہیں ہے جو میں کرنا چاہتا ہوں لیکن وہ جنگ بندی کیلئے ہمیں کچھ بھی دینے کو تیار ہیں، ایران کے پاس ایک بھی جوہری ہتھیار نہیں ہوگا۔ انہوں نے غزہ میں جنگ بندی کے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 6 پر)

ایران کی خفیہ جوہری تنصیب میں دوبارہ سرگرمیاں بحال، سیٹلائٹ تصاویر کے ذریعے دعویٰ

من زیدائی نامی جوہری تنصیب میں گاڑیوں کی آمد و رفت اور تعمیراتی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، ایرانی میڈیا

تہران (این این آئی) ایران کے دارالحکومت تہران کے شمال مشرق میں واقع خفیہ جوہری تنصیب میں اسرائیلی حملے کے کئی ماہ بعد دوبارہ سرگرمیاں بحال ہونے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ ایرانی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق انسٹی ٹیوٹ فار سائنس اینڈ انٹرنیشنل سیکیورٹی نے نئی سیٹلائٹ تصاویر کی بنیاد پر بتایا کہ من زیدائی نامی جوہری تنصیب میں گاڑیوں کی آمد و رفت اور تعمیراتی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سیٹلائٹ تصاویر کے مطابق اس تنصیب میں ستمبر اور اکتوبر کے دوران مسافر گاڑیوں اور ٹرکوں کی آمد و رفت میں اضافہ ہوا جبکہ مارچ میں ہونے والے حملے کے (بقیہ نمبر 31 صفحہ 6 پر)

ایران نے ٹرمپ کے آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل، بحری جہازوں کی آمد و رفت سے متعلق دعوؤں کو مسترد کردیا

اگر واقعی آبنائے ہرمز سے تیل اور بحری جہاز گزر رہے ہیں تو بین الاقوامی منڈیوں میں اس کا اثر کیوں نہیں ہے؟ علی محمدی

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب کی بحریہ کے نائب کمانڈر علی محمدی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل اور بحری جہازوں کی آمد و رفت سے متعلق دعوؤں کو مسترد کردیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق علی محمدی نے کہا کہ اگر واقعی آبنائے ہرمز سے تیل اور بحری جہاز گزر رہے ہیں تو بین الاقوامی منڈیوں میں اس کا اثر کیوں نہیں ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ کیونکہ آپ جھوٹ بول رہے ہیں، بین الاقوامی تیل کی منڈیاں بھی امریکی صدر ٹرمپ کے جھوٹ کو پہچانتی ہیں۔ انہوں نے امریکی دعوے پر بھی سوال اٹھایا کہ پاسداران انقلاب (بقیہ نمبر 28 صفحہ 6 پر)

غزہ کا بدلہ لینا چاہتا تھا، فلائی دبئی کے شریک پائلٹ کا اعتراف

دبئی (این این آئی) دبئی سے تل ابیب جانے والی پرواز کا طیارہ تباہ کرنے کی کوشش کرنے والے عمانی شریک پائلٹ حمام الحمامی نے تفتیش کاروں کو بتایا ہے کہ میں غزہ کا بدلہ لینا چاہتا تھا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق متحدہ عرب امارات میں زیر حراست حمام الحمامی نے تفتیش کے دوران بتایا کہ میرا منصوبہ کپتان کو بے ہوش (بقیہ نمبر 29 صفحہ 6 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ملاقات کی جا رہی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء عاصم کرد گیلو اور میر سلیم احمد کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

حوثی ملیشیا کا لحج اور باب المندب میں سعودی اتحادی افواج پر حملوں کا دعویٰ

سعودی اتحادی افواج کو بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا، لحج میں حملے میں متعدد فوجی مارے گئے

صنعاء (این این آئی) حوثی ملیشیا نے یمن کے صوبے لحج اور باب المندب میں سعودی اتحادی افواج پر حملوں کا دعویٰ کیا ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق یمن کی حوثی ملیشیا کے ترجمان یحییٰ سریع نے ... مارے گئے اور کئی زخمی ہوئے۔ ترجمان نے دعویٰ کیا کہ حملے میں سعودی اتحادی فوج کے اسلحہ گودام بھی تباہ کردیے ہیں۔ دوسری جانب سعودی اتحادی افواج کی جانب سے اس دعوے پر کوئی بیان سامنے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 6 پر)

عوام کے حقوق کا تحفظ کرنا ہمارے فرائض منصبی کا تقاضا ہے، سردار مختار

مظفرآباد (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کے حلقہ 3 سٹی سے منتخب ممبر قانون ساز اسمبلی سردار مختار احمد خان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی سیاست کا محور عوام کے حقوق، جمہوری اقدار، ... (بقیہ نمبر 26 صفحہ 6 پر)

مڈٹرم انتخابات سے قبل ایران کیخلاف بڑے فوجی حملوں کا امکان موجود ہے، امریکی میڈیا کا دعویٰ

امریکی محکمہ دفاع نے مبینہ طور پر متعلقہ فوجی کمانڈ کو تیاری مکمل رکھنے کی ہدایت کردی ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا میں ہونے والے مڈٹرم انتخابات سے قبل ایران کے خلاف بڑے فوجی حملوں کا امکان ... کے لیے تیاریاں مکمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ امریکا میں مڈٹرم انتخابات 3 نومبر کو ہونے ہیں اور امریکی میڈیا کی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ ایران کے ... (بقیہ نمبر 25 صفحہ 6 پر)

مبینہ ہائی جیکنگ کی تحقیقات کرنے والی برطانوی کمپنی پر اسرائیل میں 2 اعلیٰ افسران کیخلاف تحقیقات شروع

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 6 پر)

روس میں طاعون کا شبہ، 200 افراد قرنطینہ، دنیا کی تشویش بڑھ گئی

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 6 پر)

ایران کے خفیہ جوہری ...

ڈی جی پی ... کی زیر صدارت اجلاس جاری ہے

جوہری صنعت کے مختلف شعبوں میں پیش رفت جاری ہے، ایران

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 6 پر)

سعودی عرب کے ایئرپورٹس پر حملوں کا جواب، یمن میں حوثیوں کے 82 ٹھکانے تباہ

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 6 پر)

جارجیا، 7 لاکھ ڈالرز کا یورینیم فروخت کرنے کی کوشش، ایک شخص گرفتار

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 6 پر)

فرانس کے بعد بیلجیم میں بھی فلسطین کے حق میں مظاہرے، 107 افراد گرفتار

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 6 پر)

بھارت، زیادتی کا الزام لگا کر 90 سالہ شخص کو ہلاک کر دیا گیا

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 6 پر)

یوم شہدائے زلزلہ، جہلم ویلی میں ...

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 6 پر)

لکھنؤ سے جانیوالی بھارتی پرواز پر آسمانی بجلی گر گئی، طیارے کا اگلا حصہ متاثر

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 6 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ... اسسٹنٹ کمشنر ... کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

کوئٹہ: ... اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ
عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے
آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755
جمعہ 09 اکتوبر 2026ء

بلوچستان کے مسائل کا پائیدار حل

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو سمجھنے کے لئے اس کی تاریخ جغرافیہ سماجی ساخت ، سیاسی ارتقا اور موجودہ زمینی حقائق کو ایک مربوط تناظر میں دیکھنا ہوگا، مخصوص واقعات یا یک طرفہ بیانیہ کی بنیاد پر صوبے کے ماضی اور حال کو سمجھنا ممکن نہیں، صوبے کے مسائل کا پائیدار حل موثر گورننس میرٹو کریسی کے فروغ سیاسی شمولیت نوجوانوں کے لئے مواقع ، معاشی ترقی اور ریاستی رٹ کے موثر نفاذ سے جڑا ہوا ہے صوبے کے موجودہ حالات کا تجزیہ کرتے ہوئے پسماندگی کو واحد سبب قرار دینا درست نہیں ، پاکستان سمیت دنیا کے مختلف خطوں میں ترقیاتی تفاوت موجود ہے ، کسی بھی علاقے کی محرومی یا پسماندگی کو تشدد اور معصوم شہریوں کے قتل کا جواز نہیں بنایا جاسکتا، حقائق اور تصورات میں فرق کو سمجھنا ضروری ہے، بلوچستان کے عوام کے مسائل کو حل کرنے کے لئے سابق حکومتوں نے کوئی قابل ذکر کارکردگی نہیں دکھائی، یہی وجہ ہے کہ عوامی مسائل میں کمی کی بجائے اضافہ ہوتا چلا گیا، ہمیں توقع ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی سربراہی میں بلوچستان کو ترقی دینے کے لئے جو اقدامات کر رہی ہے اس کے نتیجہ خیز نتائج برآمد ہوں گے۔

تجاوزات کا مسئلہ

دکانداروں نے سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قبضہ کر کے کاروباری سرگرمیاں شروع کر رکھی ہیں، ہم میٹروپولیٹن کارپوریشن، ضلعی انتظامیہ اور ٹریفک پولیس سے تجاوزات کے خلاف بھرپور مہم چلانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔

بے قابو ہوئے طیارے کے تبوک اترنے تک اسرائیل کا زہریلا پراپیگنڈا

تحریر۔ نصرت جاوید

رب کا صد بار شکر کہ دوبئی سے تل ابیب جانے والی پرواز میں ہنگامہ ہوا تو مسافروں کی جان بچانے کے لئے اسے برادر ملک سعودی عرب کے شہر تبوک اتارنا پڑا۔ رب کا مزید کرم یہ بھی ہوا کہ مذکورہ طیارے کے کاک پٹ میں جھگڑا کرنے والے پائلٹ اور کو پائلٹ کی جانیں ابھی تک محفوظ ہیں۔ ان میں سے شدید زخمی ہوئے پائلٹ کی موت واقع ہوجاتی تو حقائق تک رسائی تقریباً ناممکن ہوجاتی۔ مسافروں کی بحفاظت تبوک میں لینڈنگ اور بعدازاں خیروعافیت سے وطن واپسی کے باوجود اسرائیل کے وزیر اعظم کی جانب سے سازشی بیانیہ سازی کا آغاز ہوچکا ہے۔ یاد رہے کہ موصوف اپنے سیاسی کیریئر کی ابتدا میں دائیں بازو کی حکمران جماعت کے ترجمان ہوا کرتے تھے۔ ٹی وی اور سوشل میڈیا کی حرکیات سے بخوبی آگاہ ہیں۔ یک سطری فقروں کی مدد سے معجون فروشی کے ہنر میں ...

مخلوط حکومت بنانا پڑے گی۔ یہ جماعتیں حلیف ہونے کے باوجود اسے مسلسل تنقید کا نشانہ بنائے رکھتی ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ وہ ایران کے خلاف چھیڑی جنگ کے اہداف کے حصول میں ناکام رہا۔ الزام یہ بھی لگارہے ہیں کہ اسرائیلی انٹیلی جنس ہی نہیں چند عرب ممالک کی فراہم کردہ معلومات کے باوجود وہ گزشتہ برس کے اکتوبر میں حماس کی جانب سے ہوئے حملوں کی پیش بندی میں بھی ناکام ہوا۔
تین یاہو کے اقتدار کو درپیش مسائل میرا درد سر نہیں۔ اصل پریشانی یہ ہے کہ بدھ کے روز دوبئی سے 150 سے زیادہ اسرائیلی مسافروں کو تل ابیب لے جانے کے لئے ”فلائی دوبئی“ نامی کمپنی کا جہاز اڑا تھا۔ اس کے کاک پٹ میں پائلٹ اور کو پائلٹ کا جھگڑا ہوگیا۔ ان کے مابین جھگڑے کی خبر منظر عام پر آنے سے قبل دنیا بھر سے اڑی پروازوں پر نگاہ رکھنے والوں ...

امریکی بیوروکریٹک نظام

تحریر۔ محسن گورایہ

اُحد کے دامن میں سویا ہوا رسول خدا کا شیر

تحریر۔ محمد اکرم چوہدری

NAZA۔ اسرائیلی وار مشین کی حقیقت

تحریر۔ مصطفیٰ کمال پاشا

مشاعرے کا عروج یا شاعری کا زوال

تحریر۔ نسیم شاہد

تین صدیاں پہلے

تحریر۔ عبداللہ طارق سہیل

کوئٹہ: پریس کلب اور پی یو جے کے زیر اہتمام حالیہ دنوں میں وفات پانے والے صحافیوں کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے صدر عرفان سعید و دیگر خطاب کر رہے ہیں

تمام محکموں کے اجلاس روزانہ کی بنیاد پر منعقد کیے جائیں گے، کمشنر سبی ڈویژن

زرعی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

[illegible]

پاکستان کی معاشی ترقی 3.8 فیصد، مہنگائی 8.2 فیصد رہنے کی پیش گوئی

[illegible]

اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری کا فش فیکٹری کا اچانک معائنہ

صحت و صفائی اور ماحولیاتی تحفظ سے متعلق قوانین پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے، ہدایت

[illegible]

صحت پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کے آفس میں ماہانہ پی آئی ریویو میٹنگ

[illegible]

ضلع کیچ میں قائم کرش پلانٹس کے مالکان کا اہم اجلاس

ماحولیاتی تحفظ کے قوانین پر مکمل عملدرآمد اور فلاحی منصوبوں میں تعاون کی یقین دہانی

[illegible]

ماحولیاتی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کو مزید تیز کیا جائے، محکمہ جنگلات

[illegible]

کار کردگی، جاری منصوبوں اور پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے آئندہ کے لائحہ عمل کا تعین کیا جائے گا۔

صوبائی وزیر ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ حاجی نور محمد دمڑ اپنے آفس میں سائل سے مسائل سن رہے ہیں

وربیند لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس

تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا ہماری اولین ترجیح ہے

[illegible]

ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا جائے، عوامی حلقے

صرف مشینری فراہم کرنا بلدیاتی مسائل کا مستقل حل نہیں، بروقت اجرت فراہم کی جائے

نصیرآباد(این این آئی)مشینری کی فراہمی کے ساتھ ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہیں بھی بروقت ادا کی جائیں، عوامی حلقوں نے محکمہ بلدیات بلوچستان کی جانب سے بلدیاتی اداروں میں مشینری کی فراہمی پر توجہ دینے کے ساتھ ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہوں کی بروقت ادائیگی یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ صرف مشینری فراہم کرنا بلدیاتی مسائل کا مستقل حل نہیں، جب تک صفائی ستھرائی،نکاسی آب اوردیگر بنیادی خدمات انجام دینے [illegible]

وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی کامیاب کارروائی

مستحق خاتون کو بی آئی ایس پی کا رکا ہوا وظیفہ مل گیا

خضدار (این این آئی) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس خضدار نے غریب اور مستحق عوام کو فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کی اپنی شاندار روایت برقرار رکھتے ہوئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی ایک مستحق خاتون کو ان کا رکا ہوا وظیفہ دلوا دیا۔ وفاقی محتسب کی بروقت مداخلت نے سرکاری محکمے کی جانب سے ہونے والی تاخیر کا ازالہ کر کے غریب خاندان کی دادرسی کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ضلع خضدار کی تحصیل کرخ کے علاقے مژی بھلوبک کی رہائشی محترمہ آمنہ نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس خضدار میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے خلاف ایک شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست گزار کا موقف تھا کہ وہ اس پروگرام کی حقدار ہیں لیکن متعلقہ محکمے کی جانب سے انہیں ان کی مالی معاونت اور وظیفے کی ادائیگی نہیں کی جا رہی، جس کی وجہ سے انہیں شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ غریب خاتون کی اس شکایت کا وفاقی محتسب سیکرٹریٹ خضدار نے فوری نوٹس لیا اور متعلقہ ادارے کے افسران سے اس غیر ضروری تاخیر کی وجوہات طلب کیں۔ وفاقی محتسب کی جانب سے کی جانے والی سخت باز پرس، موثر کارروائی اور ہدایات کے نتیجے میں متعلقہ ادارے نے فوری حرکت میں آتے ہوئے درخواست گزار کے اکاؤنٹ میں 14,500 روپے کی رقم بطور مالی معاونت منتقل کر دی۔ اپنا رکا ہوا حق اور وظیفہ بلا کسی رکاوٹ کے موصول ہونے پر محترمہ آمنہ نے انتہائی خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے غریب عوام کی داد رسی اور بغیر کسی وکیل یا فیس کے فوری انصاف کی فراہمی پر وفاقی محتسب اور ریجنل آفس خضدار کے عملے کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ درخواست گزار کے مکمل اطمینان اور رقم کی منتقلی کی تصدیق کے بعد وفاقی محتسب کی جانب سے اس شکایت کو کامیابی کے ساتھ نمٹا دیا گیا ہے۔ یہ اقدام اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کو سرکاری محکموں کی زیادتیوں، بدانتظامی اور تاخیر کے خلاف فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

شناختی کارڈ کے اجراء میں بلاجواز تاخیر کا نوٹس، سائل کو انصاف مل گیا

عوامی حلقوں کا وفاقی محتسب کے فوری اور مفت انصاف کے نظام کو زبردست خراج تحسین پیش

خضدار (این این آئی) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل دفتر خضدار نے سرکاری محکموں کی زیادتیوں کے خلاف عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کی اپنی شاندار روایت کو برقرار رکھتے ہوئے، نادرا کی جانب سے قومی شناختی کارڈ کے اجراء میں ہونے والی بلاجواز تاخیر پر سوراب کے رہائشی کو انصاف فراہم کر دیا۔ وفاقی محتسب کی بروقت اور موثر کارروائی کے نتیجے میں سائل کو نیا شناختی کارڈ جاری کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ڈاکخانہ خالق آباد (علاقہ جوہان، ضلع سوراب) کے رہائشی سائل امام داد ولد غلام مصطفیٰ نے وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار میں ایک تحریری شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ نادرا نے ان کے قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے اجراء کو بغیر کسی ٹھوس جواز کے التوا کا شکار کر رکھا ہے۔ نادرا حکام نے سائل کی محض "ظاہری وضع قطع" کی بنیاد پر کیس روک کر اسے زونل بورڈ کے سامنے پیشی اور لوکل سرٹیفکیٹ لانے کی کڑی شرط عائد کر دی تھی، جس سے سائل کو شدید ذہنی اذیت اور روزمرہ کے معاملات میں سخت مشکلات کا سامنا تھا۔ اس عوامی نوعیت کی شکایت پر وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار نے فوری اور سخت نوٹس لیتے ہوئے نادرا حکام سے جواب طلب کیا۔ متعلقہ آفیسر کی زیر نگرانی اس کیس کی باقاعدہ اور شفاف طریقے سے پانچ (5) سماعتیں (Hearings) کی گئیں۔ وفاقی محتسب کی قانونی کارروائی اور مسلسل پیروی کے بعد نادرا زونل بورڈ نے سائل امام داد کی پیش کردہ دستاویزات کی مکمل جانچ پڑتال اور تصدیق کی، جس کے بعد سائل کے حق میں فیصلہ دیتے ہوئے اسے نیا قومی شناختی کارڈ جاری کر دیا گیا۔ سائل امام داد کی جانب سے وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار کو اپنا شناختی کارڈ کامیابی سے موصول ہونے کی باقاعدہ تصدیق کر دی گئی ہے۔ سائل نے اس دیرینہ اور پیچیدہ مسئلے کے حل پر وفاقی محتسب کے فوری اور مفت انصاف کے نظام کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ سائل کو مکمل ریلیف ملنے اور شکایت کا سو فیصد ازالہ ہونے پر وفاقی محتسب نے اس کیس کو باضابطہ طور پر بند کر دیا ہے۔

☆ ☆ ☆ صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں ☆ ☆ ☆

کوئٹہ، اہلسنت و جماعت کے رہنما، ذوالفقار طارق اور ڈاکٹر محمد ظاہر لانگو اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ ڈویژن علی گل عمرانی سے ملاقات کر رہے ہیں

لوڈر رکشے مختلف فیلڈ مقامات تک رسائی کے لیے موزوں ہیں، حاجی سید محمد

شہریوں کو مؤثر سہولیات کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات کا حصہ ہے

گوادر (خ ن) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے شہری خدمات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اپنے مشینری و ٹرانسپورٹ فلیٹ میں چھ نئے جدید لوڈر رکشوں کا اضافہ کر دیا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان نے نئے لوڈر رکشے واٹر، باغبانی اور میونسپل ونگ سمیت متعلقہ شعبوں کے حوالے کر دیے۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد پی ڈی واٹر میر جان بلوچ، ڈائریکٹر فنانس عبدالشکور، اسسٹنٹ ڈائریکٹر میونسپل سروسز یحییٰ واڈیلہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن ظریف احمد اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل نے نئے رکشوں کا معائنہ کیا، جبکہ پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر میونسپل ونگ یحییٰ واڈیلہ نے ان کی ٹیسٹ ڈرائیو بھی کی۔ نئے لوڈر رکشے پانی کی فراہمی کے نظام کی دیکھ بھال و مرمت، پائپ اور دیگر ضروری سامان کی ترسیل، شہر کی صفائی، کچرے اور ملبے کی منتقلی، سیوریج و ڈرینج لائنوں کی صفائی اور دیگر میونسپل امور میں استعمال ہوں گے۔ اسی طرح شعبہ باغبانی میں یہ گاڑیاں پارکس، گراؤنڈز، گرین بیلٹس اور شاہراہوں پر شجرکاری، پودوں کی دیکھ بھال، پانی دینے اور باغبانی کے سامان کی ترسیل کے لیے معاون ثابت ہوں گی۔ جی ڈی اے کے ٹرانسپورٹ افسر حاجی شکیل احمد کے مطابق کم سائز اور بہتر نقل و حرکت کے باعث لوڈر رکشے شہر کی گلیوں اور مختلف فیلڈ مقامات تک رسائی کے لیے موزوں ہیں۔

عبداللہ خان کا گوادر پورٹ اتھارٹی (جی پی اے) کا دورہ

گوادر (خ ن) چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) عبداللہ خان نے گوادر پورٹ اتھارٹی (جی پی اے) کا دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر ڈائریکٹر منیر احمد بانا نے گوادر پورٹ کی فعال کاری، اس کی آپریشنل ترقی اور تجارت و اقتصادی سرگرمیوں میں اضافے کے امکانات پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ اس موقع پر بی آر اے اور جی پی اے کے درمیان باہمی رابطہ کاری اور ادارہ جاتی تعاون کے مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے تجارت میں سہولت، ادارہ جاتی رابطہ کاری کو مضبوط بنانے اور گوادر کی وسیع تر اقتصادی صلاحیت کو بروئے کار لانے پر زور دیا۔ عہدیداروں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دونوں ادارے مل کر تجارت دوست ماحول کی فراہمی، سرمایہ کاری کے فروغ اور گوادر کو اقتصادی گیٹ وے کے طور پر مزید مستحکم بنانے کے لیے مؤثر تعاون جاری رکھیں گے۔

جنگلی حیات ہمارا قیمتی قدرتی ورثہ ہے، ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات

عوام جنگلی حیات کے تحفظ میں محکمہ جنگلات و جنگلی حیات سے تعاون کریں

گوادر (خ ن) ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات ضلع گوادر اسداللہ نے عوام الناس، مقامی آبادی، شکاریوں اور دیگر متعلقہ افراد کو خبردار کیا ہے کہ باہر سے آنے والے پرندوں سمیت جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار، جال بچھانے، پھندے لگانے، پکڑنے، نقل و حمل اور خرید و فروخت کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ موسمی نقل مکانی کے دوران بڑی تعداد میں مہاجر پرندے بلوچستان کے ساحلی علاقوں، آبی ذخائر، جھیلوں اور قدرتی مساکن کا رخ کرتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کے لیے نگرانی اور کارروائی مزید مؤثر بنائی جا رہی ہے ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات نے واضح کیا کہ بلوچستان وائلڈ لائف (پروٹیکشن، پریزرویشن، کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ) ایکٹ 2014ء اور اس کے تحت نافذ قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ محفوظ انواع کے شکار یا انہیں نقصان پہنچانے کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی انہوں نے عوام الناس اور تمام متعلقہ اداروں سے اپیل کی کہ جنگلی حیات کے تحفظ میں محکمہ جنگلات و جنگلی حیات سے تعاون کریں اور غیر قانونی شکار یا جنگلی حیات کی غیر قانونی تجارت کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ حکام کو دیں کیونکہ جنگلی حیات ہمارا قیمتی قدرتی ورثہ ہے اور اس کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

گوادر، ڈپٹی ڈائریکٹر توسیع مقبول احمد کی زیرِ صدارت اجلاس

مختلف زرعی مسائل کے حل اور فیلڈ سرگرمیوں کی مؤثر رپورٹنگ کے حوالے سے تبادلہ خیال

گوادر (خ ن) محکمہ زراعت ضلع گوادر کے دفتر میں ڈپٹی ڈائریکٹر توسیع مقبول احمد کی زیر صدارت زراعت کی بہتری، مختلف زرعی مسائل کے حل اور فیلڈ سرگرمیوں کی مؤثر رپورٹنگ کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ ڈائریکٹر شماریات اور رواں ماہ ریٹائر ہونے والے محمد عمر جمالی سمیت محکمہ زراعت کے افسران اور فیلڈ اسٹاف نے شرکت کی اجلاس میں ضلع گوادر کی مختلف تحصیلوں، یونین کونسلز اور دیگر زرعی علاقوں میں درپیش مسائل، زرعی سرگرمیوں اور فیلڈ سے متعلق اعداد و شمار کی بروقت فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے زرعی شعبے کی بہتری، کسانوں کو درپیش مشکلات کے ازالے اور متعلقہ حکام تک مسائل کی مؤثر نشاندہی کے لیے مختلف تجاویز پر بھی تبادلہ خیال کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر توسیع مقبول احمد نے نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ ڈائریکٹر شماریات کی تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیتے ہوئے ضلع بھر کے زرعی علاقوں سے درست، جامع اور بروقت اعداد و شمار مرتب کریں گے، تاکہ زرعی مسائل کی مؤثر نشاندہی اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام کو سفارشات پیش کی جا سکیں انہوں نے کہا کہ Statistics شعبہ زراعت کی منصوبہ بندی، پالیسی سازی اور ترقی کے لیے بنیادی اہمیت کا حامل ہے، اس لیے فیلڈ سے درست معلومات کے حصول اور بروقت رپورٹنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا اجلاس میں رواں ماہ ریٹائر ہونے والے محمد عمر جمالی کی محکمہ زراعت کے لیے طویل عرصے تک انجام دی جانے والی خدمات کو بھی سراہا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر توسیع اور فیلڈ اسٹاف نے ان کی پیشہ ورانہ خدمات اور محکمہ کے لیے تعاون کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ان کے محکمہ زراعت کے افسران و اہلکاروں کے ساتھ خوشگوار تعلقات اور تعاون کا سلسلہ برقرار رہے گا۔

تحصیل آفس گنداخہ مکمل طور پر بحال، تمام عملہ دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف

گنداخہ (آن لائن) تحصیل آفس گنداخہ مکمل طور پر بحال، تمام عملہ دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف تحصیل آفس گنداخہ کی عمارت مکمل طور پر بحال اور مرمت و تزئین کا کام مکمل کر لیا گیا ہے، جس کے بعد تحصیل آفس میں تمام عملہ اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہا ہے اور شہریوں کو دفتری امور کے سلسلے میں سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق سال 2022 کے تباہ کن سیلاب کے باعث تحصیل آفس گنداخہ کی عمارت شدید متاثر ہو کر تقریباً ناقابل استعمال ہو گئی تھی، جس کے بعد تحصیل آفس کے عملے کو دفتری امور کی انجام دہی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا رہا۔ تاہم صوبائی وزیر سردارزادہ میر فیصل خان جمالی اور ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی کوششوں سے تحصیل آفس کی عمارت کی بحالی، مرمت اور ریپیئرنگ کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ حالیہ مرمتی کام کے بعد تحصیل آفس کی عمارت دوبارہ فعال ہو گئی ہے، جبکہ تحصیلدار میران بخش اپنے تمام عملے کے ہمراہ باقاعدگی سے دفتر میں موجود رہتے ہیں اور عوامی و سرکاری امور کی انجام دہی جاری ہے۔ اس موقع پر گنداخہ پریس کلب کے صدر سلیم گوپانگ اور صحافی نورحسن جمالی نے تحصیلدار میران بخش سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران تحصیل آفس کی بحالی، عوام کو درپیش مسائل اور مختلف دفتری و انتظامی امور سمیت دیگر اہم معاملات پر گفتگو کی گئی۔

کوئٹہ، آریا انسٹیٹیوٹ اور بیوٹمز کے اشتراک سے نوجوانوں کی ذہنی صحت سے متعلق منعقدہ سیمینار کے اختتام پر ای او آریا انسٹیٹیوٹ سہیل خان کارڈن خورشید بروچہ، ڈاکٹر میر واکس کاسی، اورنگزیب بادینی اور طلباء وطالبات کے ہمراہ گروپ فوٹو

تعلیم کی فراہمی میں کسی قسم کی لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، غلام حیدر ترین

تعلیمی اداروں کے سرپرائز وزٹس کا سلسلہ آئندہ بھی بلاتعطل جاری رہے گا

ہرنائی (خ ن) ضلعی ایجوکیشن آفیسر (ڈی ای او) ہرنائی، غلام حیدر ترین نے ضلع کے مختلف سرکاری اسکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ سرپرائز وزٹ کا مقصد اسکولوں میں تعلیم و تربیت کے معیار، اساتذہ و طلبہ کی حاضری اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لینا تھا۔؟ دورے کے دوران ڈی ای او ہرنائی نے کلاس رومز میں جا کر تدریسی عمل (Teaching and Learning Process) کا بچشم خود معائنہ کیا اور طلبہ سے تعلیمی سرگرمیوں سے متعلق سوالات بھی کیے تاکہ ان کے تعلیمی معیار کا اندازہ لگایا جا سکے۔ اس کے علاوہ انہوں نے اسکول کے حاضری رجسٹرز کی پڑتال کرتے ہوئے اساتذہ اور طلبہ کی روزمرہ حاضری کا باریک بینی سے جائزہ لیا مختلف اسکولوں کے سربراہان (Heads of Institutions) سے گفتگو کرتے ہوئے غلام حیدر ترین نے واضح اور سخت ہدایات جاری کیں کہ بچوں کو معیاری اور جدید تقاضوں کے مطابق تعلیم کی فراہمی میں کسی قسم کی لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام اساتذہ کو پابندی وقت اور مکمل ذمہ داری کے ساتھ فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی تاکہ ضلع ہرنائی کے بچوں کا تعلیمی مستقبل محفوظ اور روشن بنایا جا سکے۔ ڈی ای او ہرنائی نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے اور اسکولوں کی کارکردگی کو مزید فعال کرنے کے لیے اس طرح کے سرپرائز وزٹس کا سلسلہ آئندہ بھی بلا تعطل جاری رہے گا۔

حساس مقامات پر نگرانی کا نظام مزید مضبوط بنایا جائے، اعجاز احمد جعفر

مدارس سے متعلق مطلوبہ معلومات اور ریکارڈ کو مکمل اور بروقت اپ ڈیٹ رکھا جائے

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل کمشنر لورالائی ڈویژن اعجاز احمد جعفر کی زیر صدارت ڈویژنل مانیٹرنگ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں لورالائی ڈویژن کے مختلف اضلاع میں امن و امان سکیورٹی صورتحال، انتظامی امور اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع، ڈی ایس پی کلیم اللہ مندوخیل، ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر ہرنائی، ڈپٹی کمشنر دکی، ڈپٹی کمشنر زیارت سمیت آئی بی، ایم آئی، سی ٹی ڈی، ایکسائز، پولیس، ایف سی اور دیگر انٹیلیجنس و سکیورٹی اداروں کے نمائندگان اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ڈویژن کے دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور ایس ایس پیز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی اور اپنے اپنے اضلاع میں امن و امان اور سکیورٹی کے حوالے سے کیے گئے اقدامات، موجودہ صورتحال اور درپیش چیلنجز سے اجلاس کو آگاہ کیا اجلاس کے دوران علاقائی امن و امان کی مجموعی صورتحال، سکیورٹی انتظامات، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں، حساس مقامات کی سکیورٹی اور BISA پورٹل پر ڈپٹی کمشنرز کی کارکردگی کا جامع جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اپنے اضلاع میں سکیورٹی کے لیے کیے گئے اقدامات، پولیس گشت، نگرانی کے نظام اور مختلف حساس مقامات پر حفاظتی انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد جعفر نے ہدایت کی کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بھرپور انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز اور مؤثر کارروائیاں یقینی بنائی جائیں جبکہ امن و امان کو متاثر کرنے والے عناصر کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے اجلاس میں فورتھ شیڈول میں شامل افراد کی مسلسل اور مؤثر نگرانی کو بھی خصوصی اہمیت دی گئی۔ متعلقہ اداروں کو ہدایت کی گئی کہ فورتھ شیڈول میں شامل افراد کی سرگرمیوں کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جائے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی صورت میں فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اجلاس میں مدارس کی رجسٹریشن اور ضروری معلومات کی تکمیل کے معاملے کا بھی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی گئی کہ مدارس سے متعلق مطلوبہ معلومات اور ریکارڈ کو مکمل اور بروقت اپ ڈیٹ رکھا جائے تاکہ انتظامی و سکیورٹی نظام کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

استاد کی عزت اور علم کا حصول ایک مہذب، باشعور اور کامیاب معاشرے کی بنیاد ہے، محمد عارف

سیوی (خ ن) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول سیوی میں گزشتہ روز یوم اساتذہ نہایت عقیدت و احترام اور پروقار انداز میں منایا گیا۔ تقریب میں اساتذہ کرام اور طلباء نے شرکت کی اور اساتذہ کے عظیم مقام، تعلیمی و تربیتی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سکول کے پرنسپل محمد عارف بیگ و دیگر نے اساتذہ کے عظیم مقام اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں ان کے بنیادی کردار پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے کہا کہ استاد ایک نسل کی تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ طلباء کی کردار سازی اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کا سامنا کرنے کے لیے تیار کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ مقررین نے طلباء پر زور دیا کہ وہ اپنے اساتذہ کا ہمیشہ احترام کریں، ان کی رہنمائی سے بھرپور استفادہ کریں اور علم و اخلاق کو اپنی زندگی کا حصہ بنا کر کامیابی کی منازل طے کریں۔ انہوں نے کہا کہ استاد کی عزت اور علم کا حصول ایک مہذب، باشعور اور کامیاب معاشرے کی بنیاد ہے۔ تقریب کے دوران اساتذہ کی گراں قدر خدمات کو سراہا گیا۔

شعبہ تعلیم کی ترقی کے لیے تعاون جاری رکھا جائے گا، شیخ امیر خان

اساتذہ معاشرے میں علم و شعور کی روشنی پھیلانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

ژوب (خ ن) عالمی یوم اساتذہ پر ژوب میں پروقار تقریب، سو سے زائد اساتذہ میں شیلڈز تقسیم عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر محکمہ تعلیم ژوب کی جانب سے گورنر بلوچستان کے مالی تعاون سے گورنمنٹ ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول ژوب میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلع بھر سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے سو سے زائد اساتذہ کو شیلڈز دے کر ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی گورنر بلوچستان کے فرزند بیرسٹر شیخ امیر خان مندوخیل تھے۔ تقریب میں ڈویژنل ڈائریکٹر لعل جان موسیٰ خیل، ڈائریکٹر یونیورسٹی کالج ژوب بیوٹمز ڈاکٹر عبدالسلام لودھی، پرنسپل ماڈل اسکول تازہ خان ناصر، ڈی او ای وزیر خان ناصر، وائس پرنسپل عبدالغفار مندوخیل، اسسٹنٹ ڈائریکٹر شائستہ خان مندوخیل، تحصیلدار جمیل الرحمٰن، سابق ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالطیف مندوخیل، صدر لیپا ملک صحبت خان مندوخیل، پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کے صدر نورالامین سمیت محکمہ تعلیم کے افسران، پروفیسرز، اساتذہ تنظیموں کے نمائندگان، ہیڈ ماسٹرز، سینئر اساتذہ، ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ، سماجی رہنماؤں اور صحافیوں نے شرکت کی۔ تقریب کے آغاز میں مہمانوں کو روایتی پگڑیاں پہنائی گئیں۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شیخ موسیٰ خان مندوخیل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع ژوب کے تقریباً دو ہزار اساتذہ میں سے سو سے زائد اساتذہ کو بہترین کارکردگی کی بنیاد پر شیلڈز دی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع کے سرکاری تعلیمی اداروں میں تقریباً چالیس ہزار جبکہ نجی تعلیمی اداروں میں تقریباً بیس ہزار بچے زیر تعلیم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایس بی کے اور کنٹریکٹ اساتذہ کی تعیناتی کے بعد دور دراز علاقوں کے کئی غیر فعال اسکول دوبارہ فعال ہوئے ہیں۔ ضلع میں تعلیم کے فروغ اور تعلیمی نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ عالمی یوم اساتذہ منانے کا مقصد تعلیم جیسے مقدس شعبے سے وابستہ اساتذہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا ہے۔ اساتذہ نامساعد حالات کے باوجود اپنی تدریسی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہے ہیں اور معاشرے میں علم و شعور کی روشنی پھیلانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ ملکی ترقی کا دارومدار تعلیم کے فروغ پر ہے، جبکہ اساتذہ نئی نسل کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی اور اخلاقی تربیت میں بھی بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ اساتذہ کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

جعفرآباد پولیس میں تقرروتبادلے متعدد ایس ایچ اوز کو تبدیل کر دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد پولیس میں تقرروتبادلے متعدد ایس ایچ اوز کو تبدیل کر دیا گیا ایس ایس پی جعفرآباد نے پولیس میں تقرروتبادلے کر دیئے جس کے مطابق انسپکٹر محمد خان محمد حسنی ایس ایچ او حفیظ آباد صدر پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار انسپکٹر محمد عیسی کھوسو ایس ایچ او کیٹل فارم تھانہ جبکہ انسپکٹر محمد مراد بھنگر ایس ایچ او سٹی پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار تعینات کر دیئے گئے۔

اساتذہ اپنی حاضری کو ہر صورت یقینی بنائیں، اسرار احمد

اسسٹنٹ کمشنر نے تدریسی و غیر تدریسی عملے کی حاضری کا رجسٹر چیک کیا

شاہرگ (خ ن) انتظامی امور کی بہتری اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر خوست اسرار احمد شاہوانی نے تحصیل شاہرگ کا دورہ کرتے ہوئے مختلف سرکاری اداروں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کلی ہمبو شاہرگ اور رورل ہیلتھ سینٹر (آر ایچ سی) شاہرگ کی کارکردگی اور انتظامی صورتحال کا جائزہ لیا۔ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کلی ہمبو شاہرگ کے معائنے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے تدریسی و غیر تدریسی عملے کی حاضری کا رجسٹر چیک کیا اور کلاس رومز کا دورہ کر کے طالبات سے ان کی تعلیم اور تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے گفتگو کی۔ انہوں نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ وہ اپنی حاضری کو ہر صورت یقینی بنائیں تاکہ طالبات کا قیمتی وقت ضائع نہ ہو۔ اسسٹنٹ کمشنر نے اساتذہ پر زور دیا کہ اسکول میں طالبات کی بہترین نشوونما اور معیاری تعلیم کے لیے سازگار اور پرامن ماحول فراہم کیا جائے۔ بعد ازاں، اسسٹنٹ کمشنر نے رورل ہیلتھ سینٹر (آر ایچ سی) شاہرگ کا دورہ کیا۔ تفتیش کے دوران انہوں نے میڈیکل و پیرا میڈیکل اسٹاف کی حاضری، ہسپتال میں ادویات کے ذخائر اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے فارمیسی کا معائنہ کرتے ہوئے بنیادی اور ضروری ادویات کی دستیابی کی تصدیق کی اور ہسپتال کے مختلف وارڈز میں صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کی سخت ہدایات جاری کیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ تعلیمی اداروں اور صحت کے مراکز میں غفلت یا غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو ان کی دہلیز پر صحت اور تعلیم جیسی بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اس طرح کے سرپرائز وزٹس کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔

کوئٹہ، آریا انسٹیٹیوٹ اور بیوٹمز کے اشتراک سے نوجوانوں کی ذہنی صحت سے متعلق منعقدہ سیمینار کے اختتام پر ای او آریا انسٹیٹیوٹ سہیل خان کارڈن خورشید بروچہ، ڈاکٹر میر واکس کاسی، اورنگزیب بادینی کو شیلڈ دے رہے ہیں

کوئٹہ: بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ دیہی خواتین کو کاروباری لحاظ سے بااختیار بنانے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بقیہ 1
شہر الخا کے قریب اہم علاقوں پر قبضے کے لیے بھی کارروائی شروع کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق سعودی قیادت میں قائم اتحاد نے بدھ کو دعویٰ کیا تھا کہ اس نے یمن کے صوبوں صعدہ، حدیدہ، الجوف اور مرب میں حوثیوں کے 82 فوجی اہداف تباہ کر دیئے ہیں، ان میں بیلسٹک میزائلز کی 11 ذخیرہ گاہیں، کمانڈ اینڈ کنٹرول مراکز، مواصلاتی نظام اور اسلحے کے ذخائر بھی شامل تھے۔ سعودی اتحاد کے مطابق یہ کارروائیاں ریاض کے شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے اور ابہا بین الاقوامی ہوائی اڈے پر حوثیوں کے حملوں کے بعد کی گئیں۔ سعودی حکام کے مطابق ان حملوں میں مجموعی طور پر 3 افراد ہلاک ہوئے جبکہ ریاض کے ہوائی اڈے پر 1 شخص ہلاک اور 8 زخمی ہوئے۔ ابہا ہوائی اڈے کی تنصیبات پر حملے میں 2 افراد ہلاک اور 28 زخمی ہوئے۔

بقیہ 2
سے مشرقی یروشلم میں برطانوی قونصل خانہ بند کرنے کے حکم کے بعد برطانیہ نے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اصرار کیا کہ عمارت بند نہیں ہوگی، بطور برطانوی مشن کام کرتے رہیں گے۔ برطانوی وزیر خارجہ نے کہا کہ جمعرات سے قونصل خانے کو برطانوی مشن یروشلم کے نام سے پکارا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ اسرائیل کو قونصل خانہ بند کرنے کا حق ہے، مشرقی یروشلم ایک مقبوضہ علاقہ ہے۔ برطانوی وزیر خارجہ نے ایک مرتبہ پھر برطانوی موقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی خدشات کے سبب عملے کو عارضی طور پر واپس بلایا ہے، برطانوی مشن فلسطینی عوام کے ساتھ کام جاری رکھے گا۔

بقیہ 3
مختلف مواقع پر بات کر چکی ہیں۔ میگھن اور شہزادہ ہیری نے اکتوبر 2020 میں لڑکیوں کے عالمی دن کے موقع پر ملالہ یوسفزئی کے ساتھ آن لائن گفتگو میں شرکت کی تھی، جس میں لڑکیوں کی تعلیم کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا گیا تھا۔ اس ملاقات کے بعد ملالہ نے کہا تھا کہ میں اور میگھن اس بات پر متفق ہیں کہ جب لڑکیوں کو تعلیم تک رسائی حاصل ہوتی ہے تو اس کا فائدہ پوری دنیا کو ہوتا ہے۔ اب کئی برس بعد دونوں کی دوبارہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب لڑکیوں کا عالمی دن قریب ہے، جس کے باعث ایک نئے مشترکہ منصوبے پر بات چیت کے امکانات ظاہر کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 4
مطابق جے ڈی وینس نے سوال اٹھایا کہ اگر ایران جوہری ہتھیار نہیں بنانا چاہتا تو اسے 60 فیصد تک افزودہ یورینیم کی ضرورت کیوں ہے؟ جے ڈی وینس کے اس بیان سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ واشنگٹن ایران سے یورینیم کی افزودگی مکمل طور پر ختم کرنے کے بجائے اسے محدود کرنے پر غور کر سکتا ہے۔ ادھر عالمی جوہری توانائی ایجنسی کے مطابق ایران نے یورینیم کو 60 فیصد تک افزودہ کیا ہے، جوہری ہتھیار بنانے کے لیے تقریباً 90 فیصد افزودگی درکار ہوتی ہے، ایجنسی کے مئی 2025 کے جائزے میں ایران میں منظم جوہری ہتھیاروں کے پروگرام کے قابل اعتماد شواہد بھی نہیں ملے تھے۔ دوسری جانب امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے بھی واضح کیا ہے کہ ایران کو جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی کہہ چکے ہیں کہ جنگ کا خاتمہ اچھے یا برے طریقے سے ہوگا۔ ادھر ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے امریکا سے مذاکرات کو بے فائدہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر بار مذاکرات کے بعد ایران پر حملہ کیا گیا۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ انصاف اور برابری کی بنیاد پر مذاکرات ہی تنازع ختم کرنے کا راستہ ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق ماہرین نے تازہ صورت حال سے متعلق کہا ہے کہ جوہری افزودگی کے علاوہ پابندیوں کا خاتمہ، منجمد ایرانی اثاثوں کی بحالی، بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور خطے میں جنگ بندی بھی معاہدے کی بڑی رکاوٹیں ہیں۔ ماہرین نے کہا کہ محدود جوہری افزودگی کی اجازت دینے والا معاہدہ 2015 کے جوہری معاہدے سے مماثلت رکھ سکتا ہے جس سے امریکا 2018 میں الگ ہو گیا تھا۔ اس وقت بنیادی اختلافات پابندیوں، اثاثوں اور آبنائے ہرمز سمیت دیگر معاملات پر برقرار ہیں۔ عرب میڈیا پر دعویٰ کیا گیا ہے کہ ستمبر میں خلیجی ممالک سے تیل کی ترسیل جنگ سے پہلے کی سطح کے 81 فیصد سے زیادہ تک پہنچ گئی ہے، تاہم ماہرین کے مطابق مکمل بحالی کے باوجود سمندری راستے کی سلامتی بدستور ایک اہم مسئلہ ہے۔

بقیہ 5
کی تعداد 22 ہو گئی ہے۔ گورنر ویاچسلاو چاؤس نے ٹیلی گرام پر ایک بیان میں کہا کہ پریلوکی میں بائیس افراد کی موت ہوئی جن میں پانچ بچے بھی تھے، چار کی موت جائے حادثہ پر ہوئی، اور ایک بچہ اسپتال میں دم توڑ گیا۔ چاؤس نے کہا کہ بدھ کی سہ پہر کو ہونے والے حملے نے علاقائی دارالحکومت چرنی ہیو کو بھی نشانہ بنایا اور ایک تین منزلہ عمارت میں آگ لگ گئی، جسے بجھا دیا گیا۔ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے دعویٰ کیا کہ K-101 میزائل نے پریلوکی میں رہائشی عمارت کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ ایئر ڈیفنس میزائلوں کے اضافی پیکجز کی ضرورت ہے، خطرہ ہر روز ہوتا ہے، اور ہر روز، ہماری فضائی دفاعی بیٹریوں کو میزائلوں کو تیار رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ زیلنسکی نے کہا کہ ہم اپنے شراکت داروں کی طرف سے کافی پیداوار کیلئے فوری ترسیل پر بھروسہ کرتے ہیں۔

بقیہ 6
کھڑے طیارہ بردار بحری جہاز میں لگی جسے کئی گھنٹوں کی کوشش کے بعد بجھا دیا گیا۔ فرانسیسی بحریہ نے بتایا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق آگ ممکنہ طور پر کسی اسٹیبلیشن ٹارچ سے کٹنگ کے کام کے دوران لگی۔ حکام کے مطابق واقعے میں کسی شخص کے زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی جبکہ جہاز کے جوہری نظام پر بھی کوئی اثر نہیں پڑا۔ فرانسیسی بحریہ نے واقعے کی مکمل تحقیقات جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ چارلس ڈی گال اگست کے آخر سے ٹولون میں معمول کی تکنیکی دیکھ بھال کے لیے موجود ہے اور اسے دسمبر کے آغاز تک وہیں رہنا ہے۔

بقیہ 7
فریم ورک کا حصہ ہے۔ دونوں ممالک نے اس سے قبل اگست میں ایک عارضی بحری راہداری قائم کرنے، سمندری بارودی سرنگیں صاف کرنے اور مستقبل میں مستقل بحری راستہ بنانے پر اتفاق کیا تھا۔ اس منصوبے میں بحری ٹریفک کے انتظام اور متعلقہ معلومات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے کے طریقہ کار پر بھی کام شامل ہے، تاہم ایران اور عمان کے درمیان محفوظ راستوں کے کوآرڈینیٹس پر اتفاق کا یہ مطلب نہیں کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھول دی گئی ہے یا تجارتی جہازوں کو غیر مشروط اور مکمل محفوظ گزرنے کی ضمانت حاصل ہو گئی ہے۔ ایران پہلے بھی واضح کر چکا ہے کہ آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت کی مکمل بحالی کا انحصار وسیع تر علاقائی حالات پر ہوگا۔ ایرانی حکام کی جانب سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ عمان کے ساحل کے قریب بعض ایسے راستوں کو بند کرنے کا منصوبہ ہے جنہیں تہران غیر قانونی راستے قرار دیتا ہے۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے اور یہاں آمدورفت میں رکاوٹ عالمی تیل اور توانائی کی سپلائی پر نمایاں اثر ڈال سکتی ہے۔

بقیہ 8
ہے، تاہم وہ کسی موجودہ امریکی سینئر کو ان فوجی اڈوں کا معائنہ کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔ عباس عراقچی نے کہا کہ آپ کچھ وقت کیلئے لوگوں کو بے وقوف بنا سکتے ہیں، لیکن تمام لوگوں کو ہمیشہ بے وقوف نہیں بنا سکتے۔ کانگریشنل ریسرچ سروس کی رپورٹ میں ایران جنگ کے دوران 81 امریکی فوجی طیاروں کے تباہ یا نقصان پہنچنے کا ذکر کیا گیا ہے۔

بقیہ 9
برآمدی قوانین کے دائرے میں آتے ہیں اور انہیں بعض ممالک سے گزارنے کی اجازت نہیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق لاجسٹک کمپنی نے دشمن کی پہنچ سے حساس ہتھیاروں کی ٹیکنالوجی دور رکھنے کے امریکی قانون کے تحت پارسل سروس کو پرزہ جات کی شپمنٹ ہانگ کانگ کے راستے نہ بھیجنے کی ہدایت کی تھی۔ کمپنی ملازم ای میل نہ دیکھ سکا اور آسٹریلیا سے روانگی میں تاخیر کے بعد جلدی بھجوانے کیلئے شپمنٹ جنوبی کوریا اور تائیوان کے بجائے ہانگ کانگ کے راستے سان فرانسسکو روانہ کر دی۔ معاملے سے باخبر ذرائع کے مطابق ضبط شدہ پرزے واپس دینے کی پینٹاگون کی درخواست چین نے مسترد کر دی ہے۔

بقیہ 10
جا رہے ہیں۔ برطانوی وزیر اعظم اینڈی برنہم برلن جائیں گے جہاں وہ جرمن چانسلر فریڈرک مرز کے ساتھ اس حوالے سے ملاقات کریں گے۔ قائدین ایک مشترک سیکورٹی فریم ورک قائم کرنے کیلئے تیار ہیں جس کا مقصد سائبر حملوں، تخریب کاری اور دشمن غیر ملکی اداکاروں بالخصوص روس کی طرف سے دیگر ہائبرڈ خطرات کا مقابلہ کرنا ہے۔ اسٹریٹجک معاہدہ دونوں ممالک کو انٹیلی جنس کا اشتراک اور ممکنہ خطرات کی نگرانی، روک تھام اور ان میں خلل ڈالنے کے لیے کارروائی کرنے کے قابل بنائے گا۔

بقیہ 11
کی اہلیہ کو اس الزام میں حراست میں لے لیا گیا کہ وہ خاتون اول کے عہدے پر اپنے خیراتی ادارے کے لیے ملنے والے عطیات کا غلط استعمال کر رہی تھیں۔ پولیس نے شرانتی راجا پاکسے سے ان کے گھر پر پوچھ گچھ کی اور بعد میں انہیں عدالت کے سامنے پیش کیا جس نے انہیں زیر التوا تحقیقات کیلئے ایک ہفتے کے لیے حراست میں رکھنے کا حکم دیا۔ راجا پاکسے پر الزام تھا کہ اس نے فنڈز کا غلط استعمال کیا جو ان کی چیریٹی کو سرکاری ہسپتال کے لیے اسکینر خریدنے کے لیے مختص اسٹیٹ بینک سے عطیہ کے طور پر ملا تھا۔ بینک کے اس وقت کے سربراہ کو بھی چیریٹی کو رقم جاری کرنے میں مبینہ طور پر طریقہ کار میں رکاوٹ ڈالنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا۔ بعد ازاں عدالت نے انہیں ضمانت پر رہا کر دیا۔

بقیہ 12
مزید بہتر بنانے کیلئے کی جا رہی ہے۔ اس حوالے سے چیف ایگزیکٹیو الیسٹر کوچران نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ملازمتوں میں کٹوتیاں آسان نہیں ہوں گی لیکن یہ عمل ہمارے صارفین اور ساتھیوں کیلئے ایک مضبوط، آسان اور مستقبل کیلئے تیار رائل میل بنانے کا ایک اہم حصہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یونینز، کمیونیکیشن ورکرز یونین (سی ڈبلیو یو) اور یونائیٹ سی ایم اے کے ساتھ منصوبوں پر باضابطہ مشاورت جاری ہے۔ دوسری طرف ڈپٹی جنرل سیکریٹری مارٹن والش نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ رائل میل قومی ادارہ ہے جسے بچانے کے لیے فوری مداخلت ناگزیر ہے۔

بقیہ 13
کی ہے، تاہم ایک شامی سفارت کار نے بتایا کہ شام اس وقت بنیادی طور پر اپنی داخلی ترجیحات، بحالی اور تعمیر نو پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ شامی سفارت کار نے کہا کہ اگر سعودی عرب کسی قسم کے فوجی تعاون یا مہارت کے تبادلے کی درخواست کرتا ہے تو اس پر دونوں ممالک کے درمیان موجود سرکاری اور دوطرفہ معاہدوں کے تحت غور کیا جائے گا۔ تجزیہ کاروں کے مطابق شام کی کسی بھی ممکنہ شمولیت سے تنازع کے فرقہ وارانہ اور علاقائی پہلو مزید پیچیدہ ہو سکتے ہیں۔ ایک امریکی اہلکار نے خبردار کیا کہ شامی فورسز اور حوثیوں کے درمیان براہ راست تصادم حساس نوعیت کے علاقائی ردعمل کو جنم دے سکتا ہے، جس سے تمام فریق گریز کرنا چاہتے ہیں۔ ایگزیوس کے مطابق شام کے عبوری سربراہ احمد الشارع نے حال ہی میں ریاض کا دورہ کیا تھا جہاں انہوں نے سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات کی، تین امریکی حکام نے بتایا ہے کہ شامی صدر احمد الشرع سعودی درخواست پر سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں اور امکان ہے کہ وہ اسے قبول کر لیں گے۔

بقیہ 14
بھی وصول کی۔ تحقیقاتی رپورٹس کے مطابق روبن شائن امارات سمیت دیگر غیر ملکی ایئر لائنز کو بھی سروس فراہم کرتے تھے، اسرائیلی سیکورٹی آفیسر کی ایئر لائنز کیلئے خدمات سے سرکاری مفادات کا ٹکراؤ ہوا۔ اسرائیلی وزارت ٹرانسپورٹ کے سیکورٹی شعبے کے سربراہ آوری کوہن سے بھی تفتیش کی گئی۔ رپورٹس کے مطابق آوری کوہن پر بیرون ملک سیکورٹی ملازمت کرنے کا بھی سنگین الزام ہے، جس کی انہوں سرکاری اجازت بھی نہیں لی۔

بقیہ 15
ایک تبصرے کے معاملے میں توہین مذہب کا مجرم قرار دیا۔ فیصلے کے بعد انوجن سیووارا سا کے لیے سزائے موت کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ اس مقدمے نے سری لنکا میں بڑے پیمانے پر تشویش پیدا کر دی ہے، ملک بھر میں سول سوسائٹی کی جانب سے درخواستیں اور اپیلیں دائر کی جا رہی ہیں، جن میں نوجوان کے معاملے میں رحم اور سزا میں نرمی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سری لنکا کی متعدد سیاسی جماعتوں اور حکومتی اداروں نے بھی اس معاملے پر سفارتی کوششیں شروع کر دی ہیں۔ ان کوششوں کا مقصد سعودی حکام سے نوجوان کے لیے معافی یا سزائے موت میں رعایت کی درخواست کرنا ہے۔ انوجن سیووارا سا ایک تارک وطن مزدور کی حیثیت سے سعودی عرب میں مقیم تھا۔ فیس بک پر کیے گئے مبینہ تبصرے کے بعد اس کے خلاف مقدمہ قائم ہوا، جس کا معاملہ بالآخر اپیلٹ عدالت تک پہنچا۔ سری لنکا میں اس کیس کو انسانی حقوق اور شہری آزادیوں کے حوالے سے بھی اہم قرار دیا جا رہا ہے، جبکہ حکومت، سیاسی حلقوں اور سول سوسائٹی کی کوششیں اب اس بات پر مرکوز ہیں کہ نوجوان کی سزا میں رحم یا قانونی رعایت حاصل کی جا سکے۔

بقیہ 16
ہاتھ میں پکڑے جانے والے تابکاری جانچنے والے آلے سے بھی چیک کیا، ان میں سے ایک کنٹینر میں ہلکے رنگ کا پاؤڈر دکھائی دیا۔ یورینیم 238 افزودہ یورینیم نہیں ہوتا اور اسے براہ راست جوہری بم بنانے کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا، یہ قدرتی طور پر پائے جانے والے یورینیم کا سب سے عام آئسوٹوپ ہے۔ اس کا جوہری بم بنانے کے قابل نہ ہونا غیر قانونی طور پر اس کی خرید و فروخت کو بے ضرر نہیں بناتا، جوہری اور تابکار مواد کو غلط طریقے سے سنبھالنے، غیر قانونی اسمگلنگ اور دیگر خطرناک استعمال کے ممکنہ خدشات کے باعث سختی سے کنٹرول کیا جاتا ہے۔ تحقیقاتی حکام نے تاحال اس غیر ملکی شہری کی شناخت ظاہر نہیں کی جسے مبینہ طور پر یہ مواد فروخت کیا جانا تھا، جبکہ یہ بھی نہیں بتایا گیا کہ مجموعی طور پر کتنی مقدار میں یورینیم موجود تھا۔

بقیہ 17
کے خدشات پیدا ہو گئے جس پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روسی صدر ولادیمیر پیوٹن میں جلد ٹیلی فونک رابطہ متوقع ہے۔ اس حوالے سے صدر ٹرمپ نے کہا کہ پیوٹن سے اس معاملے پر جلد بات ہوگی، دونوں ممالک کے درمیان تفصیلی مشاورت پہلے ہی جاری ہے۔ 28 سالہ دریا شپیلوا گزشتہ ہفتے سائبیریا کے ارکٹسک انسداد طاعون تحقیقی ادارے میں نامعلوم وجہ سے ہونے والے نمونیا کے باعث انتقال کر گئی تھیں۔ روسی حکام کے مطابق متوفی سے رابطے میں آنے والے افراد میں اب تک طاعون کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا ہے اور ان کے جسم میں لیبارٹری کے کام سے منسلک کوئی جرثومہ بھی نہیں ملا۔ یو ایس سینٹرز فار ڈیزیز کنٹرول نے صورت حال کی نگرانی کی تصدیق کی ہے۔ عالمی ادارہ صحت نے کہا کہ دستیاب معلومات کے مطابق عوامی صحت کو خطرہ بہت کم ہے۔ ادارے نے روس سے بیماری کے جرثومے اور شدید نمونیا کی وجہ سے متعلق شفاف معلومات فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 18
کلیئرنس ملنے کے بعد ہی اسے دوبارہ آپریشن میں شامل کیا جائے گا۔ بھارتی ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سول ایوی ایشن (ڈی جی سی اے) نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ ایئر لائن کے ترجمان کے مطابق متعلقہ حکام کو فوری طور پر واقعے سے آگاہ کر دیا گیا تھا۔

بقیہ 19
اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر آفس ہٹیاں بالا میں خصوصی دعائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ صبح 8 بج کر 52 منٹ پر سائرن بجایا گیا، جس کے بعد شہدائے زلزلہ کی یاد میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ ضلع بھر کی مساجد میں بھی تلاوت کلام پاک اور شہدائے زلزلہ کے ایصال ثواب کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقدہ تقریب میں ڈپٹی کمشنر جہلم ویلی عفت اعظم، چیرمین بلدیہ سجاول خان، ضلعی و پولیس افسران، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، علما کرام، بلدیاتی نمائندگان، سول سوسائٹی، تاجروں، میڈیا نمائندگان اور عوام علاقہ نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عفت اعظم نے کہا کہ 8 اکتوبر 2005 آزاد کشمیر کی تاریخ کا ایک انتہائی المناک باب ہے۔ اس ہولناک زلزلے نے ہزاروں خاندانوں کو اپنے پیاروں سے محروم کیا، لاکھوں افراد بے گھر ہوئے جبکہ سرکاری و نجی املاک، تعلیمی اداروں، سڑکوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا۔

بقیہ 20
زرعی مصنوعات جنہیں پلازما یا تابکاری کے عمل سے گزارا گیا، ان کی پیداوار میں کم از کم 30 فیصد اور بعض صورتوں میں 100 فیصد تک اضافہ دیکھا گیا ہے۔ ایران طویل عرصے سے موقف اختیار کرتا آیا ہے کہ اس کے پاس موجود اور افزودہ کیا جانے والا یورینیم پرامن مقاصد کیلئے ہے۔ تہران کے مطابق جوہری ٹیکنالوجی کا استعمال بجلی کی پیداوار، طبی علاج اور سائنسی تحقیق سمیت شہری شعبوں میں کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 21
نے 4 اکتوبر کو پولیس سے شکایت درج کروائی تھی جس کے بعد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خاتون کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزمہ کے قبضے سے 50 ہزار روپے نقد برآمد کیے جبکہ اس کے بینک اکاؤنٹ میں موجود تقریباً 95 لاکھ روپے منجمد کر دیے گئے۔ پولیس کے مطابق نجی کمپنی میں ملازمت کرنے والے انکت اگروال کی ملزمہ سے تقریباً 3 سال قبل ایک آن لائن ایپ کے ذریعے ملاقات ہوئی تھی، ابتدا میں دونوں کے درمیان آن لائن گفتگو ہوئی، بعد ازاں فون نمبروں کا تبادلہ ہوا اور ملاقاتیں بھی ہونے لگیں۔ انکت اگروال کا الزام ہے کہ ملاقاتوں کے بعد میں سوریہ دتہ داس نے مجھے بلیک میل کرنا شروع کر دیا اور رقم کا مطالبہ کیا، ملزمہ مبینہ طور پر دھمکی دیتی تھی کہ مطالبات پورے نہ کیے گئے تو مجھے جھوٹے زیادتی کے کیس میں پھنسا دے گی اور میرے اہل خانہ کو نقصان پہنچائے گی۔ انکت اگروال نے پولیس کو بتایا ہے کہ میں بینک کے ذریعے رقم منتقل کرنے کے ساتھ ساتھ نقد ادائیگیوں کی صورت میں تقریباً 90 لاکھ روپے دے چکا تھا تاہم ملزمہ کی جانب سے مزید رقم کا مطالبہ جاری رہا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 4 اکتوبر کو شکایت موصول ہونے کے بعد پولیس نے ٹیم تشکیل دی اور مزید رقم وصول کرنے کے لیے ملزمہ کو پکڑنے کی کارروائی کی جس کے دوران اسے گرفتار کر لیا گیا۔

بقیہ 22
شرکا کی روک تھام اور جانچ کی۔ یہ مظاہرے فرانسیسی بولنے والے تعلیمی حکام کی طرف سے متعارف کرائے گئے اصلاحاتی منصوبوں کے خلاف ردعمل کے باعث شروع ہوئے، خاص طور پر ٹیوشن فیسوں میں اضافے کے منصوبے۔ واضح رہے کہ بیلجیم فرانسیسی اور ڈچ کو اپنی سرکاری زبانوں کے طور پر تسلیم کرتا ہے۔

بقیہ 23
گودام اور حوثی جنگجوؤں کے اجتماع کے مقامات شامل تھے۔ ترکی المالکی نے کہا کہ یہ فضائی حملے ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ابہا انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حوثیوں کے حملوں کے جواب میں کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ شہری تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حملوں کو بے سزا نہیں چھوڑا جائے گا۔ سعودی حکام کے مطابق حوثیوں کے ایئرپورٹس پر حملوں میں 3 افراد ہلاک اور 36 زخمی ہوئے۔ حوثیوں نے ان حملوں کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے کہا تھا کہ دونوں ہوائی اڈوں کو ڈرونز اور بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا۔ یمن میں حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ حکومتی فورسز کے درمیان لڑائی کے دوران حالیہ دنوں میں کشیدگی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سعودی حمایت یافتہ یمنی فورسز حوثیوں کے قبضے سے مزید علاقوں کو واپس لینے کی کوشش کر رہی ہیں، جبکہ خطے میں جاری وسیع تر تنازع نے بھی یمن کی صورتحال کو مزید پیچیدہ کر دیا ہے۔ تاہم، سعودی اتحاد کی جانب سے تباہ کیے گئے 82 اہداف کی تفصیلات اور نقصانات سے متعلق دعووں کی آزادانہ طور پر فوری تصدیق نہیں ہو سکی۔

بقیہ 24
اکاؤنٹس سے حذف کرنے اور 2,500 شیکل قانونی اخراجات ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق نوعم سولبرگ نے قرار دیا کہ نیتن یاہو کے ذاتی اکاؤنٹس پر ویڈیو کی اشاعت انتخابی قوانین کی خلاف ورزی تھی، کیونکہ اس میں سرکاری وسائل استعمال کیے گئے، جن میں ایک فوجی اڈہ اور اسرائیلی فضائیہ کا طیارہ شامل ہے، تاہم فیصلے میں نیتن یاہو کو ویڈیو اپنے سرکاری سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر برقرار رکھنے کی اجازت دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ نیتن یاہو نے 29 ستمبر کو وسطی اسرائیل میں واقع تل نوف ایئر بیس سے یہ ویڈیو پوسٹ کی تھی، جس کے پس منظر میں اسرائیلی فضائیہ کا ایک طیارہ بھی نظر آ رہا تھا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق ویڈیو میں نیتن یاہو نے خبردار کیا تھا کہ انتخابات سے قبل اسرائیل کو حملوں کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے اشارے مل رہے ہیں کہ ہمارے دشمن انتخابات سے قبل ہم پر حملہ کرنے کی کوشش کریں گے۔ یہ فیصلہ نوعم سولبرگ کی جانب سے اتوار کو نیتن یاہو کے خلاف دائر 5 درخواستیں منظور کیے جانے کے بعد سامنے آیا۔ ان درخواستوں میں نیتن یاہو کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر سرکاری تقاریر اور اسرائیلی فوج کو انتخابی تشہیر کے لیے استعمال کرنے سے متعلق اعتراضات اٹھائے گئے تھے۔ ان درخواستوں میں ایک ایسی ویڈیو بھی شامل تھی جس میں نیتن یاہو جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوجی مورچے کے دورے کے دوران نظر آ رہے تھے۔ سولبرگ نے قرار دیا کہ ایڈٹ کی گئی ویڈیو میں حکومت اور وزیر اعظم کی کامیابیوں کو نمایاں کیا گیا، جبکہ فوجیوں کے حوصلے بڑھانے اور انہیں خراج تحسین پیش کرنے سے متعلق ویڈیو کے بعض حصے حذف کر دیے گئے تھے۔ کمیٹی کے چیئرمین نے کہا کہ یہ یقیناً انتخابی تشہیر ہے، جس پر نیتن یاہو کو پوسٹس حذف کرنے اور 29,000 شیکل قانونی اخراجات ادا کرنے ہوں گے۔ اسرائیل میں کنیسٹ کے انتخابات 27 اکتوبر کو ہونے ہیں، نیتن یاہو کی جماعت لیکوڈ کی قیادت میں حکمران اتحاد کا مقابلہ اپوزیشن جماعتوں سے ہوگا۔

بقیہ 25
تاہم ذرائع نے ساتھ ہی واضح کیا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تاحال ایران کے خلاف حملے کا حتمی فیصلہ نہیں کیا۔ رپورٹ میں ممکنہ کارروائی کے حجم، نوعیت یا اہداف کے بارے میں حتمی تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ اس لیے فی الحال ایران پر بڑے حملے کی اطلاعات کو امریکی میڈیا اور ذرائع کے دعوے کے طور پر دیکھا جا رہا ہے، نہ کہ کسی طے شدہ فوجی آپریشن کے طور پر۔ اگر یہ کارروائی ہوتی ہے تو اس کے امریکا، ایران اور پورے مشرق وسطی کی سیکیورٹی صورتحال پر بڑے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں، تاہم موجودہ اطلاعات کے مطابق واشنگٹن کی جانب سے حملے کے حوالے سے کوئی حتمی اعلان نہیں کیا گیا۔

بقیہ 26
عوامی حقوق کی ترجمان جماعت ہے، حکومت عوامی مسائل حل کرنے پر توجہ مرکوز کریں تو مفاد عامہ کے کاموں میں ان کیلئے کوئی رکاوٹ پیدا نہیں کریں گے، لیکن محض اپنے اور اپنے منظور نظر افراد کو نوازنے کی پالیسیوں کو فروغ دیا گیا تو ایوان کے اندر اور باہر بھرپور احتجاج ہوگا، ہم عوام کے مینڈیٹ سے اسمبلی میں آئے ہیں، اور عوام کے حقوق کا تحفظ کرنا ہمارے فرائض منصبی کا تقاضا ہے، میڈیا سے گفت گو کرتے ہوئے سردار مختار احمد خان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کی پارلیمانی پارٹی میں فیصلہ کیا گیا کہ ہم عوام کے حقوق پر کسی قسم کی مصلحت اختیار نہیں کریں گے، دارالحکومت پورے آزاد کشمیر کا چہرہ ہے، اس کی تزئین و آرائش انتہائی لازم ہے، تاہم مصنوعی کارروائیوں اور دکھاوے کے لیے کیے گئے

بقیہ 27
حوثی باغیوں کے خلاف بڑے فوجی آپریشن کے دوران 1 ہزار 860 جنگجوؤں کو ہلاک یا غیر مسلح کر دیا گیا ہے جبکہ ان کے ٹھکانوں پر 2 ہزار 103 کارروائیاں کی گئی ہیں۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق یمنی فوج کے ترجمان نے بتایا ہے کہ حوثیوں کے خلاف کارروائیاں فجر یمن آپریشن کے تحت مختلف محاذوں پر کی گئی ہیں۔

بقیہ 28
کی بحریہ کو تباہ کر دیا گیا ہے۔ علی محمدی نے پوچھا کہ اگر ایسا ہے تو امریکی افواج آبنائے ہرمز کی جانب پیش قدمی کرنے کے بجائے 600 سے 700 کلو میٹر دور (370 سے 435 میل) کیوں موجود ہیں؟ انہوں نے کہا کہ پاسداران انقلاب کی بحریہ نے خلیج، آبنائے ہرمز اور خلیج عمان میں بحری جہازوں کی نقل و حرکت پر مکمل نگرانی رکھی ہوئی ہے۔

بقیہ 29
یا قابو کرنے کے بعد معمول کے مطابق پرواز جاری رکھنا، تمام ضروری لینڈنگ اجازت نامے حاصل کرنا اور بعد ازاں طیارے کو ہوائی اڈے کی کسی تنصیب یا وہاں کھڑے کسی طیارے سے ٹکرا دینا تھا۔ اسرائیلی میڈیا کا کہنا تھا کہ حمام الحمامی نے تفتیش کاروں کو بتایا کہ میں غزہ کا بدلہ لینے کے لیے یہ کارروائی کر رہا تھا۔ رپورٹ کے مطابق اسی منصوبے کے تحت شریک پائلٹ نے طیارے کے اردن کی فضائی حدود عبور کرنے تک کا انتظار کیا، جس کے بعد اس نے کاک پٹ پر قبضہ کرنے کی کوشش کی۔ حمام الحمامی نے دوران پرواز بھارتی کپتان سمیت عملے پر حملہ کیا اور اسے زخمی کر دیا، تاہم کپتان نے حملے کے باوجود کاک پٹ کا دروازہ کھولنے میں کامیابی حاصل کی۔ بعد ازاں طیارے میں موجود مسافروں کے ایک گروپ نے حملہ آور کو قابو کر لیا، جبکہ ایک مسافر نے طیارے کو مستحکم رکھنے میں مدد دی، بعد میں دو آف ڈیوٹی پائلٹس نے طیارے کے کنٹرول سنبھال لیے۔ پرواز میں 170 سے زائد مسافر اور عملے کے ارکان سوار تھے، جن میں اکثریت اسرائیلی شہریوں کی تھی۔ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے دعویٰ کیا ہے کہ مشتبہ شخص انتہا پسندانہ نظریات سے متاثر تھا اور اس نے طیارہ تباہ کرنے کی کوشش کی۔ اسرائیلی حکام کے مطابق فلائی دبئی کے دیگر عملے کے ارکان کے اس منصوبے میں ملوث ہونے کے شواہد نہیں ملے۔ رپورٹس میں یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ عمانی حکام نے گزشتہ برس حمام الحمامی کو قومی فضائی کمپنی میں پرواز سے روک دیا تھا، جبکہ تفتیش کے دوران اس کے مبینہ انتہا پسندانہ نظریات اور ماضی میں شام میں قیام سے متعلق بھی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 30
معاہدے کا حوالہ دیتے ہوئے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف کو ایک بہترین مذاکرات کار قرار دیا اور کہا کہ انہوں نے کچھ غیر معمولی کام کیے ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ توقع ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ جلد ختم ہو جائے گی۔ انہوں نے ایران کو ایک ناکام ریاست قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ جنگ ختم ہو جائے گی اور یہ بہت جلد ہوگا، اسے بہت جلد ختم ہونا ہے۔ ٹرمپ کے یہ بیانات ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب میڈیا کی رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس نے پینٹاگون سے کہا کہ ایرانی اہداف پر ایسے حملوں کے لیے مختلف آپشنز تیار کرے جنہیں 3 نومبر کو ہونے والے وسط مدتی انتخابات سے قبل عملی جامہ پہنایا جا سکتا ہے۔

بقیہ 31
بعد ملبہ ہٹانے، پہاڑی حصے کو درست کرنے اور متاثرہ مقام پر مٹی کی کھدائی کا کام بھی جاری ہے۔ واضح رہے کہ یہ تنصیب 3 مارچ 2026 کو اسرائیلی حملے کا نشانہ بنی تھی جس میں متعدد عمارتیں تباہ ہوئیں اور زیرزمین حصوں کو بھی نقصان پہنچنے کا امکان ظاہر کیا گیا تھا۔ اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا کہ اس مقام پر ایرانی سائنسدان جوہری ہتھیاروں سے متعلق ایک اہم حصے کی تیاری پر خفیہ طور پر کام کر رہے تھے۔ انسٹی ٹیوٹ فار سائنس اینڈ انٹرنیشنل سیکیورٹی کے مطابق موجودہ سرگرمیاں ممکنہ طور پر ایران کی جانب سے حملے میں تباہ ہونے والی جوہری ہتھیاروں کی تیاری سے متعلق صلاحیت دوبارہ قائم کرنے کی کوشش کی نشاندہی کر سکتی ہیں، تاہم دستیاب سیٹلائٹ تصاویر سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ وہاں جوہری ہتھیاروں کی تیاری دوبارہ شروع ہو چکی ہے۔ دوسری جانب ایران جوہری ہتھیاروں کی تیاری کے الزام کی مسلسل تردید کرتا رہا ہے اور یہ موقف رکھتا ہے کہ ایرانی جوہری پروگرام پرامن مقاصد کے لیے ہے۔

بقیہ 32
ممکنہ علامات کی جانچ کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کی جانب سے 28 سالہ داریا شپیلوا کی موت کی وجہ کے بارے میں ماسکو سے مزید معلومات طلب کی گئی ہیں۔ روس کے صحت کے نگران ادارے نے فوری طور پر واضح کیا کہ سائبیریا میں وبا پھوٹنے کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔ ادھر دوسرے کیس کی اطلاعات کے بارے میں پوچھے جانے پر کریملن کے ترجمان دمتری پیسکوف نے صحافیوں سے کہا کہ اس صورت حال کے حوالے سے میڈیا میں آنے والی معلومات کی اکثریت غلط معلومات پر مبنی ہے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ لوگوں کو صرف روسی صحت کے نگران ادارے روسپوتریب نادزور کے آفیشل بیانات پر انحصار کرنا چاہیے۔

بقیہ 33
کا اعادہ کیا گیا۔ سعودی میڈیا کے مطابق کابینہ کے اجلاس میں علاقائی صورت حال اور عالمی امور کا جائزہ لیا گیا اور کابینہ نے مکہ دفاعی اتحاد کی کمیٹی کے ہنگامی اجلاس کے نتائج کو سراہا۔ کمیٹی کے تینوں ملکوں نے سعودی شہری اور اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی مذمت کی جبکہ مشترکہ دفاعی ذمے داریوں پر فوری عملدرآمد، فوجی تیاری اور باہمی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 34
الزام میں فرد جرم عائد کر دی گئی۔ برطانوی پولیس نے بتایا کہ ٹیڈی ینگ کو منگل کو بیڈفورڈ شائر میں اس کے گھر سے گرفتار کیا گیا جبکہ اس کے خلاف الزامات نومبر 2024 سے مئی 2025 کے دوران مبینہ سرگرمیوں سے متعلق ہیں۔ لندن کاؤنٹر ٹیررازم پولیس کے سربراہ نے کہا کہ حاضر سروس فوجی اہلکار کے خلاف الزامات انتہائی سنگین ہیں، یہ معاملہ رائل ایئرفورس کے فیئر فورڈ ایئر بیس پر حالیہ واقعے سے متعلق نہیں۔

بقیہ 35
کو بڑی تعداد میں نشانہ بنایا گیا۔ متاثرین پر مذہبی تبدیلی، گائے ذبح کرنے، بچوں کے اغوا اور دیگر الزامات عائد کر کے تشدد کیا گیا۔ ڈاکٹر ظفر الاسلام خان نے پولیس اور بعض سیاسی عناصر کے کردار پر بھی سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ مجرموں کو بروقت سزا نہ ملنے سے ایسے واقعات کی حوصلہ افزائی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہجوم کے ہاتھوں قتل کے واقعات اس لیے جاری ہیں کہ سیاست دانوں، عوام اور پولیس کے ایک بڑے طبقے نے اسے معمول اور قابل قبول عمل کے طور پر تسلیم کر لیا ہے۔

بقیہ 36
پر چوٹ لگنے کے باعث ہسپتال پہنچا، ایک آیا نے ہسپتال لائے جانے سے 2 روز قبل بچے کو مارا تھا۔ گھر کی تلاشی کے دوران 3 کمروں میں نصب 32 کیمرے برآمد ہوئے، ان کمروں کو بچوں کا تعلیمی مراکز قرار دیا گیا تھا۔ استغاثہ کے مطابق بچوں کو طویل وقت تک میزوں پر بٹھایا جاتا تھا جبکہ کیمروں کے ذریعے ان کی نگرانی اور آیا کے رویے پر نظر رکھی جاتی تھی۔ نگرانی کی ویڈیوز میں خواتین کو بچوں کو تھپڑ مارتے، پیٹتے اور سزا دیتے دیکھا گیا، الزام ہے کہ شوان نے بھی ایک بچے پر تشدد کیا اور ایک موقع پر آیا کو بچے کو مزید زور سے مارنے کی ہدایت دی۔ جوڑے پر یہ الزام بھی ہے کہ انہوں نے بچوں کی دیکھ بھال کرنے والی خواتین کو بچوں کے جسم پر نمایاں نشانات نہ چھوڑنے اور واقعات کے بارے میں جھوٹ بولنے کی ہدایت کی۔ حکام نے جولائی 2025 میں کارروائی کرتے ہوئے تمام 21 بچوں کو جوڑے کی تحویل سے لے لیا، بچوں کی عمریں 2 ماہ سے 13 سال تک ہیں جبکہ زیادہ تر کی عمریں 1 سے 3 سال کے درمیان ہے، تمام بچے اس وقت ریاستی تحویل میں ہیں۔

بقیہ 37
ہوگئے اور موجودہ قرض پروگرام کے تحت اسٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا ہے، جس کے بعد پاکستان کے لیے مجموعی طور پر 1.21 ارب ڈالر کی مالی معاونت کی منظوری کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری کے بعد پاکستان کو موجودہ ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی (ای ایف ایف) پروگرام کے تحت تقریباً ایک ارب ڈالر جبکہ موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق ریزیلیئنس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی (آر ایس ایف) کے تحت تقریباً 21 کروڑ ڈالر جاری کیے جا سکیں گے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان کے ساتھ ای ایف ایف پروگرام کے پانچویں قسط کے لیے چوتھے جائزے جبکہ آر ایس ایف پروگرام کے تیسرے جائزے کے لیے مذاکرات مکمل ہونے کا اعلامیہ جاری کر دیا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے معاشی اہداف کے حصول کے لیے بہترین کوششیں کیں، جبکہ آئی ایم ایف پروگرام کے نتیجے میں ملک میں معاشی استحکام آیا اور اصلاحات کا عمل تیز ہوا۔ آئی ایم ایف کے مطابق گزشتہ مالی سال کے پہلے تین سہ ماہیوں، یعنی جولائی تا مارچ 2026، کے دوران پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح تقریباً 4 فیصد رہی، تاہم مشرق وسطیٰ کے بحران کے باعث معاشی سرگرمی متاثر ہوئی اور مجموعی شرح نمو 3.6 فیصد تک رہی۔ مئی 2026 میں پاکستان میں افراط زر کی شرح بھی بلند سطح پر پہنچ گئی۔ دوسری جانب بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی ترسیلات زر میں بہتری کے باعث ملک کے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کو قابو میں رکھنے میں مدد ملی۔ اعلامیے میں پاکستان کے توانائی کے شعبے میں اصلاحات جاری رکھنے، واجبات کی وصولی بہتر بنانے اور پیداواری لاگت کم کرنے کے لیے اقدامات پر زور دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف نے گیس سیکٹر میں وصولیوں کو بہتر بنانے اور نقصانات کم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا ہے۔ آئی ایم ایف نے حکومت کی پٹرول سبسڈی اسکیم پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اسکیم کو مرحلہ وار ختم کیا جائے اور اسے مزید توسیع نہ دی جائے۔ اعلامیے کے مطابق پٹرول سبسڈی کو صرف مستحق افراد تک محدود رکھا جائے تاکہ مالی وسائل کا مؤثر استعمال یقینی بنایا جا سکے۔ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں کم سرکاری اخراجات پر بھی آئی ایم ایف نے تشویش کا اظہار کیا۔ اعلامیے کے مطابق مالی سال 2025 میں صحت عامہ اور تعلیم پر مجموعی طور پر معیشت کا محض 2.2 فیصد خرچ کیا گیا۔

بقیہ 38
کر دیا جس میں وسیع پیمانے پر فیول اسکیم فوری ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق پاکستان کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدے کے بعد اب پاکستان کو 1.21 ارب ڈالر مل جائیں گے، آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ 1.21 ارب ڈالر فراہم کرنے کی منظوری دے گا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان نے معاشی اہداف کے حصول کیلئے بہترین کوششیں کیں، پاکستان میں آئی ایم ایف کے پروگرام سے معاشی استحکام آیا، پاکستان میں اصلاحات کا عمل تیز تر ہوا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان میں جولائی تا مارچ 2026 میں معاشی ترقی 4 فیصد رہی، مشرق وسطی بحران سے شرح نمو 3.6 فیصد تک متاثر ہوئی، مئی 2026 میں افراط زر بلند ترین سطح پر پہنچا، ترسیلات زر نے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ قابو میں رکھا۔ اعلامیے کے مطابق آئی ایم ایف نے پیٹرول سبسڈی اسکیم مرحلہ وار ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سبسڈی کو مزید وسعت نہ دی جائے اور صرف مستحقین تک محدود ہو، اور وسیع پیمانے پر دی جانے والی فیول اسکیم فوری ختم کی جائے۔

بقیہ 39
میں ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور بحرین کے تعلقات کا جائزہ لیا اور دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطحی روابط میں مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں بالخصوص تجارت، اقتصادی اور سرمایہ کاری کے شعبہ میں تعلقات کے ساتھ ساتھ کثیرالجہتی فورمز پر روابط کے ذریعے دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور اس امر پر زور دیا گیا کہ چیلنجز سے نمٹنے اور تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی سب سے قابل عمل ذرائع ہیں۔

بقیہ 40
رابطہ کیا، محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس نے آل پارٹیز کانفرنس پر مشاورت کی۔ ذرائع نے کہا کہ دونوں اپوزیشن قائدین نے مذاکرات سے متعلق حکمت عملی پر بھی مشاورت کی۔ دوسری جانب چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے جمعیت علما اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے رابطے کی تردید کر دی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میرا مولانا فضل الرحمان سے کوئی رابطہ نہیں ہوا اور نہ ہی ان سے ٹیلیفون پر کوئی گفتگو ہوئی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ کوشش ہے کہ جمہوریت ڈی ریل نہ ہو، کسی بھی اقدام کیخلاف جواب دینے کیلئے پی ٹی آئی نے صف بندی کر رکھی ہے، لانگ مارچ سے قبل کبھی نہیں کہا کہ پی حکومت دہشت گردی کیخلاف اقدامات نہیں کر رہی۔

بقیہ 41
پی پی آئی رہنما اسد قیصر نے کہا کہ حکومت یا مولانا فضل الرحمان کی جانب سے مذاکرات پر کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے مذاکرات ہوئے تھے جبکہ مولانا فضل الرحمان سے اے پی سی سے متعلق ملاقات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ایک روز قبل مولانا فضل الرحمان کی رہائشگاہ پر آخری ملاقات میں اے پی سی پر بات ہوئی تھی۔ اپوزیشن اتحاد کے ترجمان اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ آخری ملاقاتوں کے بعد حکومت یا مولانا فضل الرحمان کا مذاکرات سے متعلق پی ٹی آئی سے کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے مذاکرات سے متعلق اجلاس نہیں بلایا۔ بیرسٹر گوہر ہر چارسدہ میں ہیں، پارٹی کی مرکزی قیادت لانگ مارچ میں شریک ہے۔ اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ سلمان اکرم راجہ سے بات ہوئی، مذاکرات سے متعلق مولانا یا حکومت سے کوئی پیغام نہ بھیجا گیا نہ ملا۔ ترجمان اپوزیشن اتحاد نے کہا کہ مذاکرات کا مکمل اختیار محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کے پاس ہے۔ پی ٹی آئی رہنما جنید اکبر نے کہا کہ پی ٹی آئی نے مذاکرات سے متعلق کوئی زوم اجلاس نہیں بلایا نہ مجھے علم ہے۔

بقیہ 42
فضل الرحمن ملکی سیاست میں ایک بار پھر متحرک ہو گئے۔ حکومتی وفد سے ملاقات کے بعد مولانا فضل الرحمن نے پاکستان تحریک انصاف سے رابطہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمن نے حکومتی وفد سے ملاقات کے بعد پی ٹی آئی قیادت سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور حکومتی پیشکش سے آگاہ کیا جس کے بعد پی ٹی آئی نے ہنگامی اجلاس طلب کر لیا۔ ذرائع نے بتایا کہ پی ٹی آئی کی تمام قیادت زوم پر جاری ہنگامی اجلاس میں شریک ہے۔ واضح رہے کہ مولانا فضل الرحمن نے حکومت کو گورنر راج یا ایمرجنسی نافذ کرنے کے بجائے معاملات افہام و تفہیم سے حل کرنے کا مشورہ دیا تھا جس پر حکومت نے انہیں مذاکرات میں کردار ادا کرنے کے لیے کہا تھا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز حکومتی وفد میں شامل رانا ثنا اللہ، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق اور طارق فضل چوہدری نے مولانا فضل الرحمن سے ملاقات کی تھی۔

بقیہ 43
ازیں حکومت کی مذاکراتی ٹیم نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کر دی، حکومتی ٹیم میں اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، رانا ثنا اللہ اور ڈاکٹر طارق فضل شامل تھے۔ دوسری جانب قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس نے حکومت سے مذاکرات کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات سے مشروط کر دیا ہے اس حوالے سے بتایا گیا کہ محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ سے علامہ راجا ناصر عباس سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور دونوں رہنماؤں نے مذاکرات سمیت آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے مشاورت کی۔

بقیہ 44
موقع پر صوبائی وزراء، مشیران، پارلیمانی سیکریٹریز، اراکین صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر طاہر رشید اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج کی تقریب دراصل ان نوجوان خواتین کی حوصلہ افزائی اور اعتراف کا موقع ہے جنہوں نے اپنے گھروں سے نکل کر ہنر حاصل کیا اور تربیت مکمل کر کے ایک نئے سفر کا آغاز کیا ہے۔ ان کے لیے یہ ایک اہم لمحہ ہے کیونکہ جب موجودہ حکومت نے ذمہ داریاں سنبھالیں تو ایک بڑا چیلنج حکومت اور نوجوانوں کے درمیان موجود فاصلے کو کم کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، کابینہ اور صوبائی اسمبلی کے اراکین نے محسوس کیا کہ نوجوان نسل اور ریاست کے درمیان ایک خلا پیدا ہو چکا ہے، خاص طور پر ریاست کے ساتھ نوجوانوں کی وابستگی میں کمی ایک اہم چیلنج تھی۔ تشدد کو وہ بنیادی چیلنج نہیں سمجھتے، اصل چیلنج نوجوانوں کو ریاست پاکستان کے ساتھ دوبارہ جوڑنا ہے اور اس مقصد کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کو اس مقصد کے لیے اپنے ساتھ شامل کیا تاکہ ریاست، حکومت اور نوجوانوں کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کیا جا سکے اور پروگرام کے شفاف نفاذ کو یقینی بنایا جا سکے۔ اگر حکومت براہ راست اس نوعیت کے منصوبے شروع کرتی تو سرکاری طریقہ کار کے باعث تاخیر اور دیگر انتظامی مسائل پیدا ہو سکتے تھے، اس لیے بی آر ایس پی جیسے ادارے کے ذریعے نوجوانوں کو تربیت، رہنمائی اور عملی معاونت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ پروگرام صرف تربیت اور سرٹیفکیٹ تک محدود نہیں بلکہ نوجوانوں کو ہنر کے بعد کاروبار شروع کرنے کے قابل بنانا اس پروگرام کا بنیادی مقصد ہے۔ بی آر ایس پی حکومت بلوچستان کے تعاون سے تربیت مکمل کرنے والوں کی مسلسل رہنمائی کرے گا، نجی شعبے کی مہارت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے انہیں کاروباری سرگرمیوں کے لیے تیار کیا جائے گا اور حکومت کئی سال تک ان کی معاونت جاری رکھے گی تاکہ وہ اپنے پیروں پر کھڑی ہو سکیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ تربیت یافتہ نوجوان خواتین اور مرد نہ صرف خود روزگار حاصل کریں بلکہ مستقبل میں اپنے خاندانوں اور دیگر نوجوانوں کو بھی ساتھ لے کر آگے بڑھیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن تربیت مکمل کرنے والوں کے سفر کا اختتام نہیں بلکہ نئے سفر کا آغاز ہے، حکومت بلوچستان انہیں اس مقام تک پہنچانے کے لیے ان کا ہاتھ تھامے رکھے گی جہاں وہ اپنے پیروں پر کھڑی ہو سکیں۔ انہوں نے سرحدی اضلاع کے نوجوانوں کے لیے حکومت کے روزگار پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے یہ سوچ کر پروگرام شروع کیا کہ غیر قانونی سرگرمیوں سے وابستہ معیشت کے بجائے نوجوانوں کو قانونی روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ زمباد اور اسمگلنگ نوجوانوں کا مستقبل نہیں ہو سکتے، نوجوانوں کو قانونی معیشت کا حصہ بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی بچیوں کو تشدد کی طرف لے جانے، انہیں خودکش جیکٹس پہنانے اور ریاست مخالف سرگرمیوں کے لیے استعمال کرنے کی کوششیں نہ معاشرے کی روایات سے مطابقت رکھتی ہیں، نہ اسلام اور نہ ہی انسانی اقدار اس کی اجازت دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست مخالف پروپیگنڈے کے ذریعے نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی کوششوں کا مقابلہ تعلیم، ہنرمندی، روزگار اور مواقع فراہم کر کے کیا جا سکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے فیصلہ کیا ہے کہ غیر قانونی دائرے کو محدود کرنے کے ساتھ نوجوانوں کے لیے قانونی دائرے میں ایسے مواقع پیدا کیے جائیں جن کے ذریعے وہ اپنے ہنر کو بروئے کار لا کر کاروبار اور روزگار حاصل کر سکیں۔ اس مقصد کے لیے تربیت، سازگار ماحول، مالی معاونت اور بلاسود قرضوں پر مشتمل ایک جامع پیکیج متعارف کرایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین ان کے لیے خصوصی ترجیح رکھتی ہیں اور انہیں یقین ہے کہ صوبے کی بچیوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں۔ معاشرہ اس وقت حقیقی معنوں میں ترقی کرے گا جب خواتین معاشی اور سماجی میدان میں آگے بڑھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کی مثال ہمارے سامنے ہے کہ خواتین کی معاشی شمولیت نے وہاں کی معیشت کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جب بلوچستان کی خواتین آگے بڑھیں گی تو وہ اپنے بھائیوں، شوہروں اور بچوں کو بھی ترقی اور مثبت سرگرمیوں کی طرف لے جائیں گی۔ حکومت اسی وژن کے تحت خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں مدعو کرنا بھی اسی عزم کا اظہار ہے تاکہ خواتین کو بااختیار بنانے کے حکومتی وژن کو عملی طور پر نمایاں کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت صحت کے شعبے میں بھی جدید اور ڈیجیٹل نظام متعارف کرا رہی ہے اور صوبے میں ڈیجیٹل صحت کے اقدامات کو عالمی سطح پر پذیرائی حاصل ہو رہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت کو سری لنکا میں عالمی کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی مدعو کیا گیا جبکہ اب ناروے میں بھی انہیں مدعو کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بلوچستان حکومت کی جانب سے نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے کی پالیسی کا حصہ ہے اور نوجوانوں کو ان مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کا مقصد نوجوانوں کو ہنرمند، کاروباری اور باعزت شہری بنانا ہے۔ غیر قانونی سرگرمیوں کو چھوڑ کر قانونی دائرے میں آگے بڑھنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے سرحدی اضلاع سے اس پروگرام کا آغاز کیا کیونکہ یہ تاثر دیا جاتا رہا کہ وہاں نوجوانوں کے پاس روزگار کے مواقع نہیں، اس لیے وہ اسمگلنگ کی طرف جاتے ہیں۔ حکومت نے اس سوچ کا عملی جواب دیا ہے اور نوجوانوں کو متبادل مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ سرحدی اضلاع کی ان بچیوں نے اپنے گھروں سے نکل کر تربیت حاصل کی ہے، جو آسان فیصلہ نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی معاشرے سے تعلق رکھنے کے باعث وہ بخوبی سمجھتے ہیں کہ بچیوں کو گھر سے نکل کر تربیت اور روزگار کے لیے آگے آنے میں کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے لیے یہ باعث فخر ہے کہ بلوچستان کی بچیاں ان مشکلات کے باوجود آگے بڑھ رہی ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کے لیے اس پروگرام کو صرف سرحدی اضلاع تک محدود نہیں رکھے گی بلکہ اسے پورے صوبے تک وسعت دی جائے گی۔ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان موجود فاصلے کو مکالمے، بااختیار بنانے، روزگار، ملازمتوں کے مواقع اور میرٹ کی بالادستی کے ذریعے کم کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں 15 ہزار سے زائد اساتذہ بھرتی کیے گئے ہیں اور حکومت نے میرٹ کو بنیادی اصول بنایا ہے۔ انہوں نے میڈیا اور عوام سے کہا کہ اگر کسی بھرتی میں میرٹ کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو اس کی نشاندہی کی جائے۔ حکومت احتساب کے لیے تیار ہے اور میرٹ کی بالادستی کے بغیر معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا وزیراعلیٰ نے کہا کہ کرپشن کے خلاف مہم بھی بھرپور انداز میں جاری ہے، کیونکہ جب تک معاشرے کو کرپشن کی لعنت سے نجات نہیں ملتی اور میرٹ کو فروغ نہیں دیا جاتا، ترقی کا سفر مکمل نہیں ہو سکتا انہوں نے جناح پیپلز ٹرین کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت نے عوام کے لیے پچاس روپے کے کرائے میں جدید سفری سہولت فراہم کی ہے تاکہ مزدور، طلبہ، خواتین اور عام شہری باعزت انداز میں سفر کر سکیں، تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ٹرین پر پتھراؤ، نشستوں کو نقصان پہنچانے اور اس کے پرزے چوری کرنے کے واقعات سامنے آئے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین عوام کے لیے ہے، نہ کہ وزیر اعلیٰ، چیف سیکرٹری یا کابینہ کے اراکین کے لیے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ اپنی سہولیات کی حفاظت خود کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے عوام کو جدید سفری سہولت فراہم کی ہے اور شہریوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ سرکاری املاک کی حفاظت کریں۔ انہوں نے کہا کہ پنک بسوں اور گرین بسوں کی سروسز کو بھی بلوچستان کے دیگر علاقوں تک وسعت دی جا رہی ہے۔ تربت میں گرین بس سروس کے لیے عوامی استعمال کی شرح حوصلہ افزا ہے اور چار بسوں سے شروع ہونے والی سروس کو مزید بڑھایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو صرف روزگار ہی نہیں بلکہ اعلیٰ تعلیم کے مواقع بھی فراہم کر رہی ہے۔ ان کے لیے ہارورڈ اور آکسفورڈ سمیت دنیا کی معروف جامعات میں پی ایچ ڈی پروگرامز اور وظائف کے مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کے لیے پروپیگنڈا استعمال کرتے ہیں، نوجوانوں کو ان کے بجائے تعلیم، ہنر اور ترقی کے مواقع کا انتخاب کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک خاتون کمشنر ایک ڈویژن کی سربراہی کر رہی ہیں، جو خواتین کو آگے لانے کے حکومتی عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے مزید پروگرامز شروع کرے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ رواں سال نوجوانوں کے لیے تین ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اگر بی آر ایس پی، اخوت پاکستان اور محکمہ صنعت و تجارت اس رقم کو مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہیں تو حکومت مزید تین ارب روپے فراہم کرے گی، اس کے بعد اس رقم کو نو ارب اور پھر گیارہ ارب روپے تک بڑھایا جا سکتا ہے۔ حکومت نوجوانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جو نوجوان تشدد کے راستے پر ہیں، ان کے لیے بھی ریاست اور حکومت کے دروازے کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر نوجوان تشدد کا راستہ ترک کر کے قومی دھارے میں شامل ہونا چاہیں تو حکومت انہیں تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ سوچ سمجھ کر کریں اور تشدد کے بجائے عزت، تعلیم، ہنر اور ترقی کا راستہ اختیار کریں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ ان کے لیے ایک طرف تعلیم، روزگار، کاروبار اور دنیا کے بہترین تعلیمی اداروں تک رسائی کے مواقع موجود ہیں، جبکہ دوسری طرف تشدد کا راستہ ہے جس کا انجام تباہی ہے۔ انہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کریں اور ترقی و خوشحالی کا راستہ اختیار کریں۔ وزیر اعلیٰ نے بی آر ایس پی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ادارے کا بنیادی کردار حکومت اور نوجوانوں کے درمیان پل کا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس پروگرام کو صرف بی آر ایس پی کی کاوش کے طور پر پیش نہیں کیا جانا چاہیے بلکہ یہ حکومت بلوچستان کا پروگرام ہے جسے شفافیت اور مؤثر عملدرآمد کے لیے بی آر ایس پی کے ذریعے آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان، صوبائی کابینہ اور صوبائی اسمبلی نوجوانوں کے لیے یہ اقدامات کر رہی ہیں اور ان پروگرامز کی ملکیت حکومت بلوچستان کی ہے۔ بی آر ایس پی سمیت شراکت دار اداروں کا کردار حکومت کے پروگرامز کو شفاف اور مؤثر انداز میں مستحق افراد تک پہنچانا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کے لیے اس پروگرام کو جاری رکھے گی اور سرحدی اضلاع سے شروع ہونے والے اس اقدام کو پورے بلوچستان تک پھیلایا جائے گا۔ نوجوانوں کو بااختیار بنانا، خواتین کو مواقع فراہم کرنا، روزگار پیدا کرنا، میرٹ کو یقینی بنانا اور ریاست کے ساتھ نوجوانوں کی وابستگی مضبوط کرنا حکومت کی پالیسی کا بنیادی حصہ ہے۔ انہوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری صنعت و تجارت، بی آر ایس پی، محکمہ صنعت و تجارت کے متعلقہ حکام اور پروگرام میں کردار ادا کرنے والے تمام اداروں کو سراہتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کے منصوبوں کو عملی شکل دینے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان پر زور دیا کہ نوجوانوں کے لیے آئندہ بھی ایسے مزید پروگرامز کے تصورات سامنے لائے جائیں جنہیں حکومت اپنے شراکت دار اداروں کے تعاون سے عملی جامہ پہنائے گی۔ تقریب کے اختتام پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تربیت مکمل کرنے والی خواتین اور طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے اور ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

بقیہ 45
اضافی بوجھ منتقل ہوگا۔

بقیہ 1

ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن دشمن عناصر کے خلاف سیکیورٹی فورسز جس عزم اور حوصلے کے ساتھ کارروائیاں کر رہی ہیں، وہ قابلِ تحسین ہے۔ قوم اپنے ان بہادر جوانوں کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہے جو اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ملک کے امن کے لیے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ حالیہ واقعات ایک بار پھر اس امر کی ضرورت اجاگر کرتے ہیں کہ دہشت گردی کے خلاف قومی سطح پر اتحاد اور یکجہتی کو مزید مضبوط کیا جائے۔ دہشت گردی کسی ایک علاقے یا طبقے کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے ملک کے امن، معیشت اور مستقبل کے لیے خطرہ ہے۔

بقیہ 2

عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے خیرسگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سابق جنرل قونصل مولانا حبیب اللہ مولوی حمداللہ ودیگر بھی موجود تھے ملاقات میں جے یو آئی نظریاتی کے رہنماؤں نے عالمی برادری اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ افغانستان میں پیدا ہونے والے بحران پر قابو پانے کے لیے معاشی اور انسانی بنیادوں پر فوری مدد فراہم کریں۔ عالمی بینک اور دیگر بین الاقوامی ادارے افغانستان کے ترقیاتی فنڈز اور منجمد کیے گئے اثاثوں کو بلا تاخیر بحال کریں۔ رہنماؤں نے کہا کہ امارتِ اسلامی افغانستان میں ترقی و استحکام: افغانستان میں امن، خوشحالی، ترقی اور استحکام کے ایک نئے دور کا آغاز ہو چکا ہے۔ اسلامی امارتِ افغانستان کی پالیسیاں کسی کے خلاف دشمنی پر مبنی نہیں ہیں، بلکہ یہ افغانستان اور تمام ہمسایہ ممالک کے لیے امن و سلامتی کی علامت ثابت ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ اسلامی امارتِ افغانستان کو رسمی طور پر تسلیم کرے اور اس کی خودمختاری، آزادی اور علاقائی سالمیت کا احترام کرے۔ خطے میں پائیدار امن کی ضمانت اسی صورت میں ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک افغان تعلقات اور افہام و تفہیم: پاکستان اور افغانستان کے درمیان پائیدار امن کے لیے طاقت اور ٹکراؤ کے بجائے تمام مسائل کو افہام و تفہیم اور مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے۔ دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون، احترام اور معاشی شراکت داری وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے۔ تاریخی و مذہبی رشتے: پاکستان اور افغانستان کے تعلقات صرف جغرافیائی سرحدوں تک محدود نہیں ہیں، بلکہ دونوں ممالک اسلامی اخوت، مشترکہ تاریخ، تہذیب اور ثقافت کے ناقابلِ تنسیخ رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں۔ دونوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان کسی بھی قسم کا تصادم یا جنگ پورے خطے اور امتِ مسلمہ کے مفاد میں نہیں ہے۔ تمام متنازع مسائل کو سنجیدگی، بردباری، حکمت اور باہمی اعتماد کے ماحول میں حل کیا جانا چاہیے۔ جے یو آئی نظریاتی کے رہنماؤں نے کہا کہ موجودہ حالات کی نزاکت کا ادراک کہ تمام اسلامی ممالک کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو بے نقاب کیا جائے اور طاقت کے استعمال کے بجائے صرف اور صرف مذاکرات کی میز پر مسائل کا پائیدار حل نکالا جائے۔ اس موقع پر افغان جنرل قونصل مولانا فضل حق شاکر نے جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے رہنماؤں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاک افغان ایک قوم ایک مذہب سے تعلق رکھتے ہیں اور پاکستان کو ہم اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں اوران حالات میں ہمارا یہ کردار ہے کہ ہم ان دونوں برادر ممالک میں پل کا کردار ادا کرے

بقیہ 3

اور وہاں سے ایک خاتون سمیت 49 نشے کے عادی افراد کو گرفتار کر لیا۔ آپریشن کا مقصد منشیات سے متعلقہ سرگرمیوں کی روک تھام اور نشے کے عادی افراد کی بحالی کو ممکن بنانا تھا۔ گرفتار نشے کے عادی افراد کو علاج معالجے کے لئے ریہیبلیٹیشن سینٹر منتقل کر دیا۔

بقیہ 4

محمد نواز شریف کی قیادت میں اقتدار میں آئی ہے اس نے بغیر کسی تعصب کے ملک اور قوم کی خدمت کو یقینی بناتے ہوئے ملک بھر میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا ہے جس سے پاکستان کے لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔ جماعت نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ پارٹی قائد کے وژن پر عمل پیرا ہو کر ملک اور قوم کی تعمیر و ترقی اور خصوصاً بلوچستان کے سلگتے ہوئے حالات کو بہتر بنا کر لوگوں کو ان کا حق دیکر انہیں تعلیم، صحت اور روزگار کی فراہمی، پینے کا صاف پانی اور زندگی کی دیگر بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں۔ اسی وژن پر جماعت صوبے میں اتحادی حکومت کے ساتھ مل کر اپنی بساط کے مطابق اقدامات اٹھا رہی ہے ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کو ماضی کی طرح امن کا گہوارہ بنا کر لوگوں کے اعتماد کو بحال کر کے ان کی حالت زار کو بدل کر نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اور مسائل پر دسترس فراہم کر کے ان کے معیارِ زندگی کو بہتر بنایا جائے کیونکہ بلوچستان کے لوگوں نے ہمیشہ قربانیاں دیکر صوبے کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ تمام مسائل کا حل گفت و شنید کے ذریعے ممکن بنا کر امن کے قیام کو ناگزیر بنایا جائے جو وقت اور حالات کی ضرورت ہے اس میں تمام مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ بلوچستان کے امن کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنایا جا سکے۔

بقیہ 5

کے مطابق فوری اور مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ زیرِ التوا ریونیو کیسز کو غیر ضروری تاخیر کے بغیر نمٹایا جائے، اراضی ریکارڈ کی درستگی، انتقالات، حد بندی اور دیگر معاملات میں شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، جبکہ سائلین کو بار بار دفاتر کے چکر لگانے سے بچانے کے لیے مقررہ مدت کے اندر مسائل کا ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو معاملات میں شفافیت، میرٹ، قانون کی بالادستی اور عوام کو بروقت انصاف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی یا غیر ضروری تاخیر کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور ریونیو امور میں تمام فیصلے میرٹ اور قانون کے مطابق کیے جائیں گے کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے مزید کہا کہ ریونیو کورٹ ڈے کا مقصد شہریوں کو ان کے مسائل کے حل کے لیے مؤثر اور آسان فورم فراہم کرنا ہے تاکہ عوام کو فوری ریلیف مل سکے اور ان کے جائز حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کو محض رسمی کارروائی تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ ہر درخواست پر عملی پیش رفت یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور شہریوں کو ریونیو سمیت دیگر انتظامی معاملات میں درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے باقاعدگی سے کھلی سماعت اور ریونیو کورٹ ڈے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا ریونیو کورٹ ڈے کے دوران متعلقہ ریونیو افسران نے مختلف کیسز اور ریکارڈ سے متعلق معاملات پر ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ بھی دی، جبکہ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام زیرِ التوا کیسز میں پیش رفت کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 6

کارڈ بلاک کیے جا رہے ہیں اور سیاسی و شہری آزادیوں کو انتظامی اختیارات کے ذریعے محدود کیا جا رہا ہے۔ حکومت کو یہ حقیقت فراموش نہیں کرنی چاہیے کہ جمعیت علما اسلام محض ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک صدی پر محیط دینی، سیاسی، جمہوری اور منظم عوامی تحریک ہے۔

بقیہ 7

آئی ممتاز رند، ایم ایس ڈی ایچ کیو اسپتال مس اللہ، ایم ایس ٹی ایچ کیو سنجاوی ڈاکٹر نور الباقی، فرمان اللہ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے بنیادی مراکزِ صحت کی فعالیت، طبی عملے کی حاضری، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس اسٹاف کی دستیابی، مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی دستیابی و تقسیم اور صحت مراکز کے انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام بنیادی مراکزِ صحت کو فعال رکھنے اور عوام کو بروقت و معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس اور دیگر طبی عملے کی حاضری کو یقینی بنانے، ادویات کی دستیابی اور مناسب تقسیم کے ساتھ ساتھ صحت مراکز میں صفائی ستھرائی اور دیگر ضروری انتظامات کو بہتر بنانے پر خصوصی زور دیا۔ اجلاس میں صحت مراکز کی مؤثر نگرانی، عملے کی حاضری اور ادویات کی فراہمی سے متعلق مختلف اہم فیصلے کیے گئے، جبکہ متعلقہ افسران کو ان فیصلوں پر بروقت عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات جاری کی گئیں۔

بقیہ 8

مختلف منصوبوں پر جاری کام کی پیش رفت، تکمیل کی مدت اور دیگر امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے منصوبوں پر جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں پر مقررہ تعمیراتی معیار اور متعلقہ ضوابط کی مکمل پابندی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابلِ قبول نہیں ہوگا، جبکہ منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے کام کی رفتار مزید تیز کی جائے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور کام کے دوران سامنے آنے والے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے تاکہ منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر نہ ہو اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ BSDI پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبے ضلع کی میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، انفراسٹرکچر کی بہتری اور مجموعی ترقی کے حوالے سے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو بہتر سفری، تعلیمی اور دیگر بنیادی سہولیات میسر آئیں گی ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کا عمل جاری رکھا جائے گا تاکہ سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال، تعمیراتی معیار اور منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 9

ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں فون کالز، آن لائن پورٹلز اور ای میلز کے ذریعے ٹیکس دہندگان کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور شکایات کے اندراج، کارروائی اور بروقت ازالے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ٹیکس دہندگان کو رجسٹریشن، انرولمنٹ، ریٹرن فائلنگ اور دیگر ٹیکس امور سے متعلق فراہم کی جانے والی رہنمائی اور معاونت پر بھی غور کیا گیا۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ٹیکس دہندگان کے مسائل اور شکایات کو مؤثر انداز میں حل کرتے ہوئے انہیں ٹیکس سے متعلق معاملات میں بروقت رہنمائی فراہم کی جائے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ٹیکس دہندگان کی سہولت اس کی ترجیحات میں شامل ہے اور BRA ٹیکس دہندگان کو رجسٹریشن، ریٹرن فائلنگ، شکایات کے ازالے اور دیگر ٹیکس امور میں معاونت فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن طور پر دستیاب ہے۔

بقیہ 10

سیکرٹری: آغا ابراہیم شاہ، قلات: امیر مولانا مفتی عبدالسلام |جنرل سیکرٹری: میر مبارک محمد حسنی، قلعہ سیف اللہ: امیر مولانا جمعہ خان |جنرل سیکرٹری: حاجی فتح محمد، ژوب: امیر حافظ حلیم شاہ |جنرل سیکرٹری: عبدالحمید مردانزئی، خاران: امیر مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی / جنرل سیکرٹری قاری محمد اشرف مزارزی، نوشکی: امیر مفتی فدا الرحمن |جنرل سیکرٹری: حافظ محمد جان زہری، چاغی: امیر حافظ عبدالباسط کبدانی |جنرل سیکرٹری: احمد گل، سوراب: امیر مولانا شاہ محمد |جنرل سیکرٹری: عبدالجبار، پشین: امیر مولانا محمد انور |جنرل سیکرٹری: مولانا محبوب، موسیٰ خیل: امیر مولانا عبدالغنی موسیٰ خیل |جنرل سیکرٹری: جلال الدین، قلعہ عبداللہ: امیر مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی |جنرل سیکرٹری: حاجی محمد انور دکی: امیر مولانا عبدالوہاب |جنرل سیکرٹری: شیر خان لونی، گوادر: امیر شیر جان صالح |جنرل سیکرٹری، تربت: امیر مجاہد دشتی |جنرل سیکرٹری: عبدالمجید، ہرنائی: امیر مولانا عبدالغفور کرنچی |جنرل سیکرٹری: عبدالاحد شاہوانی، شیرانی: امیر مولانا نعمت اللہ حریفال |جنرل سیکرٹری: مولانا محمد اسلم، نصیر آباد: امیر مجاہد لطیف کھوسہ |جنرل سیکرٹری: حاجی محمد قاسم کھوسہ جعفر آباد: امیر محمد صدیق جتوئی |جنرل سیکرٹری: ڈاکٹر اللہ بخش لیاقت صحبت پور: امیر مولانا نظام الدین منگریانی |جنرل سیکرٹری: محمد مراد لورالائی: امیر مولانا عبدالناصر |جنرل سیکرٹری: مولانا سید عالم لونی چمن: امیر حاجی فیض اللہ |جنرل سیکرٹری: حاجی امین اللہ کاکوزئی ہرنائی: امیر قاری محمد امین مسلم دوست |جنرل سیکرٹری: سبی: امیر حاجی علی اصغر ابڑو |جنرل سیکرٹری: حافظ محمد حیات زیارت: امیر مولانا احسان اللہ |جنرل سیکرٹری: مولانا عبدالمالک انڈر ودیگر اضلاع کے انتخاب بھی جلد کیا جائے گا قائدین کا خطاب اور تنظیم کی بنیادی ترجیحات اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی امیر مولانا قاری مہراللہ اور صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین نے منتخب عہدیداروں سے حلف لے کر عہدیداروں کو مبارکباد دی اور تاکید کی کہ جماعت کی ذمہ داری ایک عظیم امانت ہے۔

بقیہ 11

انصاف کے پرامن لانگ مارچ اور ان کی تمام مطالبات کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ تحریک انصاف کا لانگ مارچ ملک کے اندر جمہوریت کے استحکام آئین اور قانون کی بالادستی آزاد عدلیہ آزاد پارلمینٹ ملک میں جاری سیاسی معاشی بحران امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال سیاسی قائدین و کارکنوں کی غیر قانونی گرفتاریوں انسانی حقوق کے پامالیوں مہنگائی لاقانونیت اقرباء پروری کرپشن لوٹ کھسوٹ کے خلاف تاریخی جدوجہد ہوگی آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی اس تاریخی جدوجہد میں تحریک انصاف کے حمایت کا اعلان کرتی ہے ہم تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان، شاہ محمد قریشی سمیت ملک بھر قید سیاسی کارکنوں ڈاکٹر ماہ رنگ اور ان کے ساتھیوں علی وزیر، ایمان مزاری، ہادی چٹھہ، ڈاکٹر یاسمین راشد کی فوری رہائی کا بھی مطالبہ کرتے ہیں بیان کہا کہ حکومت فوری طور پر ان کے جائز مطالبات تسلیم کرے اور پرامن ریلی کے شرکاء کے تحفظ کو یقینی بنائے کسی بھی غیر آئینی و غیر قانونی رکاوٹوں سے گریز کرے آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی نے واضح کیا کہ صوبہ خیبر پختونخواہ میں گورنر راج لگانے اور کسی بھی غیر جمہوری عمل اور منتخب حکومت کو گرانے کی کوشش کی گئی تو وکلاء اس کے خلاف شدید احتجاج کریں گے۔

بقیہ 12

ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او گنداخہ انسپکٹر نواب علی جمالی نے فوری طور پر ناکہ بندی کر کے مختلف مقامات پر چیکنگ شروع کر دی۔ پولیس کی کارروائی کے دوران ڈاکو گنداخہ تھانے کی حدود میں سیرواہ کے مقام پر موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ ایس ایچ او نواب علی جمالی نے موٹر سائیکل اپنی تحویل میں لے کر قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد مالک ممتاز علی پندرانی کے حوالے کر دی۔

بقیہ 13

تقابلی جائزہ لیتے ہوئے درستگی عمر سے متعلق معاملات کی جانچ پڑتال کی گئی۔ اجلاس میں متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ تمام کیسز کی مکمل دستاویزی جانچ، قواعد و ضوابط اور دستیاب سرکاری ریکارڈ کی روشنی میں کی جائے تاکہ ریکارڈ میں شفافیت، درستگی اور یکسانیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے ہدایت کی کہ درستگی عمر سے متعلق تمام کیسز کو مقررہ قواعد و ضوابط کے تحت میرٹ اور شفافیت کے ساتھ نمٹایا جائے اور ضروری دستاویزات کی مکمل تصدیق کے بعد ہی حتمی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 14

کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ محکمہ پی ایچ ای کے افسران نے کمشنر سبی ڈویژن کو جاری منصوبوں کی پیش رفت، تکمیل کی صورتحال اور عوام کو صاف پانی کی فراہمی کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ کمشنر عرفان اللہ خان نے جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل، تعمیراتی کام کے معیار کو یقینی بنانے اور عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نوعیت کے منصوبوں میں معیار اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور جاری اسکیموں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ واضح رہے کہ کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان کی جانب سے ڈویژن کے تمام محکموں کی کارکردگی اور پیش رفت کا مرحلہ وار جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں مختلف محکموں کی پروگریس ریویو میٹنگز ون بائی ون روزانہ کی بنیاد پر جاری رہیں گی۔

بقیہ 15

سیکریٹریٹ اسپیکر چیمبر میں ملاقات کے دوران کہی۔ سردار ایاز صادق کو جمال شاہ کاکڑ نے جماعت کی تنظیمی حوالے سے کی جانے والی کاوشوں، اقدامات اور بلوچستان میں پارٹی امور اور صوبے کی حالات کے حوالے سے آگاہ کیا اور تنظیمی معاملات کو بہتر بنانے کے لئے تجاویز بتائیں۔ سردار ایاز صادق نے پارٹی کارکنوں کی وزراء اور عہدیداروں سمیت پارلیمانی نمائندوں سے با آسانی ملاقات کے لئے پارٹی سیکرٹریٹ کے قیام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے حوالے سے تجاویز دیں جس میں صوبائی وزرا اور اراکین پارلیمان کو بھی مشاورت میں شامل کرنے کے متعلق ہدایت دی تاکہ حقیقی طور پر پارٹی کو مضبوط اور فعال تنظیمی ڈھانچہ میں شامل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وہ از خود صوبائی وزراء سے پارلیمانی لیڈر کے ذریعے رابطہ کر کے ان کو پیشرفت سے آگاہ کریں گے جمال شاہ کاکڑ نے ان کی خدمات اور بلوچستان کے کارکنوں کے مسائل کے حل کے لئے ذاتی دلچسپی لینے اور ہمدردانہ رویہ پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 16

سہولیات کی فراہمی کے عمل کو مؤثر بنانے کی ہدایت کی۔ صدر پاکستان نے اس امر پر زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچائے جائیں اور عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دی جائے۔

بقیہ 17

گیا۔ اجلاس میں ایف سی ونگ 155 کرنل ذیشان اسسٹنٹ کمشنر حبیب الرحمن کاکڑ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لطف اللہ غرشین، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن عبدالمالک تاج، اکاؤنٹس آفیسر عبدالغنی پانیزئی، پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج زیارت پروفیسر نقیب اللہ کاکڑ، ڈی او ایمپل میمونہ نیہم، اے ڈی او ایمپل بی بی شاہینہ، ڈسٹرکٹ سپروائزر بی ای ایف فیض اللہ خلجی جے ٹی اے آئینی کے صدر فیروز خان اور آر ٹی ایس ایم بدرالدین سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع زیارت کے دونوں تحصیلوں میں تعلیمی اداروں کی مجموعی صورتحال، تدریسی و انتظامی امور، اساتذہ کی حاضری، طلبہ کے تعلیمی معیار اور اسکولوں میں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے تعلیمی نظام میں مزید بہتری کے لیے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ضلع کی دونوں تحصیلوں میں اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی، جو مختلف سرکاری اسکولوں کے باقاعدہ دورے کر کے تعلیمی و انتظامی صورتحال، اساتذہ کی حاضری اور دیگر امور کا موقع پر جائزہ لیں گی اور اپنی رپورٹ پیش کریں گی۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ مسلسل غیر حاضر رہنے والے اساتذہ کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ غیر حاضر اساتذہ کو شوکاز نوٹس جاری کر کے ان سے جواب طلب کیا جائے گا، جبکہ غیر حاضری کی وجوہات معلوم کرنے کے بعد متعلقہ ضابطے کے مطابق تنخواہوں سے کٹوتی سمیت دیگر محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ سرکاری ملازمین بالخصوص اساتذہ کی بروقت حاضری اور ذمہ دارانہ کارکردگی تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ فرائض میں غفلت، غیر حاضری اور طلبہ کے تعلیمی مستقبل سے متعلق کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 18

پریشان ہیں۔ بدامنی اور قتل و غارت گری سے ہر علاقہ متاثر ہے، معیشت اور تجارت تباہ ہو چکی ہے۔ حکومتی سطح پر روزگار کے مواقع نہیں، نہ ہی سرکار کی طرف سے روزگار اور کاروبار کے لیے کارخانے قائم کیے گئے ہیں، جبکہ بارڈرز کی بندش نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے۔ ہر طرف غربت، بے روزگاری اور پریشانی کے ساتھ بدعنوانی و بدامنی کا دور دورہ ہے، معیشت تباہ، عوام بدحال اور جان و مال غیر محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو بندوق نہیں بلکہ تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع درکار ہیں۔ خیرات نہیں وسائل پر دسترس اور حقوق چاہئیں حکومت فوری طور پر عوامی اعتماد بحال کرنے کے لیے امن ترقی اور خوشحالی کیلئے عملی اقدامات کرے۔ طاقت اور جبر اور فارم 47 کے بجائے حقیقی سیاسی قیادت، عوام سے مخلص قبائلی عمائدین اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر ایسا جامع امن منصوبہ بنایا جائے جو بلوچستان کے عوام کے مسائل کا مستقل حل پیش کر سکے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی ان مظالم اور عوامی مسائل کے خلاف اسمبلی کے اندر و باہر ہر جگہ ہر فورم پر آواز بلند کر رہی ہے، احتجاج، دھرنے اور جلسے کیے جا رہے ہیں۔ عوام جماعت اسلامی کا ساتھ دیں تاکہ امن و امان بحال، انصاف و عدل کا اسلامی نظام قائم اور بلوچستان کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق مل سکیں۔

بقیہ 19

گودام اور ایک جوس مینوفیکچرنگ یونٹ کو سیل کیا گیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کوئٹہ اسپنی روڈ، سی پیک روڈ اور ریلوے سوسائٹی کے علاقوں میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مختلف بیکنگ یونٹس، ہوٹلز، ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، جوس سینٹرز اور دیگر فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کیا۔ اس دوران سنگین خلاف ورزیوں پر دو یونٹس سربمہر کیے گئے جبکہ ایک فوڈ پوائنٹ پر جرمانہ عائد کیا گیا۔ کارروائی کے دوران سیل کیے گئے جوس مینوفیکچرنگ یونٹ میں پروڈکٹ رجسٹریشن اور لیبارٹری رپورٹس کی عدم موجودگی، ناقص اسٹوریج، پروسیسنگ ایریا میں واش روم کی موجودگی اور ورکرز کا حفاظتی لباس کے بغیر کام کرنا سامنے آیا، جس پر فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اسی طرح مصنوعات کی لیبارٹری رپورٹس اور ٹریس ایبلٹی ریکارڈز کی عدم دستیابی، جبکہ جوسز پر تاریخ تیاری اور تاریخ تنسیخ کی ڈبل چپنگ جیسی خلاف ورزیوں پر ایک گودام کو سربمہر کیا گیا۔ علاوہ ازیں فوڈ کارنر کے معائنے کے دوران ناقص صفائی، غیر معیاری اسٹوریج، ریئیڈ آئل کے استعمال، نامناسب ریفریجریشن، درجہ حرارت کنٹرول کے مؤثر نظام کی عدم موجودگی اور بی ایف اے لائسنس نہ ہونے پر بھی کارروائی کی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی حبیب اللہ خان کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ غیر رجسٹرڈ مصنوعات، ناقص صفائی، غیر محفوظ اسٹوریج اور فوڈ سیفٹی اصولوں کی خلاف ورزی کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے قوانین اور بی ایف اے کے مقررہ ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے فوڈ بزنس آپریٹرز پر زور دیا کہ وہ حفظانِ صحت کے اصولوں، صفائی، مناسب اسٹوریج، درجہ حرارت کے کنٹرول اور مصنوعات کی رجسٹریشن سے متعلق تمام قانونی تقاضوں پر سختی سے عمل کریں۔ ڈی جی بی ایف اے نے واضح کیا کہ فوڈ سیفٹی قوانین اور بی ایف اے ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ عوام کو معیاری، محفوظ اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 20

معیشت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جبکہ ادارے کے ملازمین اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور لگن سے انجام دے کر ادارے کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منافع بخش قومی اداروں کو نجی شعبے کے حوالے کرنے کے بجائے اس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، جدید ٹیکنالوجی متعارف کرانے اور پیداواری صلاحیت میں اضافے پر توجہ دی جانی چاہیے۔ پی ایم ڈی سی کو درپیش مسائل حل کر کے اسے مزید منافع بخش اور مضبوط ادارہ بنایا جا سکتا ہے۔ پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین شاہرگ کے جوائنٹ سیکرٹری حاجی محمد یونس ترین نے مطالبہ کیا کہ وفاقی حکومت پی ایم ڈی سی کی نجکاری کے بجائے ادارے میں سرمایہ کاری کرے، ملازمین کے مسائل حل کرے، معدنی شعبے میں اس کے کردار کو مزید وسعت دے، وفاقی حکومت قومی اداروں کے تحفظ، ملازمین کے روزگار کے استحکام اور ملکی معدنی وسائل کے بھرپور استفادے کیلئے جامع پالیسی مرتب کرے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی قومی اور منافع بخش ادارے کی نجکاری سے قبل اس کے معاشی، صنعتی اور ملازمین پر پڑنے والے اثرات کا جامع جائزہ لینا ضروری ہے، پی ایم ڈی سی کو نجی شعبے کے حوالے کرنے کے بجائے اس کے انتظامی و مالی معاملات کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ یہ ادارہ مستقبل میں مزید مؤثر انداز میں ملکی معیشت میں اپنا کردار ادا کر سکے۔ حاجی محمد یونس ترین نے واضح کیا کہ پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین شاہرگ صدر محمد نعیم اور جنرل سیکرٹری نور شاہ کی قیادت میں ملازمین، اپنے ادارے کے تحفظ حقوق کیلئے متحد ہیں اور ادارے کی نجکاری کے فیصلے کی بھرپور مخالفت کریں گے۔

بقیہ 21

کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کی ہدایات دیں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ ان کی تعلیمی کارکردگی میں مزید بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلبہ کی تعلیمی اور اخلاقی تربیت پر خصوصی توجہ دیں اور سکول میں نظم و ضبط، حاضری اور تدریسی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 22

بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں نے بجلی، گیس، پانی، صحت، تعلیم، صفائی، نادرا، ریونیو، اراضی کے مسائل، سڑکوں، امن و امان اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ (ویسٹ) منیر احمد درانی نے شہریوں کے مسائل اور شکایات کو تفصیل سے سنا اور مختلف امور پر موقع پر ہی متعلقہ محکموں کے افسران کو ضروری اقدامات اور مسائل کے فوری حل کے لیے ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا بروقت ازالہ ہے۔ کچلاک میں امن و امان، تعلیم، صحت، کھیل، صفائی، پانی اور دیگر شعبوں کی بہتری کے لیے تمام متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کچلاک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے بلاامتیاز کام کیا جائے گا اور عوامی نمائندوں، قبائلی عمائدین اور شہریوں کی مشاورت سے مسائل کے حل کو یقینی بنایا جائے گا۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید مؤثر بنانا اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر ریلیف فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 23

ورزی ہے بلکہ اس کے باعث شہریوں کو پانی کی فراہمی میں بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ غیر قانونی کنکشنز کی نشاندہی اور ان کے خلاف کارروائی کا سلسلہ مزید مؤثر بنایا جائے انتظامیہ اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ حکام نے واضح کیا کہ شہر میں پانی کی منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے غیر قانونی پانی کی لائنوں اور کنکشنز کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔ سرکاری واٹر سپلائی لائنوں میں غیر قانونی مداخلت یا انہیں نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پانی کے غیر قانونی کنکشنز سے گریز کریں، سرکاری پانی کی لائنوں کو نقصان نہ پہنچائیں اور پانی کے استعمال میں ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ انتظامیہ کے مطابق پانی ایک بنیادی عوامی ضرورت ہے اور اس کی منصفانہ تقسیم یقینی بنانا ضلعی انتظامیہ کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 24

مہمات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے والدین، علماء کرام، قبائلی عمائدین اور عوام کا تعاون ناگزیر ہے، جبکہ کوئی بھی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔

بقیہ 25

فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (FAO) بلوچستان سب آفس کے سربراہ ولید مہدی کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس دوران مراد خان میانخیل، ناصر جمال جوگیزئی اور محمد صادق آغا بھی موجود تھے۔ ملاقات میں صوبے میں زرعی ترقی، لائیو اسٹاک، باغبانی، خوراک کے تحفظ، کسانوں کی تربیت، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے اور دور افتادہ اضلاع میں ترقیاتی پروگراموں کے فروغ سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت میں زراعت، باغات اور لائیو اسٹاک کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ جدید زرعی ٹیکنالوجی، بہتر بیج، آبپاشی کے مؤثر نظام اور موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ طریقہ ہائے کاشت اور کسانوں کی جدید تربیت کے ذریعے زرعی پیداوار میں نمایاں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان میں زراعت، باغات اور لائیو اسٹاک کو جدید خطوط پر استوار کر کے نہ صرف صوبے کو خوراک کے شعبے میں خودکفیل بنایا جا سکتا ہے بلکہ ہزاروں افراد کیلئے روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع بھی پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ اس مقصد کیلئے کسانوں کو جدید ریسرچ، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، مارکیٹ تک رسائی اور ویلیو ایڈیشن کی سہولیات فراہم کرنا ضروری ہے۔ گورنر جعفر خان نے کہا کہ صوبے کے چھوٹے کاشتکاروں، زمینداروں، مالداروں، خواتین اور نوجوانوں کو بھی ترقیاتی پروگراموں کا حصہ بنایا جائے تاکہ دیہی معیشت مضبوط اور مقامی سطح پر روزگار کے مواقع میں اضافہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی، مون سون کی بارشوں اور پانی کی کمی کے تناظر میں کم پانی استعمال کرنے والی فصلوں، جدید آبپاشی اور ماحول دوست زرعی طریقوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر ایف اے او بلوچستان کے سربراہ ولید مہدی نے گورنر بلوچستان کو زرعی یونیورسٹی کوئٹہ کے زیرِ اہتمام 19 اضلاع کے زمینداروں اور کسانوں کیلئے منعقد کیے جانے والے پروگرام میں بطور چیف گیسٹ شرکت کی دعوت دی۔ پروگرام کا مقصد عوام کی صحت عامہ، کسانوں اور زمینداروں کو جدید زرعی طریقوں، پیداواری صلاحیت میں اضافے اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت کو صرف پیداوار تک محدود رکھنے کے بجائے اسے مکمل ویلیو چین، فوڈ پروسیسنگ، کولڈ اسٹوریج، پیکنگ اور مارکیٹنگ سے منسلک کرنا ہوگا تاکہ کسانوں کو ان کی پیداوار کا بہتر معاوضہ مل سکے اور مقامی سطح پر معاشی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو۔

بقیہ 26

بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ آج جمعہ 9 اکتوبر بعد نماز ظہر دوپہر 2 بجے مدرسہ دارالرشاد جامع مسجد چمن پھاٹک میں کریں گے۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ میڈیا سے گفتگو اور شرکاء سے خطاب اور عوامی مطالبات کے حوالے سے دست خطی مہم کا آغاز کریں گے مہم کے مطالبات میں امن کا قیام، پیٹرولیم لیوی کی شکل میں نافذ بھتہ ٹیکس و مہنگائی کے خاتمے، مفت خوروں و نام نہاد وی آئی پیز اور اراکین اسمبلی کو مفت گیس، پیٹرول اور بجلی کی سہولیات کی بندش اور اراکین اسمبلی و پروٹوکول کے لیے 1300 سی سی گاڑیوں کے استعمال کو لازمی قرار دینے سمیت عوامی مطالبات پیش کیے جائیں گے۔ جماعت اسلامی نے کوئٹہ میں موجود تمام صوبائی و ضلعی ذمہ داران ارکان و کارکنان اور عوام سے بھرپور شرکت کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 27

گاڑی بھی تحویل میں لے لی۔ ایس ایچ او تھانہ نیو کچلاک حاجی عبدالغنی کرانی نے منیر اللہ سے ایک کلو چرس اور عصمت سے ایک مسروقہ موبائل برآمد کر لیا قائد آباد پولیس نے بصیر سے 1 کلو 5 گرام چرس ملزم عبدالخالق سے 20 ہزار روپے اور ایک مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیے۔ جبکہ عبداللطیف سے ایک کلو 15 گرام چرس برآمد کی اسی طرح سٹی پولیس نے مفرور ملزم جہانگیر اور تھانہ خروٹ آباد کے عملے نے مفرور ملزم نور زمان تھانہ خروٹ آباد کو حصار کے عملے نے ملزم فیض کو جبکہ تھانہ منظور شہید کے عملے نے 5 ملزمان میروائس، نجیب اللہ، عبدالرحمن، اسماعیل، نصرت کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے پسٹل اور راؤنڈ برآمد کر لیے ملزمان مختلف تھانوں کو مختلف مقدمات میں مطلوب تھے تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 28

ہے۔ جس خبر پر کارروائی کی گئی، وہ اسی کیس کے درج متن پر مبنی تھی اور دیگر میڈیا اداروں نے بھی اسے نشر کیا بلوچستان بار کونسل نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے اور صحافی حماد علی کو غیر ضروری طور پر ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے۔

بقیہ 29

اہلکار پیر جان شہید ہو گیا

بقیہ 30

بازار، مسجد روڈ، سٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، ایئرپورٹ روڈ، عالمو چوک، نواں کلی، بھوسہ منڈی اور سریاب روڈ سمیت مختلف علاقوں میں کی گئیں۔ کارروائیوں کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی، اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ اور اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) کیپٹن (ر) کبیر مزاری نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کے ہمراہ کی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے واضح کیا کہ شہریوں کو معیاری اور محفوظ اشیائے خورونوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے غیر معیاری آٹا فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 31

پندرانی بھی موجود تھے۔ وفد نے یونین کونسل اسماعیلانی کے عوام کو درپیش اجتماعی مسائل کے حوالے سے کمشنر لسبیلہ اور ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کو زبانی اور تحریری طور پر آگاہ کیا۔ انتظامی افسران نے وفد کو مسائل کے حل کے لیے جلد اور فوری اقدامات اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 32

تشویشناک صورتحال کی ایک المناک مثال ہے۔ پشتونخوا میپ ضلع چمن حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کرتی ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے اور چمن میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ پشتونخوا میپ چمن سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ شہید حافظ احسان اللہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل دے۔

بقیہ 33

و امان کی ابتر صورتحال پر شدید تشویش اور احتجاج کا اظہار کیا۔ تحریک شہداء چمن کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کل بروز جمعہ صبح ساڑھے 9 بجے مولوی فتح صاحب جامعہ مسجد سے ایک عظیم الشان احتجاجی ریلی نکالی جائے گی۔ کمیٹی نے شاہرگ کے تمام باشعور، امن پسند اور ذمہ دار شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بڑی تعداد میں احتجاجی ریلی میں شرکت کر کے علاقے میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی آواز بلند کریں۔

بقیہ 34

متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سی ای او عبدالمنان، سوشل انوویشن اکیڈمی کی نمائندہ روزینہ کاکڑ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی دیہی خواتین میں کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، انہیں جدید کاروباری طریقوں سے روشناس کرانے اور اپنے وسائل کو آمدن کے مؤثر ذرائع میں تبدیل کرنے کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین صوبے کی معیشت میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں، بالخصوص دیہی علاقوں میں خواتین دستکاری، زراعت، لائیو اسٹاک، فوڈ پروسیسنگ، گھریلو صنعت، سیاحت اور دیگر شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر نہ صرف اپنے خاندانوں کی معاشی حالت بہتر بنا سکتی ہیں بلکہ مقامی معیشت کے فروغ میں بھی نمایاں کردار ادا کر سکتی ہیں۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ خواتین کو کاروباری مواقع، سرمایہ کاری کے امکانات، مارکیٹ تک رسائی اور کاروبار کے فروغ سے متعلق ضروری معلومات فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کر رہا ہے۔ مجوزہ تقریب کا مقصد دیہی خواتین کو ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے جہاں وہ ماہرین سے رہنمائی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے کاروباری آئیڈیاز اور مسائل بھی پیش کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں موجود باصلاحیت خواتین کو معاشی سرگرمیوں کا حصہ بنانا صوبے کی مجموعی ترقی اور خوشحالی کیلئے ناگزیر ہے۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ خواتین کی کاروباری استعداد بڑھانے اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے کے عمل میں اپنا کردار جاری رکھے گا۔

بقیہ 35

میں 30 فیصد رعایت دی جائے گی جبکہ پولیس شہداء کے بچوں کے لیے ٹیوشن فیس مکمل طور پر معاف ہوگی۔ اس کے علاوہ داخلہ فیس، امتحانی فیس اور دیگر ادارہ جاتی اخراجات میں بھی خصوصی اضافی رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر طاہر علاء الدین نے کہا کہ اس شراکت داری کا مقصد پولیس اہلکاروں کے بچوں کو معیاری تعلیم تک رسائی فراہم کرنا اور پولیس خاندانوں کی تعلیمی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کرنا مقصود ہے۔

بقیہ 36

و خوض کرتے ہوئے اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں مجلس فقہی کے سربراہ مولانا مفتی محمد روزی خان، مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، عبدالغنی شہزاد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، مفتی رضا خان، مفتی سعید احمد، حافظ سراج الدین، مولانا محمد شعیب جدون، حاجی قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل، عبدالباری شہزاد، سیٹھ اجمل خان بازئی، مفتی محمد ابوبکر، مفتی نیک محمد، مولانا سعد اللہ آغا سرفراز احمد شاہوانی، مفتی رشید احمد، حاجی عطاء محمد شمشوزئی، حافظ دوست محمد، مولانا نقیب اللہ ملاخیل سمیت دیگر اراکین عاملہ اور مجلس عمومی کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ شہر میں امن و امان کے قیام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور معاشرتی اقدار کے دفاع کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، موجودہ حالات میں شہریوں کو بے یقینی، خوف اور بدامنی کے حوالے سے نہیں کیا جا سکتا، ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو مکمل تحفظ فراہم کرے اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنائے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ آج 9 اکتوبر بروز جمعہ نمازِ ظہر کے بعد جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی دفتر سے امن ریلی نکالی جائے گی، جو احتجاجی مظاہرے اور جلسے کی صورت اختیار کرے گی، جس میں کارکنان اور شہری بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس نے کہا کہ امن و امان کے معاملے پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اور شہر میں پیدا ہونے والی بدامنی کی تمام تر صورتحال کی ذمہ داری حکومت اور متعلقہ ریاستی اداروں پر عائد ہوگی، حکومت عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور جرائم کے خاتمے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام مزید بدامنی، خوف و ہراس اور سماجی انتشار کے متحمل نہیں ہو سکتے، شہر میں فحاشی و عریانی سمیت ہر ایسے عمل کی حوصلہ شکنی ضروری ہے جو اسلامی، اخلاقی اور معاشرتی اقدار کے منافی ہو۔ اجلاس میں تمام اراکین نے امن و امان کے قیام کے مطالبے کی بھرپور تائید کرتے ہوئے ہاتھ کھڑے کر کے اپنے عزم کا اظہار کیا اور جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی جانب سے منعقد ہونے والی امن ریلی، احتجاجی مظاہرے اور جلسے میں بھرپور شرکت کا اعلان کیا۔ اجلاس کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جمعیت علماء اسلام عوام کے بنیادی حقوق، امن، عزت و ناموس، دینی و اخلاقی اقدار اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر آئینی، جمہوری اور پرامن فورم پر اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔ اجلاس کا آغاز حافظ محمد اکرم کی تلاوت سے ہوا۔ دکی کے شیخ مولانا محمد دین، خلیل احمد آخوندزادہ کے چچازاد بھائی، مولانا علی محمد مہترزئی کے بھائی کی وفات پر ان کی مغفرت کی دعا کی۔

بقیہ 37

افسران نے شرکت کیا جلاس کے دوران فیز ٹو کے تحت سال 2025 میں مختلف اضلاع کے ہسپتالوں اور مراکز صحت میں تعینات کیے گئے ڈاکٹرز اور اسٹاف نرسز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے کمشنر نصیر آباد ڈویژن کو طبی عملے کی حاضری، جائے تعیناتی پر موجودگی، فرائض کی انجام دہی اور مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس جائزے کا مقصد بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ڈاکٹرز اور اسٹاف نرسز کی مدت تعیناتی میں توسیع کے حوالے سے سفارشات مرتب کرنا تھا اجلاس کے دوران ضلع نصیر آباد، جعفر آباد، استامحمد اور جھل مگسی کے ڈپٹی کمشنرز نے بعض ڈاکٹرز کی کارکردگی اور ان کی جائے تعیناتی پر موجودگی کے حوالے سے عدم اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ 38

کو موذی بیماریوں سے بچانے کے لیے حفاظتی ٹیکہ جات کی معمول کی مہم (EPI) کے اہداف کا جائزہ لیا گیا اور دور دراز علاقوں تک اس کی رسائی یقینی بنانے پر زور دیا گیا خسرہ اور روبیلا کے خلاف جاری مہم کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے باقی ماندہ بچوں کو کوریج میں لانے کے لیے حتمی حکمتِ عملی مرتب کی گئی۔ گھر گھر آگاہی اور ویکسینیشن مہمات میں لیڈی ہیلتھ ورکرز کی فعال شمولیت کی تعریف کی گئی اور ان کے فیلڈ کام کو مزید مضبوط بنانے کے اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ ضلع کے مختلف بنیادی مراکزِ صحت کو درپیش انتظامی مسائل، ادویات کی فراہمی اور لاجسٹکس کے چیلنجز پر کھل کر بات کی گئی اور ان کے فوری تدارک کے احکامات جاری کیے گئے اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی کی جانب سے تمام سٹیک ہولڈرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ آپس میں تعاون کو مزید بہتر بنائیں تاکہ ہرنائی کے ہر شہری تک معیاری اور بنیادی صحت کی سہولیات کی بلاتعطل فراہمی ممکن ہو سکے۔

بقیہ 39

علاقوں کا رخ کرنا پڑتا تھا، جس کے باعث انہیں سفری اخراجات، وقت اور دیگر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا، تاہم اب ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز کی سہولت دستیاب ہونے سے مریضوں کو اپنے ضلع میں ہی بروقت علاج کی سہولت میسر آئے گی۔ یاد رہے کہ ڈائیلاسز مشین کی فراہمی اور اس سہولت کے آغاز کے حوالے سے گزشتہ دنوں صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے بھی اس کا افتتاح کیا تھا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ صحت عامہ کی سہولیات میں بہتری اور عوام کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ ضلع کے سرکاری ہسپتالوں میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی اور عوام کو علاج معالجے کی بہتر سہولتیں فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ڈائیلاسز سروس کو مؤثر انداز میں جاری رکھا جائے اور مریضوں کو بروقت، معیاری اور ضروری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈائیلاسز مشین کی فراہمی سے ضلع زیارت اور گرد و نواح کے گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو نمایاں سہولت میسر آئے گی، جبکہ مقامی سطح پر علاج کی سہولت دستیاب ہونے سے مریضوں کے قیمتی وقت اور سفری اخراجات کی بھی بچت ہوگی۔ عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان، محکمہ صحت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ زیارت کی جانب سے صحت کے شعبے میں اس سہولت کے آغاز کو اہم اقدام قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ مستقبل میں بھی ضلع زیارت کے عوام کو مزید جدید اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 40

پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنا بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی اور مشترکہ آبی وسائل کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی خطرناک کوشش ہے، ایسا اقدام پاکستان کے 25 کروڑ عوام کی پانی، غذائی اور توانائی کی سلامتی کو خطرے میں ڈالتا ہے۔ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ جمعرات کو پاکستان، بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے اختتام پر بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ اجلاس انتہائی دوستانہ اور تعمیری ماحول میں منعقد ہوا جس میں پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ دوستی، برادرانہ تعلقات اور باہمی اعتماد کی عکاسی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 50 ویں سالگرہ ہے اور اس موقع پر دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے بتایا کہ مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے پروٹوکول پر دستخط کیے گئے، جو باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط اور وسعت دینے کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس کا اہم نتیجہ متعدد مشترکہ ورکنگ گروپس کو فعال بنانا ہے، جو باقاعدہ رابطے اور مشترکہ وزارتی کمیشن کے فیصلوں پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے میں مدد دیں گے۔

بقیہ 41

ٹائمنز کی خبر عملی طور پر جھوٹی اور من گھڑت ہے۔ وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے جاری کردہ فیکٹ چیک کے مطابق عالمی میڈیا کو ایک بار پھر نشاندہی کی جاتی ہے کہ دو مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے۔ بیان میں کہا گیا کہ افواج کی کسی بھی قسم کی تعیناتی اگر ضروری ہوئی تو اس کی تفصیلات متعلقہ حکام خود فراہم کریں

بقیہ 42

علی باقر نجفی نے مستقل دورانی بنچ ساعت کرے گا جبکہ کیس کی ساعت 15 اکتوبر جمعرات کو ہوگی۔ واضح رہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کیلئے وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کیا گیا تھا، ایڈووکیٹ سلمان صفدر کے ذریعے وفاقی آئینی عدالت میں سزا معطلی کیلئے درخواست دائر کی گئی تھی۔

بقیہ 43

، عالمی برادری کو اس خطرے سے نمٹنے کیلئے ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اپنا بھرپور کردار جاری رکھے گا، پاکستانی پولیس کے افسران اور اہلکار اقوام متحدہ پولیس میں بھی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، پاکستان نے امن مشنز میں 181 جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس کا کہنا تھا کہ پاکستان کی اقوام متحدہ کے امن مشنز میں شرکت ہمیشہ نمایاں رہی ہے، دنیا کے امن کیلئے پاکستان کا کردار قابل ستائش ہے۔ وزیر داخلہ نے قدرتی آفات کے دوران پاکستان کی بھرپور امداد پر جنرل سیکرٹری اقوام متحدہ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 44

کے درمیان فیصلہ سازی پر عمل ہم آہنگی موجود ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر دفاع خواجہ آصف نے بھی خیبر پختونخوا میں فیصلہ کن اقدام کا عندیہ دے دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی صوبائی کابینہ نے گفتگو پر وفاق کو سخت تحفظات ہیں اور اس حوالے سے صدر اور وزیر اعظم دیگر حکومتی حلیف جماعتوں سے بھی رابطے میں ہیں۔ ذرائع کے مطابق وزیر داخلہ کے ذریعے گورنر خیبر پختونخوا کو اہم پیغام دے دیا گیا ہے جس میں انہیں صوبے میں امن و امان کے قیام کے لیے تمام آئینی اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اسی طرح چیف سیکرٹری اور انسپکٹر جنرل پولیس خیبر پختونخوا کو بھی احکامات پہنچا دیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم صورتحال پر اپنی ٹیم سے مسلسل مشاورت کر رہے ہیں۔ حکومتی ٹیم نے گزشتہ روز مذاکرات کے معاملے پر مولانا فضل الرحمن کو بھی اعتماد میں لیا تھا۔ اسپیکر کی قیادت میں رانا ثنا اللہ اور طارق فضل نے صورتحال کی سنگینی سے آگاہ کیا۔ وفاق جلد اہم فیصلوں پر عمل درآمد شروع کر دے گا۔

بقیہ 45

ہوئے کہا کہ بھارت میں خفیہ ایجنسیوں، عدالتوں اور فوج جیسے ریاستی اداروں کو سیاسی مفادات کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پلوامہ، پہلگام، پٹھان کوٹ سمیت متعدد واقعات کا جھوٹا الزام پاکستان پر لگا کر اس کا سیاسی فائدہ حاصل کیا گیا، پہلگام فالس فلیگ پر بھی پارلیمنٹ میں بحث کی بجائے فرضی انکاؤنٹرز میں دہشت گردوں کی ہلاکت کا دعویٰ کیا گیا۔ اجے شکلا نے کہا کہ اس بار مقبوضہ کشمیر میں سابق پاکستانی ایس ایس جی کمانڈو کی شہادت کا ڈرامہ رچایا گیا، جس سے بھارت کو ہزیمت کا سامنا ہوا، بھارت کے پاس کسی چیز کے ثبوت نہیں اگر ہوتے تو عالمی فورمز پر رکھے جاتے جو کہ نہیں رکھے گئے۔ بھارتی صحافی نے کہا کہ یہ سب فالس فلیگ آپریشنز وزیر اعظم آفس میں بیٹھا اجیت دوول کروا رہا ہے، بھارتی میڈیا اجیت دوول کی ایما پر جھوٹی خبریں اور من گھڑت بیانیے چلاتا ہے۔ بھارتی عوام مودی کے سیاسی مفاد کیلئے فالس فلیگ آپریشنز اور افواج کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کے ہتھکنڈے کو پہچان چکے ہیں۔

بقیہ 46

پختونخوا میں دہشت گردوں کی حمایت اور فنانسنگ بند کریں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ روایت بن گئی ہے کہ آپ ہر دو تین ماہ بعد اسلام آباد پر حملہ آور ہوں، مجھے ٹی ٹی پی یا ان کے جو سرپرست ہیں ان کے خلاف ان کا ایک بیان دکھا دیں۔ انہوں نے کہا کہ ان پیسوں کو بھتہ کہہ لیں یا خوشی کے ساتھ کہہ لیں، یہ دیتے ہیں، دہشتگرد خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں دندناتے پھرتے ہیں، صوبائی حکومت کی ان اضلاع میں رٹ نہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ کیا موجودہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا وہاں پر موجود نہیں، یہ ملک کے خلاف پاکستان کے خلاف بددیانتی کی حد ہے، ان کے الحاق یا منصوبہ بندی کا اب سب کو معلوم ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا جس طرح انہوں نے کہا سومنات پر حملہ، یہ ان کے دل کے جذبات کا اظہار تھا، اگر یہ بلیک میلنگ کریں گے تو مستقبل میں ان کی کوئی ریلیف نظر نہیں آ رہا، حکومت ان کو پریشر میں آ کر کوئی ریلیف نہیں دے گی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ مذاکرات کی ٹیبل پر بیٹھ کر واپس گھر جائیں اپنے صوبے کا خیال رکھیں، وہاں دہشتگردوں کی حمایت ترک کریں ان کا فنانس بند کریں، بھول جائیں کہ گن پوائنٹ پر یہ اپنے مطالبات ہم سے منوا لیں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ رات محمود اچکزئی کا بیان دیکھا کہ نواز شریف مری والے گھر بلالیں تو میں چلا جاؤں گا، نواز شریف سے ان کا پرانا تعلق ہے، محمود خان دوسری نسل کا سیاسی ورکر ہے۔ میں محمود خان کو ضرور کہوں گا کہ وہ اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 47

اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی (آر ایس ایف) کے تیسرے جائزے پر اسٹاف سطح کا معاہدہ پاکستان کی معاشی استحکام اور اصلاحات کے سفر میں اہم پیش رفت ہے۔ جمعرات کو یہاں جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ معاہدے سے تقریباً 1.2 ارب ڈالر کی اضافی فنانسنگ کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ آئی ایم ایف کے جائزے کے مطابق مشکل بیرونی ماحول کے باوجود پروگرام پر عملدرآمد مجموعی طور پر درست سمت میں جاری رہا، مضبوط پالیسیوں کے باعث معاشی استحکام برقرار رکھنے میں مدد ملی، جس میں مشرق وسطیٰ کے تنازع کے اثرات سے نمٹنا بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستمبر 2026 کے اختتام تک پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تقریباً 21.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئے جبکہ مالی سال 26-2025 کے دوران ترسیلات زر کی مضبوط آمد کے باعث کرنٹ اکاؤنٹ مجموعی طور پر متوازن رہا۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ آئی ایم ایف نے قرار دیا ہے کہ خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری اور عالمی کیپٹل مارکیٹ تک دوبارہ رسائی بھی پاکستان کی پالیسی ساکھ میں اضافے کی عکاسی کرتی ہے۔ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اخراجات مالی سال 24-2023 کے دوران جی ڈی پی کے 2.2 فیصد سے بڑھ کر مالی سال 202526 میں 2.5 فیصد ہو گئے ہیں، جبکہ مالی سال 27-2026 میں ان اخراجات میں مزید اضافے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے حوالے سے بھی پیش رفت جاری ہے۔

بقیہ 48

اداروں کے درمیان روابط کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار جرمنی کے لئے پاکستان کے نامزد سفیر سلمان شریف سے ایوان صدر میں ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جرمنی کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے اور 2026ء دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کا سال ہے، اس موقع کو دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا کرنے کا نتیجہ خیز موقع بنانے کا خواہاں ہے۔ صدر مملکت نے دوطرفہ تجارت اور کاروباری روابط بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جرمنی یورپی یونین میں پاکستان کی برآمدات کی سب سے بڑی منڈی ہے۔ صدر مملکت نے

[illegible]

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے اقوام متحدہ کے ذیلی ادارہ فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن آفس کے سربراہ ولید مہدی ملاقات کررہے ہیں

ورکر ہی پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، ایاز صادق

پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملک اور قوم کی بہتری کو ممکن بناتے ہوئے مسائل کے حل کو یقینی بنایا ہے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ اقتدار میں آکر ملک اور قوم کی بہتری کو ممکن بناتے ہوئے مسائل کے حل کو یقینی بنایا ہے اور پارٹی قائد میاں محمد نواز شریف کے وژن کے مطابق ملک اور قوم کی تعمیر و ترقی کے لئے اقدامات اٹھاتے ہوئے پارٹی کی تنظیم سازی اور ورکروں کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے کیونکہ ورکر ہی پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ سے اسمبلی (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو ''رائز بلوچستان'' کی تقریب میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سوینئر پیش کررہے ہیں

معیشت میں زراعت، لائیو سٹاک اور باغات کو بنیادی اہمیت حاصل ہے: گورنر بلوچستان

بلوچستان میں دورافتادہ علاقوں کی ترقی کیلئے بین الاقوامی اداروں کے تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے

زراعت، لائیو اسٹاک اور باغبانی کو جدید خطوط پر استوار کرکے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں: گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبے میں انفرااسٹرکچر کی تعمیر، عوامی فلاح و بہبود اور دورافتادہ علاقوں کی ترقی کیلئے اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں سمیت تمام بین الاقوامی تنظیموں کے ساتھ خوشگوار تعلقات برقرار رکھے گئے ہیں جن کے مثبت اثرات تعلیم، صحت، زراعت اور صاف پانی کی فراہمی سمیت مختلف شعبوں میں سامنے آرہے ہیں۔ بلوچستان کے دورافتادہ اور پسماندہ اضلاع میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی خاطر بین الاقوامی ترقیاتی اداروں کے تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ صوبائی حکومت اور متعلقہ ادارے اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر)

بلوچستان بالخصوص ضلع حب کی ترقیاتی رفتار مزید تیز کی جائے

حب ماسٹر پلان کے تحت سیوریج، سڑکوں، نکاسی آب، پانی کی فراہمی، صفائی اور دیگر بنیادی شہری سہولیات کے منصوبوں پر کام جاری ہے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر پاکستان آصف علی زرداری کے بلوچستان کے ترجمان میر علی حسن زہری نے ایوانِ صدر اسلام آباد میں صدر پاکستان آصف علی زرداری سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل اور بالخصوص ضلع حب میں جاری ترقیاتی عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صدر پاکستان آصف علی زرداری نے بلوچستان خصوصاً ضلع حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو مزید تیز کرنے، عوامی مسائل کے حل اور بنیادی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر)

بلوچستان امن، ترقی اور خوشحالی کی سرزمین ہے، دشمن عناصر ملک کا امن ناکام نہیں کر سکے: علی حسن زہری

سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں مستونگ میں کامیاب کارروائی کے دوران متعدد دہشت گردوں کی ہلاکت سیکیورٹی اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کا مظہر

قومی یکجہتی، عوامی تعاون اور سیکیورٹی اداروں کی موثر کارروائیوں کے ذریعے بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کی کوششوں کو مزید آگے بڑھایا جاسکتا ہے

کوئٹہ/ اسلام آباد () پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر پاکستان آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے بلوچستان سمیت ملک بھر میں دہشت گردی کی حالیہ کارروائیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر امن، ترقی اور عوام کے محفوظ مستقبل کے دشمن ہیں، ان کے مذموم عزائم کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے۔ اپنے ایک بیان میں میر علی حسن زہری نے گزشتہ روز ضلع مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ کارروائی کے دوران متعدد دہشت گردوں کی ہلاکت اور بڑی مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی، پیشہ ورانہ صلاحیت اور موثر انٹیلی جنس کا (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

دیہی خواتین کو کاروباری طور پر بااختیار بنانے کیلئے 15 اکتوبر کو خصوصی تقریب ہوگی: بلال خان کاکڑ

بلوچستان کی خواتین کو کاروباری مواقع، مارکیٹ تک رسائی اور سرمایہ کاری سے متعلق رہنمائی فراہم کی جائے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے کے دیہی علاقوں کی خواتین کو کاروباری لحاظ سے بااختیار بنانے کیلئے موثر اقدامات کیے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیراہتمام دیہی خواتین کی کاروباری تربیت اور آگاہی کیلئے 15 اکتوبر کو ایک خصوصی تقریب منعقد کی جائے گی، جس میں بلوچستان بھر کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کو مدعو کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تقریب کی تیاریوں سے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر)

جماعت اسلامی کے زیراہتمام مطالبات کے حق میں دستخطی مہم کا افتتاح آج ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام مطالبات کے حق میں دستخطی مہم کا افتتاح امیر جماعت اسلامی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر)

زیارت میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ اجلاس، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

اسکولوں کی نگرانی کیلئے اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں کمیٹیاں تشکیل، حاضری و کارکردگی پر سمجھوتہ نہیں ہوگا

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ اجلاس میں غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی، اسکولوں کی نگرانی کے لیے کمیٹیاں تشکیل، اساتذہ کی حاضری اور کارکردگی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا فیصلہ۔ ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں تعلیمی امور، سرکاری اسکولوں کی کارکردگی، اساتذہ کی حاضری، طلبہ کے تعلیمی معیار اور تعلیمی سہولیات کی فراہمی سمیت دیگر متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

جے یو آئی نظریاتی کا افغان قونصل خانے کوئٹہ کا دورہ نئے جنرل قونصل کو مبارکباد

افغانستان میں امن، خوشحالی، ترقی اور استحکام کے ایک نئے دور کا آغاز ہو چکا ہے، گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ کی قیادت میں مرکزی صوبائی قیادت کے ایک اعلیٰ سطح کے وفد نے کوئٹہ میں قائم اسلامی امارت افغانستان کے قونصلیٹ کا دورہ کیا۔ وفد میں، مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہراللہ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، صوبائی محتسب مولانا نیاز محمد اور ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا صالح محمد شامل تھے۔ جے یو آئی (نظریاتی) کے وفد نے افغانستان کے نئے نامزد جنرل قونصل مولانا فضل حق شاکر سے ملاقات کی اور انہیں نیا (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات اسداللہ فیض موسمیاتی موافقت کے منصوبوں سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پولیس اہلکاروں اور اُن کے خاندانوں کو خصوصی رعایتیں فراہم کئے جانے کا سلسلہ جاری

بلوچستان پولیس کے لیے تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بڑی پیشرفت' دو اہم معاہدوں کی یادداشت پر دستخط

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پولیس نے اپنے اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کے فلاح و بہبود کے لیے دو اہم معاہدوں پر دستخط کیے ہیں جن کے تحت تعلیم اور صحت کے شعبوں میں نمایاں سہولیات اور مالی رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ اس سلسلے میں بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز (CHS) کے ساتھ الگ الگ مفاہمتی یادداشتوں (MOU) پر دستخط کیے گئے بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن الائنس کے ساتھ طے پانے والے معاہدے کے تحت حاضر سروس اور وفات پا جانے والے ملازمین کے بچوں کو ٹیوشن فیس (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ پولیس کی کارروائی 15 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے مفرور ملزمان، منشیات فروشوں دیگر جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 15 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات غیر قانونی اسلحہ، ایمونیشن، موبائل فون اور ہزاروں روپے برآمد کرلئے۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے مفرور ملزم اسرار اور سہیل احمد سے 515 گرام چرس برآمد کرلی جبکہ ایک نان کسٹم پیڈ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر)

عوامی اعتماد بحال کیا جائے' مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

بلوچستان کے نوجوانوں کو بندوق نہیں تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع درکار ہیں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ورکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ طاقتور طبقات، حکمرانوں اور مقتدر قوتوں کو اہل بلوچستان کو ہر قیمت پر فوری اور دیرپا امن دینا ہوگا۔ بدامنی، بدعنوانی اور دہشت گردی نے پورے بلوچستان کو متاثر کر رکھا ہے۔ طاقت کے استعمال اور فوجی آپریشن کے بجائے امن کے قیام کے لیے مذاکرات، بامقصد بات چیت اور سیاسی حل کا راستہ اختیار کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی شاہراہیں ویران اور عوام (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر)

جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے تمام اضلاع کے امراء اور جنرل سیکرٹریز کے انتخاب کا عمل مکمل

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے تمام اضلاع کے امراء اور جنرل سیکرٹریز کے انتخاب کا عمل صوبائی کنوینئر و امیر مولانا قاری مہراللہ کی زیر نگرانی کامیابی سے مکمل کیا گیا ہے۔ اجلاس میں مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی نے خصوصاً شرکت کی، جبکہ اراکین شوریٰ نے متفقہ طور پر صوبے کے مختلف اضلاع کے لیے درج ذیل عہدیداروں کا انتخاب کیا منتخب عہدیداران کی فہرست اضلاع وار کوئٹہ: امیر شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد حقانی جنرل (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

پولیس کی سٹی نالے میں منشیات فروشوں اور نشے کے عادی افراد کے خلاف آپریشن

خاتون نشے کی عادی سمیت 49 افراد کو حراست میں لیکر ریہیبلیٹیشن سینٹر منتقل کردیا

کوئٹہ (آن لائن) پولیس نے سٹی نالے میں منشیات فروشوں اور نشے کے عادی افراد کے خلاف آپریشن کرکے خاتون نشے کی عادی سمیت 49 افراد کو حراست میں لیکر ریہیبلیٹیشن سینٹر منتقل کردیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی نگرانی میں ایس پی سٹی ڈویژن آصف غفور اور ایس پی قائد آباد ڈویژن کے ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز نے دیگر عملے کے ہمراہ عوامی شکایات پر سٹی نالے میں نشے کے عادی افراد اور منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن کرکے ان کی جھونپڑیوں، پناہ گاہوں اور ٹھکانوں کو نذر آتش کردیا (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس

پیش کردہ ایجنڈے کے مطابق مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں مجلس عمومی کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس کی جانب سے پیش کردہ ایجنڈے کے مطابق مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران حافظ شبیر احمد مدنی نے جماعتی کارکردگی، عبدالصمد حقیار نے شعبہ اطلاعات، حاجی صالح محمد نے شعبہ مالیات جبکہ مولانا علی جان نے شعبہ انصار الاسلام کی کارکردگی رپورٹس پیش کیں، جن پر اراکین نے غور (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا کوئٹہ اور ڈیرہ مراد جمالی میں کریک ڈاؤن

9 فوڈ یونٹس پر جرمانے، 8 کو اصلاحی نوٹسز، گودام اور جوس مینوفیکچرنگ یونٹ سربمہر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا کوئٹہ اور ڈیرہ مراد جمالی میں کریک ڈاؤن، 9 فوڈ یونٹس پر جرمانے، 8 کو اصلاحی نوٹسز، گودام اور جوس مینوفیکچرنگ یونٹ سربمہر ناقص اور غیر معیاری خوراک کے مکمل خاتمے و عوام کو محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صوبہ بھر میں کارروائیاں جاری ہیں۔ صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ہدایات پر کوئٹہ اور ڈیرہ مراد جمالی میں مختلف فوڈ بزنسز کے خلاف کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 9 یونٹس پر جرمانے عائد کیے گئے، 8 کو اصلاحی نوٹسز جاری جبکہ ایک (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر)

پاکستان تحریک انصاف کے پرامن لانگ مارچ اور ان کی تمام مطالبات کی حمایت کا اعلان کرتے ہیں، علی احمد کرد

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد سیکرٹری صدر سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن حسیب جمالی نائب صدر سندھ ممبر پاکستان بار کونسل بیرسٹر صلاح الدین نائب صدر پنجاب ربعیہ باجوہ نائب صدر خیبر پختونخواہ ممبر بار کونسل علی زمان نائب صدر بلوچستان غنی خلجی اور راحب خان بلیدی نے اپنے ایک بیان میں پاکستان تحریک (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

تمام مسائل کا حل گفت وشنید کے ذریعے ممکن بنا کر امن کے قیام کو ناگزیر بنایا جائے، جمال شاہ کاکڑ

جماعت کو فعال اور مضبوط بنانے کے لئے تنظیمی ڈھانچے کی مضبوطی اور فعالیت کیلئے اقدامات اٹھائے گئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ جماعت کو فعال اور مضبوط بنانے کے لئے تنظیمی ڈھانچے کی مضبوطی و فعالیت کیلئے اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور پہلے مرحلے میں صوبائی سیکرٹریٹ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جہاں پر کارکنوں کی با آسانی رسائی اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر سنجیدگی سے حل کرکے ان کے تحفظات اور خدشات کو دور کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے پارٹی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) جب بھی میاں (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)

این سی سی آئی اے کی جانب سے نوٹس بھیجنے اور بار بار طلب کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل نے 92 نیوز کوئٹہ سے وابستہ صحافی حماد علی کو این سی سی آئی اے کی جانب سے نوٹس بھیجنے اور بار بار طلب کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے بلوچستان بار کونسل کے ممبر راحب خان بلیدی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ صحافیوں کو خبروں پر نوٹسز اور مقدمات کے ذریعے دباؤ میں لانا آزادی صحافت اور اظہار رائے کی آزادی کے خلاف (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی ملاقات کررہی ہیں

کراچی: گوادر چیمبر میں گوادر پورٹ و ذوالفقار بلوچ گوادر پورٹ سے ایرانی ٹرانزٹ ''ٹی آر'' اور دیگر تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور درپیش مسائل کے حل سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پی ایم ڈی سی منافع قومی بخش ادارہ، نجکاری قبول نہیں: یونس ترین

پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین ورکرز محمد نعیم اور نور شاہ کی قیادت میں اپنے ادارے کا تحفظ کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین شاہرگ کے جوائنٹ سیکرٹری حاجی محمد یونس ترین نے کہا ہے کہ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) ایک منافع بخش قومی ادارہ ہے اس کی نجکاری کسی صورت قبول نہیں، وفاقی حکومت قومی ادارے کی نجکاری کا فیصلہ واپس لیکر ادارے کو مزید فعال اور مستحکم بنانے کیلئے عملی اقدامات کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ حاجی محمد یونس ترین نے کہا کہ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) ملکی معدنی وسائل کی ترقی، کان کنی کے فروغ اور قومی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

پنجگور میں مسلح افراد کا گھر پر دستی بم سے حملہ اور فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکار شہید

کوئٹہ (آن لائن) پنجگور میں مسلح افراد کا گھر پر دستی بم سے حملہ اور فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کردی پولیس کے مطابق گزشتہ روز پنجگور میں خدابادان میں نامعلوم مسلح افراد نے گھر پر دستی بم پھینکا اور فائرنگ کی جس کے نتیجے میں پولیس (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر)

کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی اجلاس، ڈاکٹرز و طبی عملے کی کارکردگی کا جائزہ

غیر تسلی بخش کارکردگی والے ڈاکٹرز کی تعیناتی میں توسیع روک دی گئی، طبی عملے کی حاضری کی مسلسل نگرانی کی ہدایت

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد ہوا، جس میں سال 2025 میں فیز ٹو کے تحت مختلف اضلاع میں تعینات کیے گئے ڈاکٹرز، اسٹاف نرسز اور دیگر طبی عملے کی کارکردگی، حاضری، جائے تعیناتی پر موجودگی اور فرائض کی انجام دہی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ویدیر لعل، ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ سمیت محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

گنداخہ پولیس کی کارروائی، چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کرکے مالکان کے حوالے کردی

گنداخہ (آن لائن) گنداخہ پولیس کی کارروائی، چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کرکے مالکان کے حوالے کردی تفصیلات کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے امام بخش جمالی تھانے کی حدود، سندھ بلوچستان سرحد کے قریب ممتاز علی پندرانی سے سی ڈی موٹر سائیکل 2024 ماڈل چھین لی اور فرار ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر ڈی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

لورالائی میں ریونیو کورٹ ڈے، اراضی تنازعات اور عوامی شکایات کی سماعت، فوری حل کی ہدایت

ریونیو معاملات میں شفافیت اور قانون کے مطابق بروقت انصاف اولین ترجیح ہے: ڈپٹی کمشنر لورالائی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ریونیو کورٹ ڈے کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں کے ریونیو سے متعلق مقدمات، اراضی کے تنازعات، انتقالات، حد بندی، ریکارڈ سے متعلق امور اور دیگر عوامی شکایات کی سماعت کی گئی اس موقع پر مختلف علاقوں سے آنے والے سائلین نے ڈپٹی کمشنر کے سامنے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے سائلین کے مسائل تفصیل سے سنے اور متعلقہ ریونیو افسران و اہلکاروں کو ہدایات جاری کیں کہ عوامی درخواستوں اور زیر سماعت مقدمات پر قانون و ضابطے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اور بی آر ایس پی کے اشتراک سے شروع کردہ پروگرام ''رائز بلوچستان'' کے تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں

کوئٹہ میں غیر معیاری آٹے کی فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن 24 افراد گرفتار 4 دکانیں سیل

شہریوں کو معیاری و محفوظ اشیائے خورونوش کی فراہمی کیلئے غیر معیاری آٹا فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی: ڈپٹی کمشنر

سریاب روڈ، کواری روڈ، قندھاری بازار، مسجد روڈ، سٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، ایئرپورٹ روڈ، عالمو چوک، نواں کلی، بھوسہ منڈی اور سرکی روڈ سمیت مختلف علاقوں میں کی گئیں

کوئٹہ (خ ن) سوشل میڈیا پر غیر معیاری آٹے کی فروخت سے متعلق سامنے آنے والی خبر پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو غیر معیاری آٹے کے خلاف مؤثر کارروائی کی ہدایات جاری کیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی سخت ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی مشترکہ ٹیموں نے شہر کے مختلف علاقوں میں غیر معیاری گندم سے تیار کردہ آٹا فروخت کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کیں۔ ان کارروائیوں کے دوران 24 افراد کو گرفتار کرکے جیل منتقل کیا گیا جبکہ 4 دکانیں سیل کردی گئیں۔ متعدد دکانداروں کو سخت وارننگ بھی جاری کی گئی۔ یہ کارروائیاں سریاب روڈ، کواری روڈ، قندھاری (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر)

عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کیلئے پہلے سے زیادہ منظم، متحرک اور یکسو ہیں: جمعیت کوئٹہ

رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف حکومت کے ناروا، امتیازی اور انتقامی طرزِ عمل پر اب خاموش تماشائی نہیں بنیں گے، مولانا عبدالواسع

انتظامی دبا، پابندیوں، مقدمات، سفری قدغنوں اور ہراساں کرنے کے حربوں سے جے یو آئی کی قیادت اور کارکنوں کو مرعوب کیا جاسکتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام صوبہ بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف حکومت کے ناروا، امتیازی اور انتقامی طرزِ عمل پر اب خاموش تماشائی نہیں بنیں گے بلکہ اس جبر و زیادتی کے خلاف خم ٹھونک کر میدانِ عمل میں اتریں گے۔ جمعیت علما اسلام کے متعدد رہنماؤں اور کارکنوں کو طویل عرصے سے مسلسل انتظامی دبا، پابندیوں اور انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ حکومت ایک طرف ان واقعات پر اظہارِ یکجہتی اور مذمت کرتی ہے، لیکن دوسری جانب آج تک ہمارے کسی رہنما یا کارکن کے قاتلوں کو قانون کے کٹہرے میں نہیں لایا جاسکا، جبکہ الٹا جمعیت کے رہنماں کے نام فورتھ شیڈول اور ایگزٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کیے جا رہے ہیں، شناختی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کچلاک کا دورہ

طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی اور تدریسی معیار، حاضری و نظم و ضبط بہتر بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کچلاک کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے سکول کے مختلف شعبوں، کلاس رومز اور دیگر سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے طلبہ سے ملاقات کی اور ان سے تعلیمی سرگرمیوں، درپیش مسائل اور سکول میں دستیاب سہولیات کے حوالے سے گفتگو کی۔ انہوں نے اساتذہ سے بھی ملاقات کی اور تعلیمی معیار، تدریسی امور اور طلبہ کو درپیش مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ لی۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کے کلاس رومز، صفائی ستھرائی، تعلیمی ماحول اور دیگر بنیادی سہولیات کا معائنہ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر)

اوتھل: کمشنر لسبیلہ سائرہ عطا سے یونین کونسل اسماعیلانی کے وفد کی ملاقات

اوتھل (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء سے گوٹھ اسماعیلانی کے سماجی کارکن ایم عیسیٰ رونجھ اور مفتی غلام رسول رونجھ کی سربراہی میں یونین کونسل اسماعیلانی کے وفد نے ملاقات کی وفد نے اجتماعی مسائل کے حوالے سے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کو علاقے کے مختلف اہم مسائل پر مشتمل تحریری درخواست پیش کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ و چیئرمین BSDI حمیرا بلوچ اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر لسبیلہ نجیب اللہ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر بحری امور چوہدری جنید سے سینیٹر جان محمد بلیدی، ایم این اے پھلین بلوچ، گوادر چیمبر کے نوید کلمتی اور انجینئر حمید بلوچ ملاقات کررہے ہیں

کچلاک میں کھلی کچہری، شہریوں نے بجلی، گیس، پانی، صحت، تعلیم سمیت مختلف مسائل پیش کردیئے

عوامی مسائل کے حل میں غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، کچلاک کی ترقی کیلئے بلاامتیاز اقدامات ہوں گے: ڈپٹی کمشنر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ (ویسٹ) منیر احمد درانی کی زیر صدارت کچلاک میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کچلاک میں منعقد ہوئی، جس میں رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ویسٹ، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک سمیت محکمہ گیس، واپڈا، صحت، تعلیم، واسا، پی ایچ ای، صفا کوئٹہ، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں کچلاک کے قبائلی، سیاسی و سماجی نمائندوں، عمائدین علاقہ اور شہریوں کی (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر)

گوادر: سرکاری ملازمین کی درستگی عمر سے متعلق کیسز کا جائزہ، تعلیمی اسناد اور سروس ریکارڈ کی جانچ پڑتال

گوادر (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ظہور بلوچ کی زیر صدارت مختلف سرکاری محکموں کے ملازمین کی درستگی عمر سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر سوبان بلوچ سمیت متعلقہ محکموں کے ڈسٹرکٹ ڈرانگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسرز (DDOs) نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم، محکمہ صحت، پولیس، محکمہ زراعت، محکمہ سماجی بہبود، محکمہ مواصلات و تعمیرات (B&R) اور ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کے ملازمین کے تعلیمی اسناد، سروس ریکارڈ اور دیگر سرکاری دستاویزات کی روشنی میں عمر سے متعلق کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ملازمین کے سرکاری ریکارڈ میں درج تاریخ پیدائش اور تعلیمی اسناد میں موجود کوائف کا (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر)

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ سے رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ ملاقات کررہے ہیں

زیارت میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس، بنیادی مراکز صحت کی فعالیت اور طبی سہولیات کا جائزہ

بی ایچ یوز میں عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور صفائی یقینی بنانے کی ہدایت

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں صحت عامہ کی صورتحال، بنیادی مراکزِ صحت (BHU) کی فعالیت، طبی سہولیات کی فراہمی اور محکمہ صحت سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد رفیق مستوئی، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر عبدالغنی کاکڑ، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر مقیت خان کاکڑ، ڈسٹرکٹ سپورٹ مینیجر پی پی ایچ آئی ممتاز رند، ایم ایس ڈی ایچ کیو اسپتال شمس اللہ، ایم ایس ٹی ایچ کیو سنجاوی ڈاکٹر نورالباقی، فرمان (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

لورالائی میں کوئٹہ روڈ پر غیر قانونی پانی کے کنکشنز کے خلاف کارروائی، متعدد کنکشن منقطع

پانی کی منصفانہ فراہمی کیلئے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی: انتظامیہ

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کی سربراہی میں کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ آپریشن میں ضلعی انتظامیہ اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) کے متعلقہ حکام و اہلکاروں نے حصہ لیا کارروائی کے دوران کوئٹہ روڈ کے مختلف مقامات پر قائم متعدد غیر قانونی پانی کے کنکشنز منقطع کیے گئے، جبکہ غیر قانونی طور پر بچھائی گئی پائپ لائنوں اور مشکل مقامات پر موجود کنکشنز کو ہٹانے کے لیے ایکسکیویٹر مشین کا بھی استعمال کیا گیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب نے کہا کہ سرکاری پانی کی لائنوں سے غیر قانونی کنکشن حاصل کرنا نہ صرف قانون کی خلاف (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر)

چمن میں مکمل ڈاکو راج قائم ہے، پشتونخوا میپ

چمن (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع چمن کے جاری کردہ بیان میں مکمل ڈاکو راج پر سخت تشویش، جمعیت طلبا اسلام ضلع چمن کے نائب صدر حافظ احسان اللہ کی شہادت پر گہرے غم اور رنج کا اظہار اور اس المناک واقعے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ چمن شہر اور مضافاتی علاقوں میں بدامنی، ڈکیتی اور لاقانونیت کے بڑھتے ہوئے واقعات نے عوام کو شدید عدم تحفظ سے دوچار کر دیا ہے۔ حافظ احسان اللہ کی شہادت اسی (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر)

ہرنائی میں ماہانہ ہیلتھ ریویو کانفرنس، حفاظتی ٹیکہ جات اور خسرہ روبیلا مہم کی پیش رفت کا جائزہ

بنیادی مراکز صحت میں ادویات، لاجسٹکس اور انتظامی مسائل فوری حل کرنے کی ہدایت: ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں عوامی صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے اور متعدی بیماریوں کے خلاف جاری مہمات کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم 'ماہانہ ہیلتھ ریویو کانفرنس' کا انعقاد کیا گیا ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی ہرنائی کے زیر اہتمام منعقدہ اس کانفرنس میں محکمہ صحت کے تمام متعلقہ افسران، پروگرام مینیجرز اور ڈسٹرکٹ سٹیک ہولڈرز نے بھرپور شرکت کی کانفرنس کے دوران ضلع کے تمام علاقوں میں صحت سے متعلق خدمات، جاری مہمات اور درپیش مسائل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ میٹنگ کے اہم نکات مندرجہ ذیل ہیں بچوں (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

مقررہ مدت میں تکمیل یقینی بنائی جائے: ڈپٹی کمشنر

ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر سمجھوتہ برداشت نہیں

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی نے کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال کے ہمراہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت ضلع دکی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور تعمیراتی کام کی پیش رفت، معیار اور رفتار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال بھی ان کے ہمراہ تھے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر اور کمانڈر 87 ونگ نے وانگی رباط روڈ، ختم نبوت چوک، گورنمنٹ مڈل سکول کلی کریم خان اور گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کلی دکی میں جاری ترقیاتی و تعمیراتی کام کا معائنہ کیا متعلقہ حکام اور تعمیراتی عملے نے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

عوام کو صاف پانی کی فراہمی کیلئے منصوبوں میں معیار و شفافیت یقینی بنائی جائے: کمشنر سبی

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان کی زیر صدارت محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) کی کارکردگی اور پیش رفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ پی ایچ ای کے ایس ای اور ایگزیکٹو انجینئر نے شرکت کی اور کمشنر سبی ڈویژن کو محکمانہ امور اور جاری منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران محکمہ پی ایچ ای کی مجموعی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں، پانی کی فراہمی سے متعلق اسکیموں اور مختلف محکمانہ امور میں ہونے والی پیش رفت (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

چمن: ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت پولیو مہم کا جائزہ اجلاس

رہ جانے والے بچوں کی کوریج یقینی بنانے کی ہدایت

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت حالیہ پولیو مہم کے بعد جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں مہم کی مجموعی کارکردگی، بچوں کی کوریج، فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی، رہ جانے والے بچوں اور درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ صحت اور پولیو پروگرام کے متعلقہ افسران نے شرکت کی اور مہم سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ ضلعی انتظامیہ کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ رہ جانے والے بچوں کی کوریج یقینی بنانے، فیلڈ ٹیموں کی مؤثر نگرانی اور آئندہ پولیو (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر)

شاہرگ: تحریکِ شہداوطن کمیٹی کا احتجاجی مظاہرہ، کل عظیم الشان ریلی کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) تحریک شہداوطن کمیٹی کے زیر اہتمام آج شاہرگ میں شٹرڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال کے ساتھ احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے گزشتہ رات گھروں پر مارٹر گولے گرنے کے واقعے، شہریوں کے جان و مال کو لاحق خطرات اور علاقے میں امن (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر)

ڈی ایچ کیو ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز مشین نصب، باقاعدہ سروس کا آغاز

ڈائیلاسز سہولت سے زیارت و گردونواح کے مریضوں کو کوئٹہ جانے کی ضرورت کم ہوگی: ڈپٹی کمشنر

زیارت (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز مشین کی تنصیب مکمل کرکے باقاعدہ سروس کا آغاز کردیا گیا ہے۔ ڈائیلاسز مشین کا افتتاح ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے کیا، جبکہ اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر رفیق مستوئی ایم ایس شمس اللہ متعلقہ محکمہ صحت کے افسران اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ ڈائیلاسز کی سہولت کا مقامی سطح پر آغاز ضلع زیارت اور گردونواح کے گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کے لیے ایک اہم طبی سہولت ہے، جس سے مریضوں کو علاج کی غرض سے کوئٹہ سمیت دیگر شہروں کا سفر کرنے کی ضرورت کم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل گردوں کے مریضوں کو ڈائیلاسز کے لیے دور دراز (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: رکن قومی اسمبلی حمزہ شہباز سے پاکستان میں تعینات چینی سفیر جیانگ زائی ڈونگ ملاقات کررہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
''روزنامہ عوام''
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ سے صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی' پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی' اراکین صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل' میر یونس عزیز زہری' حاجی میر زابد علی ریکی اور حاجی اصغر خان ترین ملاقات کررہے ہیں